

فیصلہ کیجیئے

بریلوی اور دیوبندی میں کیا فرق ہے؟

علامہ مولانا
شیر محمد جمشیدی



ادارہ افکار فروغ اہلسنت لاہور
(پاکستان)

جاء الحق وزھق الباطل ان الباطل کان زھوقا ○

فیصلہ کیجئے

بریلوی اور دیوبندی

میں کیا فرق ہے؟

علامہ مولانا شیر محمد جمشیدی

ناشر

ادارہ افکار فروغ اھل اھلسنت لاھور پاکستان

نام کتاب	....	فیصلہ کیجئے
	....	(بریلوی اور دیوبندی میں کیا فرق ہے؟)
تصنیف	....	علامہ مولانا شیر محمد جمشیدی
صفحات	....	128
اشاعت	....	مئی 2008ء
ناشر	....	
قیمت	....	60 روپے

ملنے کے پتے

☆......مکتبہ رضویہ، دربار مارکیٹ لاہور ☆......شبیر برادرز، اردو بازار لاہور

☆......کرمانوالہ بک شاپ دربار مارکیٹ لاہور ☆......رضا بک شاپ، شاہ حسین روڈ گجرات

☆............مسلم کتابوی، لاہور ☆......مکتبہ دارالعلم لاہور ☆......مکتبہ معینیہ غوثیہ، پشاور

☆......مکتبہ نوریہ رضویہ، گنج بخش روڈ لاہور ☆......مکتبہ جمال کرم، مستا ہوٹل، لاہور

☆......رضا لائبریری چھاندور تریچ چترال ☆......قلندر لائبریری حضرت علی شاہ قلندر

☆......دارالعلوم تعلیم القرآن والحدیث موڑ کوشٹ چترال۔ ☆......جامعہ غوثیہ معینیہ بیرون یکہ توت گیٹ پشاور شہر۔ 091-2560759

حسن ترتیب

ابتدائیہ

ہر مسلمان کی خدمت میں خصوصی التجا ہے کہ اس رسالہ کو بڑے غور سے بڑی توجہ سے کم از کم تین بار ضرور، ضرور، ضرور پڑھ لیجئے کیونکہ یہ ایمان کا معاملہ ہے اور اگر ایمان ہی درست نہیں تو کوئی عبادت قبول نہیں اس لئے شیطان لاکھ سستی دلائے یا غصہ دلائے لیکن آپ اسے پورا پڑھ کر شیطان کے وار کو ناکام بنا دیجئے۔ اس کتاب کا مطالعہ کرنے کے بعد مصلحت اور عقل مندی سے نہ صرف اپنے بلکہ دوسرے مسلمان بہن بھائیوں کے ایمان کی بھی حفاظت کریں۔ ممکن ہو تو یہ کتاب خرید کر مذکورہ لوگوں کو بھی دعوتِ حق دیں۔ اللہ تعالیٰ نے چاہا تو ضرور حق اور باطل میں فرق واضح ہو جائے گا۔

❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖

توجہ فرمائیں

۱......بریلوی اور دیوبندی میں کیا فرق ہے......؟

۲......رائے ونڈ کی تبلیغی جماعت سے اختلاف کیوں......؟

۳......ایمان کی تلاش......؟

۴......میں کدھر جاؤں......؟

مندرجہ بالا سوالات کے جوابات کے لئے اِس کتاب کا بڑے غور اور توجہ سے مطالعہ فرما کر اپنے سب سے قیمتی خزانہ یعنی اپنے ایمان کی حفاظت کیجئے۔

❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖

تعارفِ اعلیٰ حضرت

امام احمد رضا خان فاضل بریلوی رحمۃ اللہ علیہ

صلی اللہ علی النبی الامی وآلہ واصحابہ صلی اللہ علیہ وسلم والصلوٰۃ والسلام علیک یاسیدی یارسول اللہ۔

وہ کمالِ حسنِ حضور ہے کہ گمانِ نقص جہاں نہیں
یہی پھول خار سے دور ہے یہی شمع ہے کہ دھواں نہیں

سرکارِ مدینہ، سرورِ قلب وسینہ صلی اللہ علیہ وسلم کو اللہ تبارک وتعالیٰ نے تمام خوبیوں کا پیکر بنایا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ عیب تو در کنار آپ صلی اللہ علیہ وسلم تو اوصاف شمار ہوجانے کے عیب سے بھی پاک ہیں۔ آقائے پرنور سراپائے جود و فیض صلی اللہ علیہ وسلم کو بے مثل و بے عیب جانتے ہوئے دنیا کی ہر چیز سے زیادہ محبت کرنا کامل ایمان اور مؤمن ہونے کی علامت ہے۔ آقا و مولیٰ صلی اللہ علیہ وسلم سے اسی والہانہ محبت کے ساتھ جب ایک مسلمان زندگی کے ہر مرحلے پر آپ صلی اللہ علیہ وسلم ہی کی رضا کا طلب گار ہو تو وہ عشقِ مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کی دولت سے مالا مال ہوجاتا ہے۔

برصغیر پاک و ہند کے مسلمانوں کو عشقِ مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کی یہ دولت حضور داتا گنج بخش علی ہجویری، خواجہ غریب نواز معین الدین چشتی اجمیری اور دیگر اولیاء اللہ رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین کے قدموں کے صدقے میں ملی، برصغیر میں انگریزوں کے اقتدار کے بعد اس مقدس امانت کو باحفاظت آئندہ نسلوں تک پہنچانے کا مقدس فریضہ جس عظیم ہستی نے سرانجام دیا انہیں آج اعلیٰ حضرت عظیم البرکت مجدّدِ دین

وملت پروانہ شمع رسالت الشاہ امام احمد رضا خان قادری محدث فاضل بریلوی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کے نام سے یاد کیا جاتا ہے۔

آپ رحمۃ اللہ علیہ ۱۰ شوال المکرم ۱۲۷۲ھ مطابق ۱۴ جون ۱۸۵۶ء کو بریلی شریف انڈیا میں پیدا ہوئے۔ آپ ایک سچے عاشق رسول، جید عالم اور بلند پایہ فقیہ تھے آپ نے ایک ماہ کی قلیل مدت میں قرآن پاک حفظ کرلیا۔ آپ کی تمام زندگی عشق مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم سے عبارت ہے۔ آپ نے نہ صرف تحریر وتقریر بلکہ اپنے عمل سے مسلمانوں کے دلوں کو عشق مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم سے زندگی بخشی ہے، تمام عمر مکہ معظمہ، مدینہ منورہ اور بغداد شریف کی جانب پاؤں نہیں پھیلائے۔ زائرین مدینہ شریف کے پاؤں چومتے۔ ہر نیک کام کی ابتداء دائیں ہاتھ سے فرماتے۔ جب بھی کلی فرماتے تو بایاں ہاتھ داڑھی مبارک پر رکھ کر اپنے سر کو کسی قدر جھکا لیتے تا کہ کلی کا پانی داڑھی مبارک کو نہ چھوئے۔ آپ کا تحریر کردہ ترجمہ قرآن ''کنز الایمان'' بھی عشق مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کی ایک سچی دلیل ہے۔ آپ کا شماران خوش نصیب لوگوں میں ہوتا ہے جنہیں سرکار مدینہ صلی اللہ علیہ وسلم کا دیدار بیداری کے عالم میں سر کی آنکھوں سے ہوا۔ آپ ساداتِ کرام سے بے حد محبت فرماتے تھے۔ اس کا اظہار آپ کے نعتیہ کلام حدائق بخشش کے قصیدۂ نور سے یوں ہوتا ہے۔

تیری نسل پاک میں ہے بچہ بچہ نور کا
تو ہے عین نور تیرا سب گھرانہ نور کا

آپ کے اسی جذبہ عشق مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کی وجہ سے ہی تمام سلاسل عالیہ قادریہ، نقشبندیہ، چشتیہ، سہروردیہ اور دیگر کے عقیدت مند آپ سے فطری عقیدت

محبت رکھتے ہیں۔ کیونکہ اعلیٰ حضرت محض ایک شخصیت کا نام نہیں بلکہ درحقیقت اُس نظریہ عشقِ مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم اکرامِ صحابہ، حب اہل بیت اور تعظیم اولیاء اللہ کی تجدید کا نام ہے۔ جس کا عملی مظاہرہ ہمارے بزرگان دین نے فرمایا اور آج اسی کے طفیل اس خطے میں رہنے والے مسلمانوں کے سینے ہمیشہ کے لئے نور ایمان سے منور ہیں۔ اعلیٰ حضرت علیہ الرحمۃ نے برصغیر کے جس سیاسی عہد میں ہوش سنبھالا اُس وقت مسلمانوں کے اقتدار کا سورج غروب ہو چکا تھا اور بہت ضروری تھا کہ مسلمانوں کو انگریزوں اور ہندوؤں کی طرف سے پہنچنے والے ممکنہ دینی اور سیاسی نقصانات سے محفوظ رکھا جائے انہی حالات کے پیش نظر آپ رحمۃ اللہ علیہ نے مسلمانوں کو آگاہ فرمایا کہ جس طرح انگریز مسلمانوں کے خیر خواہ نہیں بالکل اسی طرح ہندو بھی مسلمانوں کے خیر خواہ نہیں ہو سکتے۔ اور اس کا عملی نمونہ تقسیم ہند کے وقت ساری دنیا نے ہندوؤں اور سکھوں کے ہاتھوں ہونے والے مسلم کش فسادات کی صورت میں دیکھا۔

یہ آپ کی تربیت ہی کا اثر تھا کہ ۱۹۲۱ء میں آپ کے وصال کے بعد آپ کے خلفاء شاگرد اور عقیدت مند کبھی بھی ہندو مسلم اتحاد کے حامی نہیں رہے۔ اور مسلمانوں کی اصلاح اور قیام پاکستان کے سلسلے میں ایسا کردار ادا کیا جو تاریخ اسلام اور تاریخ پاکستان کا سنہری باب ہے۔ جہاں تک انگریز کا معاملہ تھا تو آپ رحمۃ اللہ علیہ کبھی اسے خاطر میں ہی نہیں لائے۔ انگریز حکومت سے اس قدر نفرت تھی کہ خط کے لفافے پر ٹکٹ ہمیشہ الٹا لگاتے اور فرماتے کہ میں نے جارج پنجم کا سر نیچا کر دیا۔ تمام عمر انگریز کی کچہری میں حاضری نہیں دی اور فرمایا کرتے تھے کہ "

"میں انگریز کی حکومت ہی کو جب تسلیم نہیں کرتا تو اس کے عدل وانصاف اور عدالت کو کیسے تسلیم کرلوں۔"

اللہ تعالیٰ نے آپ کو کمال علمی شان وشوکت سے نوازا تھا۔ آپ کو ۵۰ سے زائد علوم وفنون پر عبور حاصل تھا اوران میں سے کئی علوم تو آپ ہی کے ایجاد کردہ تھے۔ آپ نے اپنی زندگی میں ایک ہزار (۱۰۰۰) کے قریب تصانیف یادگار چھوڑی ہیں۔ یہ آپ کی وسعتِ علمی اور قابلیت ہی کا اثر تھا کہ جب حضرت علامہ محمد اقبال رحمۃ اللہ علیہ نے آپ کے "فتاویٰ رضویہ" کا مطالعہ کیا تو آپ کے علمی مقام کی تعریف کئے بغیر نہ رہ سکے۔ آپ کا لکھا ہوا نعتیہ کلام


مصطفیٰ ﷺ جان رحمت پہ لاکھوں سلام
شمع بزم ہدایت پہ لاکھوں سلام

آپ کی ایسی زندہ کرامت ہے جو گزشتہ ۱۰۰ سال سے جاری وساری ہے۔ یہی وجہ ہے کہ پوری دنیا میں جہاں بھی اردو زبان سمجھنے والے عاشقانِ مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم بستے ہیں وہ اعلیٰ حضرت کے نعتیہ کلام کو ہر نیک محفل کی زینت بناتے ہیں۔ بیشک اعلیٰ حضرت علیہ الرحمۃ پر آقا ومولیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کی ایسی عنایت ہے جس کا فیضان تاقیامت جاری رہے گا۔ بے شک جسے آقا ومولیٰ صلی اللہ علیہ وسلم نوازیں اُسے کون شمار کرے۔

ملکِ سخن کی شاہی تم کو رضا مسلم
جس سمت آگئے ہو سکے بیٹھا دیئے ہیں

❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖

اعلیٰ حضرت امام احمد رضا خان بریلوی رضی اللہ عنہ کا شجرۂ نسب موجودہ سجادہ نشین تک



نوٹ: اختصار اور احترام کے پیش نظر شہزادیانِ خاندانِ رضویت کے نام نہیں لکھے گئے صرف نشاندہی کر دی گئی ہے۔

تحقیق و ترتیب
مولانا محمد ہارون رضا برکاتی رضوی

منقبتِ اعلیٰ حضرت رحمۃ اللہ علیہ

تو نے باطل کو مٹایا اے امام احمد رضا رحمۃ اللہ علیہ
دین کا ڈنکا بجایا اے امام احمد رضا رحمۃ اللہ علیہ

دورِ باطل اور ضلالت ہند میں تھا جس گھڑی
تو مجدد بن کے آیا اے امام احمد رضا رحمۃ اللہ علیہ

تھر تھرائے کانپ اُٹھے باغیانِ مصطفیٰ ﷺ
قہر بن کے اُن پہ چھایا اے امام احمد رضا رحمۃ اللہ علیہ

علم کا دریا ہوا ہے موجزن تحریر میں
جب قلم تو نے اٹھایا اے امام احمد رضا رحمۃ اللہ علیہ

اے امام اہلسنت نائب شاہِ ہدیٰ
کیجئے ہم پر بھی سایہ اے امام احمد رضا رحمۃ اللہ علیہ

فیض جاری رہے گا حشر تک تیرا امام
کام ہے وہ کر دیکھایا اے امام احمد رضا رحمۃ اللہ علیہ

قبر پہ ہو بارشِ انوارِ حق تیری امام
ہو نبی ﷺ کا تجھ پہ سایہ اے امام احمد رضا رحمۃ اللہ علیہ

ہے بدرگار خدا عطار عاجز کی دُعا
تجھ پہ ہو رحمت کا سایہ اے امام احمد رضا رحمۃ اللہ علیہ

(از قلم: امیر اہلسنت مولانا ابوالبلال محمد الیاس قادری مدظلہ)

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ ، اَمَّا بَعْدُ فَاَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

"یہ زمانہ جس پُر خطر دور سے گزر رہا ہے وہ سب پر ظاہر ہے کہ نئے نئے فرقے جنم لے رہے ہیں اور ہر فرقہ قرآن وحدیث سنا سنا کر اپنی سچائی کا اعلان کر رہا ہے اور عوام الناس یعنی عام مسلمان شدید ترین پریشانی کا شکار ہیں اور حق تلاش کرنے والا انسان اس سوچ میں گم ہے کہ میں کدھر جاؤں، کس کی مانوں، کون حق پر ہے اور کون گمراہی پر، کون سچا اور کون جھوٹا ہے......؟"

❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖

سوال نمبر 1......بخدمت جناب علامہ صاحب میرا نام محمد عثمان اور میرے والد صاحب کا نام غلام حسین ہے۔گزارش ہے کہ رائے ونڈ کی تبلیغی جماعت کے کچھ لوگ ہمارے محلہ میں آتے رہتے ہیں اور وہ مجھے اپنے ساتھ "گشت" کے لئے لے جاتے ہیں اور میں اُن کے ساتھ تعلیم میں بھی بیٹھتا ہوں نیز اُن کے وعظ و بیان بھی سنتا ہوں اور اب وہ مجھے اپنے ساتھ "سہ روزہ" کے لئے لے جانا چاہتے ہیں۔میری والدہ اور میری چھوٹی بہن اُن کی مستورات کے یعنی دیوبندی تبلیغی جماعت کی خواتین کے اجتماع اور تعلیم میں جاتی ہیں میرے والد صاحب نے مجھے اُن کے ساتھ سہ روزہ کے لئے،تعلیم میں شرکت یا گشت کے لئے ساتھ جانے سے سختی سے منع کر دیا ہے اور میری والدہ اور میری بہن کو بھی اُن کی مستورات کے اجتماع اور تعلیم میں جانے سے سختی سے منع کر دیا ہے اب میں سخت پریشان ہوں۔آپ مجھے بتائیں میں کدھر جاؤں۔؟

جواب......یاد رکھیئے دینِ اسلام کی تبلیغ کرنا بہت ہی افضل و اعلیٰ،بہترین کام ہے اور دینِ اسلام کی باتیں سیکھنا سکھانا بہت ہی ثواب کا کام ہے۔لیکن درحقیقت اِن کے یعنی رائے ونڈ کی تبلیغی جماعت والوں کے (نجدی وہابی یا اہلِ حدیث کہلوانے والوں کے) عقائد درست نہیں ہیں۔اور یہ لوگ رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی شانِ اقدس گھٹانے والے اور شانِ اقدس صلی اللہ علیہ وسلم میں گستاخیاں اور بے ادبیاں کرنیوالے ہیں۔اس لئے ان کے اجتماع وغیرہ میں جانا یا اِن کے وعظ و بیان میں،درس و تعلیم میں شرکت کرنا ہرگز ہرگز جائز نہیں نیز یہ اللہ تعالیٰ اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو ناراض کرنے والی بات ہے اور اس

سے ثواب کے بجائے گناہ حاصل ہوتا ہے۔

سوال نمبر 2...... جناب علامہ صاحب میں تو اُن کے ساتھ گشت میں جاتا رہتا ہوں اور اُن کی تعلیم میں بھی بیٹھتا ہوں میں نے تو اُن میں کوئی ایسی بات محسوس نہیں کی ہے۔؟

جواب...... آپ کہتے ہیں کہ آپ نے اُن میں (رائے ونڈ کی تبلیغی جماعت والوں میں) گستاخی والی کوئی بات محسوس نہیں کی ہے تو یاد رکھیئے ہمارے محلّہ میں ارد گرد اور بازار میں کئی اہل تشیع یعنی شیعہ اور مرزائی (قادیانی) بھی رہتے ہیں لیکن ہم نے اُن کی زبان سے صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین کی شانِ سراپا عظمت میں گستاخی اور بے ادبی کی بات نہیں سنی اور مرزائیوں (قادیانی) کی زبان سے بھی کوئی ایسی بات نہیں سنی۔ حالانکہ اُن کے عقائد قرآن و حدیث کے بالکل خلاف ہیں لیکن یہ لوگ اپنے اصل عقائد ظاہر نہیں کرتے۔ اس لئے یاد رکھیے کہ جب بھی کسی فرقہ یا کسی جماعت کے اصل عقائد و نظریات معلوم کرنے ہوں تو حقیقت اُن کے لٹریچر یعنی اُن کی تحریروں، اُن کی کتابوں اور اُن کے ترجمۂ قرآن ہی سے معلوم ہوسکتی ہے۔

سوال نمبر 3...... رائے ونڈ کی دیوبندی تبلیغی جماعت والے کہتے ہیں کہ ہم تو اللہ تعالیٰ یا کسی بھی نبی یا رسول علیہ السلام کی شان میں بے ادبی یا گستاخی کا سوچ بھی نہیں سکتے۔؟

جواب...... رائے ونڈ کی دیوبندی تبلیغی جماعت والے جن مولویوں کو اپنا پیشوا رہبر و رہنما کہتے ہیں اور جن مولویوں کو یہ حکیم الامت، شیخ الہند اور شیخ الحدیث وغیرہ

کہتے ہیں اُن کے ترجمہ قرآن اور اُن کی دوسری کتابیں غلطیوں اور گستاخیوں سے بھری پڑی ہیں جس کی وجہ سے مکہ مکرمہ اور مدینہ منورہ کے کم وبیش ۳۴ علماء کرام اور مفتیانِ عظام نے کفر کے فتاوٰی دیئے ہیں اور اِن کی تصدیق میں پاکستان ، ہندوستان اور دنیا بھر کے کم وبیش اڑہائی سو (۲۵۰) علماء کرام

اور مفتیانِ عظام نے کفر کے فتاوٰی دیئے ہیں اور ساتھ ہی یہ بھی فرمایا ہے کہ ”جو اِن دیوبندی ،نجدی ،وہابی مولویوں یعنی اشرف علی تھانوی دیوبندی رشید احمد گنگوہی دیوبندی ،خلیل احمد انبیٹھوی دیوبندی اور محمد قاسم نانوتوی دیوبندی کے کفر میں شک کرے وہ بھی کافر ہے۔“

اب آپ خود فیصلہ کر لیجئے کہ اِن رائے ونڈ کی تبلیغی جماعت والوں کے ساتھ جانا کس قدر نقصان دہ اور اپنے ایمان کو خطرہ میں ڈالنے والی بات ہے اللہ تعالیٰ اور رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو ناراض کرنے والی بات ہے اِن کے ساتھ تعلیم گشت ، جماعت یا دیگر تبلیغی سرگرمیوں میں شریک ہونے سے ثواب نہیں بلکہ گناہ حاصل ہوتا ہے۔

سوال نمبر 4...... جناب علامہ صاحب آپ براہِ مہربانی اِس امت مسلمہ کی راہنمائی اتفاق اور اتحاد کی نیت سے دیانت داری کے ساتھ رائے ونڈ کی دیوبندی تبلیغی جماعت اور دیگر گستاخانہ عقائد رکھنے والے فرقوں کے بارے میں کچھ تفصیل بیان فرمائیں۔؟

جواب...... اِس کے لئے ہمیں حق اور سچ کی تلاش کے لئے قرآن وحدیث میں غور وفکر کرنا ہوگا کیونکہ مسلمان کے لئے قرآن وحدیث سے بڑھ کر کوئی دلیل نہیں

جیسا کہ قرآن مجید میں ہے:

يُضِلُّ بِهٖ كَثِيْرًا وَّ يَهْدِيْ بِهٖ كَثِيْرًا ط (سورۃ البقرۃ : آیت : ۲۶)

ترجمہ......اللہ بہتیروں کو اس سے گمراہ کرتا ہے اور بہتیروں کو ہدایت فرماتا ہے۔

وَلَيَزِيْدَنَّ كَثِيْرًا مِّنْهُمْ مَّآ اُنْزِلَ اِلَيْكَ مِنْ رَّبِّكَ طُغْيَانًا وَّ كُفْرًا ط (سورۃ المائدہ :آیت :۶۴)

ترجمہ......اور اے محبوب صلی اللہ علیہ وسلم یہ جو تمہاری طرف تمہارے رب کی طرف سے اُترا یعنی قرآن مجید اس سے ان میں بہتوں کو شرارت اور کفر میں ترقی ہوگی۔

معلوم ہوا کہ بہت سے قرآن پڑھنے اور پڑھانے والے ایسے ہوں گے کہ قرآن مجید سے ان کے کفر میں اضافہ ہوگا، اور اس میں قرآن مجید کا قصور نہیں کیونکہ خالص دودھ، خالص گھی یا مقوی غذا کمزور معدہ والے کو بیمار کر دیتی ہے۔ سورج کی روشنی جس طرح چمگادڑ کو اندھا کر دیتی ہے اسی طرح جس کے دل میں رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی حقیقی محبت وعظمت نہیں ہے قرآنِ مجید سے اس کے کفر میں اضافہ ہی ہوگا۔

معلوم ہوا کہ بہت سے لوگ اس سے یعنی قرآن مجید سے گمراہ ہوتے ہیں اور بہت سے قرآن مجید سے ہدایت پاتے ہیں۔ جن لوگوں نے صاحب قرآن صلی اللہ علیہ وسلم کی محبت وعظمت کو دل میں جما کر احادیثِ مبارکہ، صحابہ کرام علیہم الرضوان، مفسرین ومحدثین اور قرآنِ مجید کے ذریعہ سے ہدایت پائی وہ دوسروں کے لئے ہدایت کا ذریعہ بن گئے، اس کے برعکس جن لوگوں نے کچھ

چند آیات مبارکہ موازنہ کے لئے پیشِ خدمت ہیں

آیت نمبر 1

اِنَّا فَتَحْنَا لَکَ فَتْحًا مُّبِیْنًا ○ لِیَغْفِرَ لَکَ اللّٰهُ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْۢبِكَ وَمَا تَاَخَّرَ.

(سورۃ الفتح آیت: ۲،۱)

ترجمہ......اشرف علی تھانوی دیوبندی:

"بے شک ہم نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو ایک کھلم کھلا فتح دی تا کہ اللہ تعالیٰ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی سب اگلی پچھلی خطائیں معاف فرمادے۔"

ترجمہ......محمود الحسن دیوبندی

"ہم نے فیصلہ کر دیا تیرے واسطے صریح فیصلہ تا کہ معاف کرے تجھ کو اللہ جو آگے ہو چکے تیرے گناہ اور جو پیچھے رہے۔"

ترجمہ......وحید الزمان اہل حدیث

"(اے پیغمبر یہ حدیبیہ کی صلح کیا ہے) ہم نے تجھ کو کھلم کھلا فتح دی فتح اس لئے (کہ تو اللہ کا شکر کرے اور) اللہ تیرے اگلے اور پچھلے گناہ بخش دے"

ترجمہ......ڈپٹی نذیر احمد دیوبندی، وہابی

"اے پیغمبر یہ حدیبیہ کی صلح کیا ہوئی در حقیقت ہم نے تمہاری کھلم کھلا فتح کرادی تا کہ تم اس فتح کے شکریہ میں دینِ حق کی ترقی کے لئے اور زیادہ

عربی وغیرہ سیکھ کر اپنے علم و عقل اور فہم سے قرآن مجید کو سمجھنے کی کوشش کی وہ خود بھی گمراہ ہوئے اور دوسروں کے لئے گمراہی کا ذریعہ بن گئے تو جو لوگ یہ کہتے ہیں کہ سب ٹھیک ہیں ہم تو کسی کو غلط نہیں کہتے ان کی یہ سوچ قرآن وحدیث کے خلاف ہے جیسا کہ درج ذیل حدیث مبارکہ میں وضاحت ہے۔ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمانِ مقدس ہے:

"بے شک بنی اسرائیل کے بہتر ۷۲ فرقے ہو گئے تھے اور میری امت کے تہتر ۷۳ گروہ ہو جائیں گے جن میں سے بہتر ۷۲ گروہ دوزخی ہوں گے اور ایک گروہ جنتی ہوگا۔ صحابہ کرام علیہم الرضوان نے عرض کیا یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم وہ ایک جنتی گروہ کونسا ہے؟ ارشاد فرمایا: جو میرے اور میرے صحابہ علیہم الرضوان کے طریقہ پر ہوگا۔"

(مرقاۃ ۱/۲۴۸)

الحمدللہ! قرآن وحدیث میں غور وفکر کرنے سے یہ بات واضح ہوگئی کہ سب فرقے ٹھیک نہیں، یعنی سب فرقے حق پر نہیں ہیں۔ بلکہ حق پر صرف اور صرف ایک فرقہ ہے اس لئے آپ سب سے پہلے قرآن مجید میں غور وفکر کریں اور دیکھیں کہ رائے ونڈ کی تبلیغی جماعت کے دیوبندی اور اہلِ حدیث کہلوانے والے نجدی وہابی مولویوں نے قرآنِ مجید کے ترجمہ میں کیسی کیسی خطرناک غلطیاں گستاخیاں اور بے ادبیاں کی ہیں اور پھر خود ہی فیصلہ کریں کہ واقعی وہ گستاخ ہیں یا نہیں۔؟

کوشش کرو اور خدا اس کے صلہ میں تمہارے اگلے اور پچھلے گناہ معاف کردے۔" (معاذ اللہ)

ترجمہ...... اعلیٰ حضرت فاضل بریلوی رحمۃ اللہ علیہ

"بے شک ہم نے تمہارے لئے روشن فتح فرمادی تاکہ اللہ تعالیٰ تمہارے سبب سے گناہ بخشے تمہارے اگلوں کے اور تمہارے پچھلوں کے۔"

مسلمانو! غور فرمایئے! دیوبندیوں اور نجدی وہابی مولویوں کے تراجم سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم پہلے بھی گناہ گار تھے اور آئندہ بھی گناہوں کی امید تھی جس کی وجہ سے اللہ تعالیٰ کو ایک سند دینا پڑی کہ ہم نے آپ کے اگلے پچھلے تمام گناہ معاف کردیئے۔ (معاذ اللہ)

جبکہ اہل سنت وجماعت کا عقیدہ ہے کہ انبیاء کرام علیہم الصلوٰۃ والسلام گناہوں سے معصوم ہوتے ہیں انہیں گناہ گار سمجھنا بے ایمانی اور کفر ہے۔

جیسا کہ شرح فقہ اکبر مطبوعہ مصر صفحہ ۱۵۱ میں ہے:

"تمام انبیاء علیہم الصلوٰۃ والسلام صغیرہ اور کبیرہ گناہوں سے، کفر اور بری باتوں سے پاک ہیں۔"

خزانۃ الروایات قلمی نسخہ صفحہ ۲۴۲ پر ہے:

"جس کسی نے صفت یا شان میں بھی حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو عیب لگایا یا حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے مقدس بال شریف کی بھی بے ادبی یا توہین کی وہ

آیئے! اب سچے دل سے کلمہ طیبہ

لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ (صلی اللہ علیہ وسلم)

پڑھ کر تعصب کی عینک اُتار کر اللہ تبارک وتعالیٰ وحدہٗ لاشریک کے رحم وکرم کی طرف متوجہ ہوکر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی محبت شانِ وعظمت کو دل میں جما کر قرآن مجید میں غور وفکر کیجئے اخلاص اور ایمانداری کے ساتھ فیصلہ کیجئے کہ کون سی جماعت یا کون سا فرقہ قرآن مجید کا صحیح اور بہتر ترجمہ کر کے ہدایت پا گیا ہے اور کون سا فرقہ قرآن مجید کا غلط ترجمہ کر کے گمراہ ہو گیا ہے؟

چند آیات مبارکہ موازنہ کے لئے پیشِ خدمت ہیں

آیت نمبر 1

اِنَّا فَتَحْنَا لَکَ فَتْحًا مُّبِیْنًا ۝ لِّیَغْفِرَ لَکَ اللّٰہُ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِکَ وَمَا تَاَخَّرَ.

(سورۃ الفتح آیت: ۲،۱)

ترجمہ...... اشرف علی تھانوی دیوبندی:

”بے شک ہم نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو ایک کھلم کھلا فتح دی تا کہ اللہ تعالیٰ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی سب اگلی پچھلی خطائیں معاف فرما دے۔“

ترجمہ...... محمود الحسن دیوبندی

”ہم نے فیصلہ کر دیا تیرے واسطے صریح فیصلہ تا کہ معاف کرے تجھ کو اللہ جو آگے ہو چکے تیرے گناہ اور جو پیچھے رہے۔“

ترجمہ...... وحید الزمان اہل حدیث

”(اے پیغمبر یہ حدیبیہ کی صلح کیا ہے) ہم نے تجھ کو کھلم کھلا فتح دی فتح اس لئے (کہ تو اللہ کا شکر کرے اور) اللہ تیرے اگلے اور پچھلے گناہ بخش دے“

ترجمہ...... ڈپٹی نذیر احمد دیوبندی، وہابی

”اے پیغمبر یہ حدیبیہ کی صلح کیا ہوئی در حقیقت ہم نے تمہاری کھلم کھلا فتح کرادی تا کہ تم اس فتح کے شکریہ میں دین حق کی ترقی کے لئے اور زیادہ

کوشش کرو اور خدا اس کے صلہ میں تمہارے اگلے اور پچھلے گناہ معاف کردے۔" (معاذ اللہ)

ترجمہ...... اعلیٰ حضرت فاضل بریلوی رحمۃ اللہ علیہ

"بے شک ہم نے تمہارے لئے روشن فتح فرمادی تا کہ اللہ تعالیٰ تمہارے سبب سے گناہ بخشے تمہارے اگلوں کے اور تمہارے پچھلوں کے۔"

مسلمانو! غور فرمایئے! دیوبندیوں اور نجدی وہابی مولویوں کے تراجم سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم پہلے بھی گناہ گار تھے اور آئندہ بھی گناہوں کی امید تھی جس کی وجہ سے اللہ تعالیٰ کو ایک سند دینا پڑی کہ ہم نے آپ کے اگلے پچھلے تمام گناہ معاف کردیئے۔ (معاذ اللہ)

جبکہ اہل سنت و جماعت کا عقیدہ ہے کہ انبیاء کرام علیہم الصلوٰۃ والسلام گناہوں سے معصوم ہوتے ہیں انہیں گناہ گار سمجھنا بے ایمانی اور کفر ہے۔

جیسا کہ شرح فقہ اکبر مطبوعہ مصر صفحہ ۱۵۱ میں ہے:

"تمام انبیاء علیہم الصلوٰۃ والسلام صغیرہ اور کبیرہ گناہوں سے، کفر اور بری باتوں سے پاک ہیں۔"

خزانۃ الروایات قلمی نسخہ صفحہ ۹۴۲ پر ہے:

"جس کسی نے صفت یا شان میں بھی حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو عیب لگایا یا حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے مقدس بال شریف کی بھی بے ادبی یا توہین کی وہ

کافر ہو گیا۔"

اسی خزانۃ الروایات میں ہے:

"اگر کہا کہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم درویش تھے یا کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے کپڑے میلے تھے یا کہا کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے ناخن بڑھے ہوئے تھے تو مطلقاً کافر ہو گیا۔ جو شخص یہ کہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا کپڑا میلا ہے اور اس سے عیب مقصود ہو تو بطور کفر قتل کر دیا جائے۔"

اے مسلمانو! یاد رکھو کہ مشکوٰۃ باب الوسوسہ میں ہے کہ:

"حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو تو شیطان چھو بھی نہیں سکا اور رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا قرین یعنی ساتھ رہنے والا شیطان تو مسلمان ہی ہو گیا اس لئے یہ حضرات شیطانی وسوسہ سے بھی محفوظ ہیں اور نفسِ امارہ سے بھی پاک ہیں"۔

بلکہ یہ حضرات انبیاء کرام علیہم الصلوٰۃ والسلام اپنے جن غلاموں پر نگاہِ کرم فرمادیں وہ بھی شیطان سے محفوظ رہتے ہیں اور شیطان اُن سے ڈر کر بھاگتا ہے۔

جیسا کہ مشکوٰۃ شریف میں ہے کہ:

حضرت عمر فاروق اعظم رضی اللہ عنہ جس راستہ سے گزرتے شیطان وہاں سے بھاگ جاتا۔

یہ شان ہے خدمت گاروں کی
سردار کا عالم کیا ہو گا

اس لئے رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو گناہ گار کہنا بے ایمانی اور کفر ہے جبکہ سورہ

فتح کی اس آیت مبارکہ میں ''لک'' میں ''ل'' سبب کے معنی میں آیا ہے اس لئے امام اہلسنت مجدد دین وملت اعلیٰ حضرت مولانا احمد رضا خان فاضل بریلوی رحمۃ اللہ علیہ کا ترجمہ قرآن ''کنزالایمان'' ہی بہترین ترجمہ ہے۔

دیوبندی وہابی مولویوں کے ترجمہ کی یہی غلطی انگریزی ترجموں میں منتقل ہوتی گئی ہے جیسا کہ قرآن مجید کے ایک انگریز مترجم (اے ۔ جے آربری)A.J.Arberry نے اپنے ترجمہ میں اس آیت کا ترجمہ اس طرح سے کیا ہے۔

"Surely We have give thee (you) a manifest victory that God may forgive thee (you)tah former and the Laters sins."

ایک اور انگریز مترجم MARMANDUKE PITCHAL کا ترجمہ بھی دیکھئے:

(1) LO!We have given thee (O. Muhmmad) a signal victory.

(2) That Allah may for give thee of taht sin,that which is Pastand that which is to come.

غور کیجئے!......آہ!

انگریزی تراجم کو دیکھ کر دل دہل کر رہ گیا ہے۔ آنکھیں اگر خون کے آنسو روئیں

تب بھی کم ہے کہ انگریزی تراجم سے صاف ظاہر ہوتا ہے کہ (نعوذ باللہ) رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم گناہ گار تھے، اور مزید گناہوں کی امید تھی۔ (معاذ اللہ)

غور کیجئے......آہ!

ابنِ عبدالوہاب نجدی کے پیروکار یعنی نجدی وہابی، اہلحدیث، علمائے دیوبند اور رائے ونڈ کی تبلیغی جماعت والوں کی بدعقیدگی اور گستاخیوں نے نئے نئے انگریز محققین اور دوسرے غیر مسلموں کو اللہ تبارک وتعالیٰ اور رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی شانِ اقدس میں زبان درازی اور گستاخیوں کا موقع دے دیا ہے۔ آگے مزید ملاحظہ فرمائیں اور دیوبندیوں، وہابیوں کی گستاخیوں کو دیکھ کر محبتِ رسول صلی اللہ علیہ وسلم میں آنسو بہائیں۔

❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖

آیت نمبر 2

وَاسْتَغْفِرْ لِذَنْۢبِكَ وَلِلْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنٰتِ ۝ؕ

(سورہ محمد آیت: ۱۹)

ترجمہ......محمود الحسن دیوبندی

”اور معافی مانگ اپنے گناہ کے واسطے اور ایماندار مردوں اور عورتوں کے لئے۔“

ترجمہ......اشرف علی تھانوی دیوبندی

”اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم اپنی خطا کی معافی مانگتے رہیے اور سب مسلمان

مردوں اور سب مسلمان عورتوں کے لئے بھی۔"

ترجمہ...... مولانا مودودی، بانی جماعت اسلامی

"اور معافی مانگو اپنے قصور کے لئے بھی اور مومن مردوں اور عورتوں کے لئے بھی۔"

ترجمہ...... وحید الزمان اہل حدیث

"اور اپنے گناہ کی بخشش کے لئے دعا مانگتا رہ اور ایمان والے مرد اور ایمان والی عورتوں کے (گناہوں کے) لئے بھی۔"

ترجمہ...... اعلیٰ حضرت فاضل بریلوی رحمۃ اللہ علیہ

"اور اے محبوب (صلی اللہ علیہ وسلم) اپنے خاصوں اور عام مسلمان مردوں اور عورتوں کے گناہوں کی معافی مانگو۔"

❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖

آیت نمبر 3

وَاسْتَغْفِرْ لِذَنْبِكَ وَسَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّكَ بِالْعَشِيِّ وَالْإِبْكَارِ○

(سورۃ مومن آیت: ۵۵)

ترجمہ...... اشرف علی تھانوی دیوبندی

"اور اپنے گناہ کی معافی مانگئے اور شام و صبح اپنے رب کی تسبیح و تحمید کرتے رہیے۔"

ترجمہ......محمود الحسن دیوبندی

"اور بخشوا اپنا گناہ اور پاکی بول اپنے رب کی خوبیاں شام کو اور صبح کو۔"

ترجمہ......وحید الزمان اہل حدیث

"اور اپنے قصور کی بخشش مانگتا رہ اور صبح وشام اپنے مالک کی تعریف کے ساتھ پاکی بیان کر۔"

ترجمہ......مولوی مودودی، بانی جماعت اسلامی

"اور اپنے قصور کی معافی چاہو اور صبح وشام اپنے رب کی حمد کے ساتھ تسبیح کرتے رہو۔"

مندرجہ بالا تمام تبلیغی دیوبندی نجدی وہابی اہل حدیث کہلوانے والے مترجمین کے تراجم سے بھی ایسے معلوم ہو رہا ہے کہ جیسے حضور صلی اللہ علیہ وسلم گنہگار تھے۔ معاذ اللہ۔ اے کاش یہ مترجمین صحابہ کرام علیہم الرضوان، اولیاء کرام کی تفاسیر اور تشریح کو مدِ نظر رکھ کر، مقامِ مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کو دل میں جما کر ترجمہ کرتے تو حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو گناہ گار نہ لکھتے۔

جبکہ امام اہلسنت اعلیٰ حضرت فاضلِ بریلوی رحمۃ اللہ علیہ نے باادب ترجمہ کر کے مسلمانوں کو گمراہی سے بچایا ہے۔ فیصلہ کیجئے۔

ترجمہ......اعلیٰ حضرت فاضل بریلوی رحمۃ اللہ علیہ

"اور اپنوں کے گناہوں کی معافی چاہو اور اپنے رب کی تعریف کرتے ہوئے صبح اور شام اس کی پاکی بولو۔"

یعنی رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وسلم اپنی تمام ظاہری حیاتِ طیبہ میں اپنی گناہ گار امت کے لئے مغفرت اور بخشش کی دعائیں مانگتے رہے۔

فکرِ امت میں راتوں کو روتے رہے
اپنی اُمت کے گناہوں کو دھوتے رہے

❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖

آیت نمبر 4

وَ وَجَدَکَ ضَآلًّا فَھَدٰی ○

(سورۃ والضحیٰ آیت: ۷)

ترجمہ......ڈپٹی نذیر احمد دیوبندی

"اور تم کو دیکھا کہ راہ حق کی تلاش میں بھٹکے بھٹکے پھر رہے ہو تو تم کو دین اسلام کا سیدھا راستہ دکھایا۔"

ترجمہ......اشرف علی تھانوی دیوبندی

"اور اللہ تعالیٰ نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو (شریعت سے) بے خبر پایا سو آپ کو شریعت کا راستہ بتلا دیا۔"

ترجمہ......محمود الحسن دیوبندی

"اور پایا تجھ کو بھٹکتا پھر راہ سمجھائی۔"

ترجمہ......وحید الزمان اہل حدیث

"اور اس نے تجھ کو بھولا بھٹکا پایا اور پھر راہ پر لگایا۔"

ترجمہ......عبدالماجد دریا آبادی دیوبندی وہابی

''اور آپ کو بے خبر پایا سو رستہ بتایا۔''

ترجمہ......اعلیٰ حضرت فاضل بریلوی رحمۃ اللہ علیہ

''اور تمہیں اپنی محبت میں خود رفتہ پایا تو اپنی طرف راہ دی۔''

دیوبندی وہابی مترجمین نے ''ضالا'' کا ترجمہ بھٹکتا ہوا، بے خبر وغیرہ الفاظ سے کیا ہے جو کہ صریحاً غلط اور بے ادبی ہے، دیوبندی وہابی مولویوں نے یہ نہ دیکھا کہ کس کو بھٹکا ہوا اور بے خبر کہہ رہے ہیں اور رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی ناموس و عظمت پر دھبہ لگ جائے تو ان ظالموں کو اس کی کیا پرواہ، کاش یہ مترجمین ترجمہ کرنے سے پہلے سابقہ تفاسیر کا بغور مطالعہ کر لیتے تو شاید ایسا نہ ہوتا۔

جبکہ اعلیٰ حضرت فاضل بریلوی رحمۃ اللہ علیہ نے نہایت باادب اور نفیس ترجمہ کیا ہے یعنی حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام راہِ حق پر تھے لیکن اللہ تعالیٰ کی محبت میں از خود رفتہ ہو چکے تھے تو اللہ تعالیٰ نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو اپنا قربِ خاص عطا فرمایا اور معاذ اللہ جو خود بے خبر ہو، بھٹکتا پھرتا ہو وہ ہادی اور راہنما کیسے ہو سکتا ہے۔ جبکہ قرآن مجید میں اللہ تعالیٰ کا فرمان عالی شان ہے:

مَا ضَلَّ صَاحِبُكُمْ وَمَا غَوٰى ۝ وَمَا يَنْطِقُ عَنِ الْهَوٰى ۝ اِنْ هُوَ اِلَّا وَحْيٌ يُّوْحٰى ۝

(سورہ النجم آیت: ۲، ۳، ۴)

''تمہارے صاحب (نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم) نہ بہکے نہ بے راہ چلے اور وہ کوئی بات اپنی خواہش سے نہیں کرتے۔ وہ تو نہیں مگر وحی جو انہیں کی جاتی

ہے۔" (سبحان اللہ) (ترجمہ کنز الایمان از اعلیٰ حضرت فاضل بریلوی رحمۃ اللہ علیہ)

اے ابنِ عبدالوہاب کے چاہنے والو! پیروکار و یعنی! نجدی، وہابی، اہلحدیث، علما دیوبند اور رائے ونڈ کی تبلیغی جماعت کے لوگو! غور کرو کہ اللہ تبارک وتعالیٰ اپنے پیارے رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے گمراہ ہونے بے راہ ہونے کی نفی فرما رہا ہے بلکہ بہکنے کی بھی نفی فرما رہا ہے کہ میرا محبوب صلی اللہ علیہ وسلم تو کوئی بات اپنی خواہش سے نہیں کرتا مگر صرف اور صرف "وحی" جو انہیں کی جاتی ہے یعنی مصطفیٰ کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی زبانِ حق ترجمان سے نکلنے والا ہر لفظ صرف اور صرف وحی الٰہی عزوجل ہے یعنی رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم فنا فی اللہ کے سب سے اعلیٰ مقام پر فائز ہیں آپ صلی اللہ علیہ وسلم اپنی ہر خواہش رب تعالیٰ کے ارادے میں فنا کر چکے ہیں اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا ہر کام اور ہر کلام رب کی طرف سے ہے۔

کلام خدا ہے کلام محمد ﷺ
اسی سے سمجھ تو مقام محمد ﷺ

❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖

📖 آیتِ نمبر 5

مَا كُنْتَ تَدْرِيْ مَا الْكِتٰبُ وَلَا الْاِيْمَانُ ۝

(سورۂ شوریٰ آیت: ۵۲)

ترجمہ..... اشرف علی تھانوی دیوبندی

"آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو نہ یہ خبر تھی کہ کتاب (اللہ) کیا چیز ہے اور نہ یہ خبر تھی کہ ایمان کا انتہائی کمال کیا ہے۔"

ترجمہ......محمود الحسن دیوبندی

"تو نہ جانتا تھا کہ کیا ہے کتاب اور ایمان۔"

ترجمہ......وحید الزمان اہل حدیث

"(اس سے پہلے) تجھ کو یہ بھی معلوم نہیں تھا کتاب کیا چیز ہے اور نہ ایمان معلوم تھا۔"

ترجمہ......اعلیٰ حضرت فاضل بریلوی رحمۃ اللہ علیہ

"اِس سے پہلے نہ تم کتاب جانتے تھے نہ احکام شرع کی تفصیل۔"

اے مسلمانو! غور کیجئے توجہ فرمایئے: وہابی دیوبندی مولویوں کے ترجمہ سے معلوم ہوتا ہے کہ معاذ اللہ آیت مذکورہ کے نزول سے پہلے حضور صلی اللہ علیہ وسلم مؤمن بھی نہ تھے، ایمان سے نابلد اور کورے تھے یا ایمان کی خبر نہ تھی۔ جب کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے تو پیدا ہوتے ہی فرمایا:

"میں اللہ کا بندہ ہوں اس نے مجھے کتاب دی اور مجھے غیب کی خبریں بتانے والا (نبی) کیا۔" (سورہ مریم آیت: ۳۰)

حضرت عیسیٰ علیہ السلام تو بچپن ہی میں کتاب، ایمان اور نبی ہونے کا بتا رہے ہیں اور رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے علم کی نفی کرنا کس قدر صریح گستاخی اور بے ادبی ہے۔ جبکہ اعلیٰ حضرت فاضل بریلوی رحمۃ اللہ علیہ کے ترجمہ سے اعتراضات ختم ہو گئے اور یاد رکھیے ایمان نہ جاننا یا احکام شرع کی تفصیل نہ جاننا اِن دونوں میں بہت بڑا فرق ہے۔

❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖

آیت نمبر 6

قُلْ اِنَّمَآ اَنَا بَشَرٌ مِّثْلُكُمْ يُوْحٰى اِلَيَّ اَنَّمَآ اِلٰهُكُمْ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ ۝

(سورہ کہف آیت : ۱۱۰)

ترجمہ......محمود الحسن دیوبندی

"تو کہہ میں بھی ایک آدمی ہوں جیسے تم۔ حکم آتا ہے مجھ کو کہ معبود تمہارا ایک معبود ہے۔"

ترجمہ......اشرف علی تھانوی دیوبندی

"آپ کہہ دیجئے کہ میں تو تم ہی جیسا بشر ہوں میرے پاس بس یہ وحی آتی ہے کہ تمہارا معبود ایک ہے۔"

ترجمہ......وحید الزمان اہل حدیث

"اے پیغمبر (اِن لوگوں سے) کہہ دے کہ یہ مت سمجھنا میں خدا کی سب باتیں جانتا ہوں میں بھی تمہاری طرح ایک آدمی ہوں۔"

ترجمہ......وحید الزمان اہل حدیث

"تو کہہ دے میں اور کچھ نہیں تمہاری طرح آدمی ہوں۔" (حم سجدہ:٦)

ترجمہ......مولوی مودودی، بانی جماعت اسلامی

"اے محمد کہہ دو میں تو محض تم ہی جیسا ایک انسان ہوں مجھ پر وحی کی جاتی ہے کہ تمہارا خدا ایک ہی خدا ہے۔"

ترجمہ......اعلیٰ حضرت فاضل بریلوی رحمۃ اللہ علیہ

”تم فرماؤ ظاہر صورت بشری میں تو میں تم جیسا ہوں مجھے وحی آتی ہے کہ تمہارا معبود ایک ہی معبود ہے۔“

معاذ اللہ رائے ونڈ کی تبلیغی جماعت، دیوبندی، وہابی، نجدی مولویوں اور نام نہاد مفکر اسلام کہلوانے والے مودودی کے تراجم میں کس قدر گستاخی، بے ادبی بغض اور توہین پائی جارہی ہے۔ کہ ان ظالموں، بے دینوں، بدمذہبوں گستاخوں نے حضور پرنور صلی اللہ علیہ وسلم کو اپنے جیسا آدمی، اپنے جیسا انسان، اپنے جیسا بشر اور اہل حدیث کہلوانے والے غیر مقلدین کے رہنما و پیشوا وحید الزمان نجدی وہابی نے لکھ دیا ہے کہ

”کہہ دے میں اور کچھ نہیں میں تمہاری طرح ایک آدمی ہوں۔“

معاذ اللہ! اہل حدیث کہلوانے والے غیر ملکی تنخواہوں پر پلنے والے مولویوں اور غیر ملکی امداد سے مساجد و مدرسے بنا بنا کر مسلمانوں کے ایمان کو برباد کرنے والے غور و فکر کریں کہ ان کا عالم دین اللہ تبارک وتعالیٰ کے پیارے حبیب صلی اللہ علیہ وسلم کے بارے میں کس قدر گستاخانہ جاہلانہ ترجمہ کررہا ہے کہ میں اور کچھ نہیں میں تمہاری طرح کا ایک آدمی ہوں۔ یہ کس قدر گستاخی، بے ادبی اور قرآن مجید کی بیشمار آیات کا انکار ہے۔ مودودی نے لکھ دیا ہے کہ میں محض تم جیسا ہی انسان ہوں۔ اب مودودی صاحب ان کے شاگرد اور ان کے چاہنے والے یہ بتائیں کہ ان کے ترجمہ میں لفظ (محض) آیت کے کس لفظ کا ترجمہ ہے۔ اور پھر کہا جارہا ہے کہ ”تم ہی جیسا ایک

انسان ہوں"۔ معاذ اللہ کس جیسا ہاں بولو بتاؤ، کس جیسا کہہ رہے ہو ظالموں! جواب دو ورنہ قیامت کے روز تو جواب دینا ہی پڑیگا۔

سنو ! سنو! اور غور سے سنو! اے رائیونڈ کی تبلیغی جماعت والو، دیوبندی مولویو! وہابی نجدی ،مودودی اور ان کے چاہنے والو سنو!............

شاید کہ اتر جائے تیرے دل میں حق بات اور شاید تم بھی رائیونڈ کی تبلیغی جماعت سے ،دیوبندیت ،وہابیت ،نجدیت اور مودودیت سے سچی توبہ کر کے اہل سنت و جماعت (بریلوی) کے دامن سے وابستہ ہو کر اولیاء کاملین ،سلفِ صالحین اور صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین کے راستے پر چل پڑو۔

سنو! سنو! اور غور سے سنو! فرمانِ مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم

لَسْتُ كَاَحَدٍ مِّنْكُمْ (صحیح بخاری ۲۶۳/۱)

ترجمہ...... "میں تمہارے کسی آدمی کی مانند نہیں۔"

اِنِّیْ لَسْتُ مِثْلَكُمْ .(صحیح بخاری ۲۶۳/۱)

ترجمہ...... "میں تمہاری مثل یا مانند نہیں۔"

اَيُّكُمْ مِثْلِيْ .(صحیح بخاری ۲۶۳/۱)

ترجمہ...... "تم میں کون میری مثل ہے۔"

اِنِّیْ لَسْتُ كَهَيْئَتِكُمْ .(صحیح بخاری ۲۶۳/۱)

ترجمہ...... "میں تمہاری صورت، شکل و صورت کے مانند نہیں۔"

واضح ہو گیا کہ صحابۂ کرام علیہم الرضوان جیسے نفوسِ قدسیہ بھی حضور صلی اللہ علیہ وسلم

جیسے نہیں ہو سکتے۔ تو حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو اپنے جیسا بشر کہنا کس قدر بڑی گستاخی ہے۔

اب قرآن مجید میں بھی غور فرمایئے شاید کہ اُتر جائے کسی کے دل میں حق بات۔ اور دیکھئے کہ اللہ تبارک وتعالیٰ قرآن مجید میں اپنے پیارے محبوب صلی اللہ علیہ وسلم کی ازواج مطہرات سے کیا ارشاد فرما رہا ہے:

يٰنِسَآءَ النَّبِيِّ لَسْتُنَّ كَاَحَدٍ مِّنَ النِّسَآءِ ○ (سورۃ الاحزاب آیت: ۳۲)

''اے نبی کی بی بیو! تم اور عورتوں کی طرح نہیں ہو۔'' (ترجمہ کنزالایمان)

سبحان اللہ! فرمایا جا رہا ہے کہ اے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی ازواج مطہرات تم اور عورتوں کی طرح نہیں ہو یعنی یہ مقدس خواتین حضورِ اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کی زوجیت میں آنے کی وجہ سے اور عورتوں جیسی نہیں ہیں تو معاذ اللہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم ہم جیسے کس طرح ہو سکتے ہیں اور قرآن مجید میں مزید غور فرمایئے اللہ جل شانہٗ کا فرمانِ عالی شان ہے:

وَمَآ اَرْسَلْنٰكَ اِلَّا رَحْمَةً لِّلْعٰلَمِيْنَ ○ (سورۃ الانبیاء آیت: ۱۰۷)

''اور ہم نے نہ بھیجا مگر رحمت سارے جہان کے لئے۔'' (ترجمہ کنزالایمان)

سبحان اللہ! یعنی اللہ تبارک وتعالیٰ نے تو حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو سارے جہانوں کے لئے رحمت بنا کر بھیجا ہے اور رائے ونڈ کی تبلیغی جماعت کے مولوی دیوبندی اہل حدیث، مودودی، نجدی وہابی یہ لکھ رہے ہیں کہ:

''میں تو محض تم ہی جیسا انسان ہوں اور کچھ نہیں تمہاری طرح ایک آدمی ہوں''۔ معاذ اللہ، معاذ اللہ، معاذ اللہ!

اور پھر اِن کو اپنی خرابیاں اور گستاخیاں بھی نظر نہیں آتیں کیونکہ اِن کے دلوں میں اللہ تبارک وتعالیٰ وحدہٗ لاشریک اور رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی محبت سے زیادہ

اپنے دیوبندی، نجدی، وہابی علماء اور مولویوں کی محبت موجود ہے اور جب کوئی سنی مسلمان اِن کے مولویوں اور علماء کے متعلق ذرا سی بات کہہ دے تو یہ لوگ قتل و غارت گری پر اُتر آتے ہیں، سنی مسلمانوں اور علماء کو قتل و شہید کرتے ہیں اور فرقہ واریت کو ہوا دیتے ہیں مسلمانوں میں پھوٹ ڈال کر مسلمانوں کے اتحاد و اتفاق کو پارہ پارہ کرتے ہیں۔

اللہ تعالیٰ تمام مسلمانوں کو عشقِ رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی لازوال دولت سے مالا مال فرمائے اور اتفاق و اتحاد کی توفیق عطا فرمائے آمین۔

اس لئے الحمد للہ! اعلیٰ حضرت مولانا احمد رضا خان فاضل بریلوی رحمۃ اللہ علیہ کے ترجمہ میں ادب ہی ادب ہے ایمان ہی ایمان ہے۔ غور فرمایئے!

یعنی رحمتِ کل عالم نورِ مجسم صلی اللہ علیہ وسلم ظاہری بشری صورت میں دنیا میں جلوہ افروز ہوئے ہیں۔ اس لئے آپ صلی اللہ علیہ وسلم بشر بھی ہیں، لیکن آپ صلی اللہ علیہ وسلم حقیقت میں نور ہیں جیسا کہ قرآن مجید میں اللہ تبارک و تعالیٰ کا فرمان عالی شان ہے:

قَدْ جَآءَ کُمْ مِّنَ اللّٰہِ نُوْرٌ وَّ کِتٰبٌ مُّبِیْنٌ ○

(سورۃ المائدہ آیت : ۱۵)

ترجمہ..... "بے شک تمہارے پاس اللہ کی طرف سے ایک نور آیا اور روشن کتاب۔"

اس آیتِ مقدسہ کی تفسیر میں حضرت سیدنا ابن عباس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ:

"نور سے مراد حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم ہیں۔"

تفسیر ابن عباس صفحہ ۷۲ اور مزید تفسیر صاوی جلد ا صفحہ ۲۷۵، تفسیر خازن صفحہ ۳۴، تفسیر بیضاوی صفحہ ۱۱۱، تفسیر مدارک جلد ا صفحہ ۲۸۷، تنویر المقباس صفحہ

۲۷، تفسیر روح البیان جلد ۲ صفحہ ۲۴۸، اور تفسیر جلالین صفحہ ۹۷، (امام جلال الدین سیوطی رحمۃ اللہ علیہ) وغیرہ میں ہے کہ "نور سے مراد محمد صلی اللہ علیہ وسلم ہیں۔"

حضرت ملا علی قاری رحمۃ اللہ علیہ موضاعاتِ کبیر صفحہ ۲۸۱ میں، امام قسطلانی رحمۃ اللہ علیہ نے مواہب اللدنیہ جلد ۲ صفحہ ۱۴۴ میں، حضرت جلال الدین رومی رحمۃ اللہ علیہ نے مثنوی شریف میں اور شیخ محقق حضرت عبدالحق محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ نے مدارج النبوت جلد ۱ صفحہ ۱۷۶ میں رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی ذات اقدس کو نور فرمایا ہے۔

اور یہی تمام صحابہ کرام علیہم الرضوان اور تمام مفسرین، محدثین اور اولیاء کاملین رحمہم اللہ تعالیٰ اجمعین کا عقیدہ ہے یہی اہل سنت و جماعت کا عقیدہ ہے۔

حضرت شیخ محقق شیخ عبدالحق محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ مدارج النبوۃ باب سوم میں فرماتے ہیں کہ:

"اس قسم کی آیات جن میں حضور علیہ السلام کی برابری یا مساوات معلوم ہوتی ہو وہ مثل متشابہات کے ہیں جیسے اللہ تبارک وتعالیٰ نے اپنے نور کی مثال چراغ سے دی، "کمشکوٰۃ فیھا مصباح" تو اب کوئی نہیں کہہ سکتا کہ نورِ الٰہی، چراغ جیسا نور ہے۔ (مدارج النبوۃ ۱/۱۷۶)

اس طرح رحمت کل عالم نور مجسم نبی مکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو بشر کہہ کر پکارنا حرام ہے اور اگر توہین کی نیت سے کہا تو کہنے والا کافر ہے۔

(فتاویٰ عالمگیری وغیرہا)

اس لئے الحمدللہ علیٰ احسانہٖ اعلیٰ حضرت امام اہل سنت مجدد دین وملت مولانا احمد رضا خان محدث بریلوی رحمۃ اللہ علیہ کا ترجمہ ہی بہترین ہے۔

❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖

حضرت سیدنا آدم علیہ السلام

کی شان میں گستاخی

📖 آیت نمبر 7

وَعَصٰٓی اٰدَمُ رَبَّهٗ فَغَوٰی٥

(سورہ طٰہٰ آیت : ۱۲۱)

ترجمہ...... محمود الحسن دیوبندی

''اور حکم ٹالا آدم نے اپنے رب کا پھر راہ سے بہکا۔''

ترجمہ...... اشرف علی تھانوی دیوبندی

''اور آدم سے اپنے رب کا قصور ہو گیا سو غلطی میں پڑ گئے۔''

ترجمہ...... مولوی مودودی، بانی جماعت اسلامی

''اور آدم نے اپنے رب کی نافرمانی کی اور راہ راست سے بھٹک گیا۔''

ترجمہ...... وحید الزمان اہل حدیث

''اور آدم نے اپنے مالک کا فرمانا نہ سنا آخر بھٹک گیا۔''

ترجمہ......اعلیٰ حضرت فاضل بریلوی رحمۃ اللہ علیہ

"اور آدم سے اپنے رب کے حکم میں لغزش واقع ہوئی تو جو مطلب چاہا تھا اس کی راہ نہ پائی۔"

غور فرمایئے ! رائیونڈ کی تبلیغی جماعت کے دیوبندی ،مودودی ،نجدی ،وہابی اور اہل حدیث مولویوں نے حضرت سیدنا آدم علیہ الصلوٰۃ والسلام کی شانِ اقدس میں کس قدر گستاخی ، بے ادبی اور توہین کی ہے۔حضرت سیدنا آدم علیہ السلام کو اللہ تعالیٰ کا حکم ٹالنے والا ، نافرمان بھٹکا ہوا اور راہ سے بہکا ہوا لکھ دیا۔ معاذ اللہ

اہل سنت و جماعت بریلوی کے نزدیک ایسے عیوب انبیاء علیہ السلام میں ممکن نہیں ۔کیونکہ یہ عیوب تو عام مسلمان مومن کے لائق نہیں تو انبیاء کرام علیہم السلام کی شان میں ایسے الفاظ استعمال کرنا یقیناً صریح گستاخی و کفر ہے۔

❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖

حضرت سیدنا یعقوب علیہ السلام

کی شانِ سراپا عظمت میں گستاخی

آیت نمبر 8

اِنَّ اَبَانَا لَفِیْ ضَلٰلٍ مُّبِیْنِ ۝ (سورہ یوسف آیت :۸)

ترجمہ......محمود الحسن دیوبندی

"البتہ ہمارا باپ صریح خطا پر ہے۔"

ترجمہ......اشرف علی تھانوی دیوبندی

"واقعی ہمارے باپ کھلی غلطی میں ہیں۔"

ترجمہ......وحیدالزمان اہل حدیث

"بے شک ہمارا باپ ضرور کھلی غلطی کر رہا ہے۔"

ترجمہ......اعلیٰ حضرت فاضل بریلوی رحمۃ اللہ علیہ

"بے شک ہمارے باپ صراحۃً اُن کی محبت میں ڈوبے ہوئے ہیں۔"

❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖

آیت نمبر 9

قَالُوْا تَاللّٰهِ اِنَّکَ لَفِیْ ضَلٰلِکَ الْقَدِیْمِ○(سورہ یوسف آیت :۹۵)

ترجمہ......محمود الحسن دیوبندی

"لوگ بولے! قسم اللہ کی تو تو اپنی اسی قدیم غلطی میں ہے۔"

ترجمہ......وحیدالزمان اہل حدیث

"وہ کہنے لگے خدا کی قسم تو تو اسی پرانے خبط میں ہے۔"

ترجمہ......مولوی مودودی، بانی جماعت اسلامی

"گھر کے لوگ بولے: خدا کی قسم آپ ابھی تک اپنے اُسی پرانے خبط میں
"

پڑے ہوئے ہیں۔"

ترجمہ......اشرف علی تھانوی دیوبندی

"وہ کہنے لگے بخدا آپ تو اپنے پرانے غلط خیال میں مبتلا ہیں۔"

ترجمہ......اعلیٰ حضرت فاضل بریلوی رحمۃ اللہ علیہ

"بیٹے بولے: خدا کی قسم آپ تو اپنی اُسی پرانی خودرفتگی میں ہیں۔"

غور فرمائیے! ارائے ونڈ کی تبلیغی جماعت کے دیوبندی اور نجدی وہابی اہل حدیث مولویوں نے حضرت سیدنا یعقوب علیہ الصلوٰۃ والسلام کو صریح خطا پر، کھلی غلطی میں پرانی خبط میں، قدیم غلطی میں اور پرانے غلط خیال میں مبتلا ہونے والا لکھ دیا ہے۔ جو کہ صریح توہین نبوت ہے۔ (معاذ اللہ)

حضرت سیدنا یوسف علیہ السلام
کی شانِ سراپا عظمت میں گستاخی

آیت نمبر 10

وَلَقَدْ هَمَّتْ بِهٖ ۚ وَهَمَّ بِهَا ۚ ○ (سورہ یوسف آیت: ۲۴)

ترجمہ......محمود الحسن دیوبندی

"اور البتہ عورت نے فکر کیا اس کا اور اس نے فکر کیا عورت کا اگر نہ ہوتا یہ کہ دیکھتے قدرت اپنے رب کی۔"

ترجمہ......اشرف علی تھانوی دیوبندی

"اور اس عورت کے دل میں تو ان کا خیال جم ہی رہا تھا اور ان کو بھی اس عورت کا کچھ کچھ خیال ہو چلا تھا۔ اگر اپنے رب کی دلیل کو انہوں نے نہ دیکھا ہوتا (تو زیادہ خیال ہو جاتا عجب نہ تھا)۔"

ترجمہ......وحید الزمان اہل حدیث

"زلیخا نے یوسف کا قصد کیا اور یوسف نے زلیخا کا۔"

ترجمہ......عاشق الٰہی میرٹھی

"اور اس عورت نے ارادۂ بد کیا یوسف سے اور یوسف نے بھی خیال کیا عورت کا۔" (معاذ اللہ)

رائیونڈ کی تبلیغی جماعت کے دیوبندی، نجدی، وہابی اور اہل حدیث مولویوں نے حضرت سیدنا یوسف علیہ الصلوٰۃ والسلام کی شانِ اقدس میں کس قدر صریح توہین اور گستاخی کی ہے۔ یعنی عورت نے یوسف علیہ السلام سے زنا جیسی برائی کا قصد کیا ارادہ بد کیا، فکر کیا......تو دیوبندی، وہابی، نجدی، اہل حدیث مولویوں نے ویسا ہی حضرت یوسف علیہ السلام کے لئے بھی لکھ دیا ہے کہ

"فکر کیا اس نے عورت کا"

اور وحید الزمان غیر مقلد اہل حدیث لکھتا ہے کہ

"زلیخا نے یوسف کا قصد کیا اور یوسف نے زلیخا کا۔" (معاذ اللہ)

دیوبندیوں کا حکیم الامت اشرف علی تھانوی لکھتا ہے کہ:

''یوسف علیہ السلام کو بھی اس عورت زلیخا کا خیال ہو چلا تھا اور اپنے رب کی دلیل نہ دیکھ لیتا تو زیادہ خیال ہو جاتا تو عجب نہ تھا۔''

معاذ اللہ! دیوبندیوں کے شیخ الہند محمود الحسن دیوبندی کا تصحیح شدہ ترجمہ میں عاشق الٰہی میرٹھی دیوبندی لکھتا ہے۔

''اس عورت نے ارادہ بد کیا یوسف سے اور یوسف نے بھی خیال کیا عورت کا۔''

معاذ اللہ کس قدر بے حیائی، بے غیرتی، بے ادبی اور گستاخی پر مبنی ترجمہ ہے۔ رائیونڈ کی تبلیغی جماعت والے دیوبندی نجدی وہابی اہل حدیث مولوی اس کی سزا بھی سن لیں اور اپنے بارے میں فیصلہ بھی خود کر لیں۔

شرح فقہ اکبر مطبوعہ مصر صفحہ ۱۵۱ میں ہے۔

''تمام انبیاء کرام علیہم الصلوٰۃ والسلام صغیرہ و کبیرہ گناہوں، کفر و عیبوں اور بُری باتوں سے پاک ہیں۔''

اور مجمع الانہار جلد ا صفحہ ۱۹۱ میں ہے:

''یعنی حضرات انبیاء علیہم السلام کو فواحش کی طرف نسبت کرنے والا مثلاً حضرت یوسف علیہ السلام کو زنا کا قصد کرنے والا بتانے والا کافر ہے۔''

غور فرمایئے! مذکورہ بالا تمام مترجمین کے تراجم سے یہ بالکل عیاں ہے کہ حضرت یوسف علیہ السلام نے معاذ اللہ حضرت زلیخا کا ''فکر کیا''۔ ''کچھ کچھ خیال ہو چلا تھا'' ''قصد کیا''۔ ''ارادہ کیا''

ترجمہ......اعلیٰ حضرت فاضل بریلوی رحمۃ اللہ علیہ

"اور بے شک عورت نے اس کا ارادہ کیا اور وہ عورت کا ارادہ کرتا اگر اپنے رب کی دلیل نہ دیکھ لیتا۔"

امام احمد رضا خان فاضلِ بریلوی رحمۃ اللہ علیہ احادیث و تفسیر کے مطابق نبی علیہ السلام کے شایانِ شان ترجمہ کر رہے ہیں کہ حضرت زلیخا نے حضرت یوسف علیہ السلام کا ارادہ کیا مگر حضرت یوسف علیہ السلام کے متعلق فرمایا کہ وہ "ارادہ کرتا" یعنی انہوں نے ارادہ نہیں کیا، اس لئے کہ نبی گناہ کا ارادہ کرنے سے بھی پاک ہوتا ہے۔

❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖

حضرت سیدنا لوط علیہ السلام

کی شانِ سراپا عظمت میں گستاخی

📖 آیت نمبر 11

قَالَ هٰٓؤُلَآءِ بَنٰتِیْٓ اِنْ كُنْتُمْ فٰعِلِیْنَ ○ (سورۃ الحجر آیت : ۷۱)

ترجمہ......محمود الحسن دیوبندی

"بولا یہ حاضر ہیں میری بیٹیاں اگر تم کو کرنا ہے۔"

ترجمہ......اشرف علی تھانوی دیوبندی

"لوط نے فرمایا کہ یہ میری بیٹیاں موجود ہیں اگر تم میرا کہنا کرو۔"

ترجمہ......عبدالماجد دریا آبادی دیوبندی، وہابی

"(لوط نے) کہا یہ میری بیٹیاں بھی موجود ہیں اگر تمہیں کچھ کرنا ہی ہے۔"

ترجمہ......مولوی مودودی، بانی جماعت اسلامی

"لوط نے عاجز ہو کر کہا، اگر تمہیں کچھ کرنا ہی ہے تو یہ میری بیٹیاں موجود ہیں۔"

غور فرمائیے! تبلیغی، دیوبندی، نجدی اور وہابیوں کے تراجم سے یہ بات سامنے آتی ہے کہ حضرت لوط علیہ السلام کے بدمست اور لواطت و زنا کے شائق کافروں نے اِن مہمانوں سے عملِ بد کا ارادہ کیا تو انہوں نے مجبور ہو کر اور مہمانوں کی عزت رکھنے کی خاطر اپنی بیٹیاں پیش کر دیں کہ جو کچھ کرنا ہے اِن سے کر لو۔ (استغفر اللّٰہ) ایسی بے غیرتی کا مظاہرہ تو ایک عام مسلمان بھی نہیں کر سکتا۔

جبکہ امام احمد رضا خان فاضلِ بریلوی رحمۃ اللہ علیہ احادیث و تفسیر کے مطابق نبی علیہ السلام کے شایانِ شان ترجمہ کر رہے ہیں کہ "یہ قوم کی عورتیں میری بیٹیاں ہیں یعنی جو تمہاری بیبیاں ہیں۔ شریعت کی حدود کے مطابق اِن تک محدود رہو۔" ملاحظہ ہو

ترجمہ......اعلیٰ حضرت فاضل بریلوی رحمۃ اللہ علیہ

"کہا یہ قوم کی عورتیں میری بیٹیاں ہیں، اگر تمہیں کرنا ہے۔"

❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖

حضرت سیدنا سلیمان علیہ السلام

کی شانِ سراپا عظمت میں گستاخی

آیت نمبر 12

فَقَالَ اَحَطْتُّ بِمَا لَمْ تُحِطْ بِهٖ ○(سورۃ النمل آیت : ۲۲)

ترجمہ......محمود الحسن دیو بندی

"کہا میں لے آیا خبر ایک چیز کی کہ تجھ کو اُس کی خبر نہ تھی۔"

ترجمہ......اشرف علی تھانوی دیو بندی

"کہنے لگا کہ میں ایک ایسی بات معلوم کر کے آیا ہوں ہے جو آپ کو معلوم نہیں ہوئی۔"

ترجمہ......وحید الزمان اہل حدیث

"اور کہنے لگا کہ میں نے وہ بات معلوم کی ہے جو تجھ کو (بھی) معلوم نہیں ہے۔"

ترجمہ......فتح محمد جالندھری

"کہنے لگا کہ مجھے ایک ایسی چیز معلوم ہوئی ہے جس کی آپ کو خبر نہیں۔"

ترجمہ......عبد الماجد دریا آبادی

"اور کہنے لگا کہ میں ایسی بات معلوم کر کے آیا ہوں جو آپ کو معلوم نہیں۔"

ترجمہ......ابوالکلام آزاد

''کہا میں وہ بات معلوم کر کے آیا ہوں جو آپ کے علم میں نہیں ہے۔''

ترجمہ......مولوی مودودی، بانی جماعت اسلامی

''اس نے آ کر کہا: میں نے وہ معلومات حاصل کی ہیں جو آپ کے علم میں نہیں۔''

غور فرمایئے! مندرجہ بالا دیوبندی، وہابی، نجدی مولویوں نے ملکہ بلقیس سے متعلق ہد ہد کے اِدراک (جاننے) کو علم قرار دیا ہے۔ اور اِن دیوبندی، وہابی نجدیوں کے ترجمہ سے ہد ہد کے علم کے مقابلے میں حضرت سلیمان علیہ السلام کے علم کی نفی اور کمی ثابت ہو رہی ہے جو کہ حضرت سلیمان علیہ السلام کی شان و عظمت کے لائق نہیں ہے۔

جبکہ اعلیٰ حضرت فاضلِ بریلوی رحمۃ اللہ علیہ کے ترجمہ سے حضرت سیدنا سلیمان علیہ السلام کی شان و عظمت پر کوئی دھبہ نہیں آتا جیسا کہ

ترجمہ......اعلیٰ حضرت فاضل بریلوی رحمۃ اللہ علیہ

''اور آ کر عرض کی کہ میں وہ بات دیکھ آیا ہوں جو حضور نے نہ دیکھی۔''

حضرت سیدنا یونس علیہ السلام

کی شان اقدس میں گستاخی

آیت نمبر 13

حَتّٰی اِذَا اسْتَیْئَسَ الرُّسُلُ وَظَنُّوْا اَنَّهُمْ قَدْ كُذِبُوْا جَآءَهُمْ نَصْرُنَا○(سورہ یوسف آیت: ۱۱۰)

ترجمہ...... محمود الحسن دیوبندی

"یہاں تک کہ جب نا امید ہونے لگے رسول اور خیال کرنے لگے کہ ان سے جھوٹ کہا گیا ہے۔"

ترجمہ...... اشرف علی تھانوی دیوبندی

"یہاں تک کہ جب پیغمبر مایوس ہو گئے اور ان پیغمبروں کو غالب گمان ہو گیا کہ ہماری فہم نے غلطی کی۔"

ترجمہ...... وحید الزمان اہل حدیث

"یہاں تک کہ جب پیغمبر نا امید ہو گئے اور اُن کی قوم کے لوگ یہ سمجھنے لگے کہ پیغمبر جھوٹے ہیں۔"

ترجمہ...... مولوی مودودی، بانی جماعت اسلامی

"یہاں تک کہ جب پیغمبر لوگوں سے مایوس ہو گئے اور لوگوں نے بھی سمجھ لیا کہ اُن سے جھوٹ بولا گیا تھا۔"

ترجمہ......اعلیٰ حضرت فاضل بریلوی رحمۃ اللہ علیہ

"یہاں تک کہ جب رسولوں کو ظاہری اسباب کی اُمید نہ رہی اور لوگ سمجھے کہ رسولوں نے اُن سے غلط کہا تھا"

غور فرمایئے! دیوبندی، وہابی، ترجموں میں کس قدر گستاخی ہے۔ رائیونڈ کی تبلیغی جماعت کا شیخ الہند محمود الحسن دیوبندی ترجمہ کررہا ہے کہ جب ناامید ہونے لگے رسول۔

اشرف علی تھانوی دیوبندی نے بالکل صاف لکھ دیا کہ:

"جب مایوس ہوگئے پیغمبر"۔ (معاذ اللہ)

یاد رکھیئے! انبیاء کرام علیہم السلام کو خدا کی نصرت، اس کی رحمت صدق یا ایفائے عہد سے ناامید ہونے والے لکھ دیا ہے۔ اپنی سچائی میں شک کرنے والا۔ یا اللہ کی طرف جھوٹ کا گمان کرنے والا لکھ دیا ہے یہ ایک مستقل کفر ہے۔

جیسا کہ قرآن مجید میں ارشاد ہوتا ہے:

"اور اللہ کی رحمت سے ناامید نہ ہو بے شک اللہ کی رحمت سے ناامید نہیں ہوتے مگر کافر لوگ۔" (ترجمہ کنز الایمان) (سورہ یوسف پارہ:۱۳)

مزید تفسیر کبیر میں ہے:

"ایمان لانے والے کو جائز نہیں ہے کہ اللہ تعالیٰ پر جھوٹ بولنے کا گمان کرے بلکہ ایسا کرنے سے ایمان سے خارج ہو جائے گا۔"

جبکہ امام اہل سنت اعلیٰ حضرت فاضل بریلوی نے باادب ترجمہ کرکے مسلمانوں کو گمراہی سے بچایا ہے۔

بسم اللہ شریف کے ترجمہ میں جاہلانہ غلطیاں

آیت نمبر 14

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ○

ترجمہ......اشرف علی تھانوی دیوبندی

''شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو بڑے مہربان نہایت رحم والے ہیں''۔

ترجمہ......عبدالماجد دریا آبادی دیوبندی

شروع اللہ نہایت رحم کرنے والے بار بار رحم کرنے والے کے نام سے''۔

ترجمہ......اعلیٰ حضرت فاضل بریلوی رحمۃ اللہ علیہ

''اللہ کے نام سے شروع جو نہایت مہربان رحم والا''۔

غور فرمایئے! کہ مترجمین نے ترجمہ میں اللہ تبارک وتعالیٰ کے نام کی بجائے لفظ''شروع'' سے ترجمہ کا آغاز کیا ہے۔ چنانچہ مترجم کا قول خود اپنی زبان سے غلط ہوگیا کہ اس نے تو اللہ تعالیٰ کے نام سے شروع ہی نہیں کیا۔

قانون یہ ہے کہ عربی زبان سے اردو میں ترجمہ کیا جائے تو''مضاف الیہ'' پہلے اور''مضاف'' بعد میں آتا ہے جیسے (بقلم زید، ترجمہ......زید کے قلم سے) باسم زید: زید کے نام سے اور (فی کتب اللہ: اللہ تعالیٰ کی کتاب میں) اسی طرح سے بسم اللہ: اللہ کے نام سے: ترجمہ ہونا چاہیے۔

اور مزید غلطی یہ کہ نہایت رحم والا ہے یعنی''ہے'' لکھنے سے جملہ''خبریہ

"ہو گیا اور خبر میں جھوٹ اور سچ دونوں کا احتمال ہوتا ہے۔

مزید غلطی یہ کہ "شروع کرتا ہوں" یہ ترجمہ مردوں کے لئے ہے اور عورتوں کے لئے یہ ترجمہ درست نہیں اور اس پر مزید یہ کہ اشرف علی تھانوی نے ترجمہ کے آخر میں "ہیں" بڑھا دیا ہے ان کے تلامذہ یا معتقدین یہ بتائیں کہ "ہیں" کس لفظ کا ترجمہ ہے۔

جبکہ امام اہلسنت اعلیٰ حضرت فاضل بریلوی رحمۃ اللہ علیہ کا ترجمہ ہر لحاظ سے بہترین اور مکمل ہے۔ (یعنی ترجمہ کنزالایمان)

رائے ونڈ کی تبلیغی جماعت کے دیوبندی اور اہل حدیث نجدی وہابی مولویوں کے ترجمہ قرآن میں اللہ تبارک وتعالیٰ جل جلالہ کی شان میں گستاخیوں کے چند نمونے۔

❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖

اللہ تبارک وتعالیٰ کے علم کی نفی کر دی

آیت نمبر 15

وَلَمَّا يَعْلَمِ اللّٰهُ الَّذِيْنَ جٰهَدُوْا مِنْكُمْ ۝ (سورہ آل عمران آیت ۱۴۲)

ترجمہ..... اشرف علی تھانوی دیوبندی

"حالانکہ ہنوز اللہ تعالیٰ نے اُن لوگوں کو تو دیکھا ہی نہیں جنہوں نے تم میں سے جہاد کیا ہو۔"

ترجمہ..... وحیدالزمان اہل حدیث

"اور ابھی اللہ تعالیٰ نے یہ نہیں دیکھا کہ کون تم میں سے جہاد کرتے ہیں اور نہ یہ دیکھا کہ کون ثابت قدم رہتے ہیں۔"

ترجمہ...... محمود الحسن دیو بندی

"اور ابھی تک معلوم نہیں کیا اللہ نے جو لڑنے والے ہیں تم میں۔"

ترجمہ...... فتح محمد جالندھری دیو بندی وہابی

"حالانکہ ابھی خدا نے تم میں سے جہاد کرنے والوں کو تو اچھی طرح معلوم کیا ہی نہیں۔"

مندرجہ بالا دیو بندی، نجدی، وہابی اور اہل حدیث کے ترجمہ سے اللہ تبارک وتعالیٰ کے علم کی نفی ثابت کی جارہی ہے۔ یعنی اللہ تبارک وتعالیٰ نے دیکھا ہی نہیں، گویا معلوم ہی نہیں کیا۔ (معاذ اللہ)

جبکہ اعلیٰ حضرت فاضل بریلوی رحمۃ اللہ علیہ نے اللہ جل شانہٗ کے شایانِ شان ترجمہ کر کے مسلمانوں کو بے ادبی سے بچایا ہے۔

ترجمہ...... اعلیٰ حضرت فاضل بریلوی رحمۃ اللہ علیہ

"اور ابھی اللہ نے تمہارے غازیوں کا امتحان نہ لیا۔"

❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖

آیت نمبر 16

وَلَيَعْلَمَنَّ اللّٰهُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَلَيَعْلَمَنَّ الْمُنٰفِقِيْنَ ○ (سورہ عنکبوت آیت: ۱۱)

ترجمہ...... اشرف علی تھانوی دیو بندی

"اور اللہ تعالیٰ ایمان لانے والوں کو معلوم کر کے رہے گا اور منافقوں کو بھی

معلوم کر کے رہے گا۔"

ترجمہ......محمود الحسن دیوبندی

"اور البتہ معلوم کرے گا اللہ ان لوگوں کو یقین لائے ہیں اور البتہ معلوم کرے گا جو لوگ دغاباز ہیں۔"

ترجمہ......اعلیٰ حضرت فاضل بریلوی رحمۃ اللہ علیہ

"اور اللہ ظاہر کر دے گا ایمان والوں کو اور ضرور ظاہر کر دے گا منافقوں کو۔"

❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖

آیت نمبر 17

اِلَّا لِنَعْلَمَ مَنْ یَّتَّبِعُ الرَّسُوْلَ مِمَّنْ یَّنْقَلِبُ عَلٰی عَقِبَیْهِ ۝

(سورۃ البقرۃ آیت: ۱۴۳)

ترجمہ......محمود الحسن دیوبندی

"مگر اس واسطے کہ معلوم کریں کون تابع رہے گا رسول کا اور کون پھر جائے گا اُلٹے پاؤں۔"

ترجمہ......اشرف علی تھانوی دیوبندی

"وہ تو محض اس لئے تھا کہ ہم کو معلوم ہو جائے کہ کون تو رسول کا اتباع اختیار کرتا اور کون پیچھے کو ہٹتا جاتا ہے۔"

ترجمہ......وحیدالزمان اہلحدیث

"اس کی غرض یہ تھی کہ ہم کو یہ بات کھل جائے کہ کون پیغمبر کی پیروی کرتا ہے اور کون اُلٹے پاؤں پھر جاتا ہے۔"

ذرا غور کیجئے! اللہ تعالیٰ کو غرض مند، حاجت مند بتایا ہے۔ اللہ تبارک وتعالیٰ علیم وخبیر ہے عالم الغیب والشھادۃ ہے علیم بذات الصدور ہے۔ لیکن دیوبندی وہابی ترجمہ پڑھنے سے ظاہر ہو رہا ہے کہ اللہ تعالیٰ کو نہ پہلے معلوم تھا اور نہ فی الحال معلوم ہے اور آئندہ اللہ تعالیٰ معلوم کرے گا اور گویا دیکھا ہی نہیں اور جانا ہی نہیں معاذ اللہ کس قدر گمراہ کن ترجمہ ہے۔ اللہ تبارک وتعالیٰ کے علم کی نفی کر کے اللہ تبارک وتعالیٰ کی شان وعظمت پر کتنا بڑا حملہ کیا ہے جبکہ اللہ تبارک وتعالیٰ کی شان وعظمت کا پاسبان ترجمہ "کنز الایمان" نے مسلمانوں کو اللہ تعالیٰ کی بے ادبی سے بچایا ہے۔ (سبحان اللہ)

ترجمہ......اعلیٰ حضرت فاضل بریلوی رحمۃ اللہ علیہ

"کہ دیکھیں کون رسول کی پیروی کرتا ہے اور کون اُلٹے پاؤں پھر جاتا ہے۔"

❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖

اللہ تعالیٰ کو چال باز لکھ دیا

📖 آیت نمبر 18

وَيَمْكُرُوْنَ وَ يَمْكُرُ اللّٰهُ ؕ وَاللّٰهُ خَيْرُ الْمٰكِرِيْنَ○

(سورۃ الانفال آیت: ۳۰)

ترجمہ......فتح محمد جالندھری دیو بندی

"(ادھر تو) وہ چال چل رہے تھے اور اُدھر خدا چال چل رہا تھا اور خدا سب سے بہتر چال چلنے والا ہے۔"

ترجمہ......مولوی مودودی، بانی جماعت اسلامی

"اور اللہ اپنی چال چل رہا تھا اور اللہ سب سے بہتر چال چلنے والا ہے۔"

ترجمہ......وحید الزمان اہل حدیث

"اور وہ (اپنا) داؤں کر رہے تھے اور اللہ تعالیٰ (اپنا) داؤں کر رہا تھا اور اللہ تعالیٰ سب داؤ کرنے والوں سے بہتر داؤں کرنے والا ہے۔"

ترجمہ......محمود الحسن دیو بندی

"وہ بھی داؤ کرتے تھے اور اللہ بھی داؤ کرتا تھا اور اللہ کا داؤ سب سے بہتر ہے۔"

ترجمہ......اعلیٰ حضرت فاضل بریلوی رحمۃ اللہ علیہ

"اور وہ اپنا سا مکر کرتے تھے اور اللہ اپنی خفیہ تدبیر فرماتا تھا اور اللہ کی خفیہ تدبیر سب سے بہتر ہے۔"

آیت نمبر 19

وَمَكَرُوْا مَكْرًا وَّ مَكَرْنَا مَكْرًا وَّ هُمْ لَا يَشْعُرُوْنَ○

(سورۃ النمل آیت: ۵۰)

ترجمہ...... محمود الحسن دیوبندی

"اور انہوں نے بنایا ایک فریب اور بنایا ہم نے ایک فریب اور ان کو خبر نہ ہوئی۔"

ترجمہ...... مولوی مودودی، بانی جماعت اسلامی

"ان کی چالوں کے مقابلہ میں خدا بھی ایک چال چلا مگر خدائی چال ایسی تھی کہ وہ اس کو سمجھ بھی نہ سکتے تھے پھر اس کا توڑ کہاں سے کرتے خدا کی چال سامنے سے نہیں آتی۔" (تفہیمات صفحہ ۴۳)

ترجمہ...... وحید الزمان اہل حدیث

"اور انہوں نے ایک داؤں کیا اور ہم نے بھی ایک داؤں کیا اور اُن کو (ہمارا داؤں) معلوم ہی نہ تھا۔"

ترجمہ...... اعلیٰ حضرت فاضل بریلوی رحمۃ اللہ علیہ

"اور انہوں نے اپنا سا مکر کیا اور ہم نے اپنی خفیہ تدبیر فرمائی اور وہ غافل رہے۔"

❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖

اللہ تعالیٰ کو مکر کرنے والا لکھ دیا

آیت نمبر 20

وَمَكَرُوْا وَمَكَرَ اللّٰهُ ؕ وَاللّٰهُ خَيْرُ الْمٰكِرِيْنَ ۝

(سورہ آل عمران آیت : ۵۴)

ترجمہ......وحید الزمان اہل حدیث

"اور انہوں نے خفیہ داؤ کیا اور اللہ نے ان سے داؤ کیا اللہ سب سے بہتر داؤ کرنے والا ہے۔"

ترجمہ.. محمود الحسن دیوبندی

"اور مکر کیا ان کافروں نے اور مکر کیا اللہ نے اور اللہ کا داؤ سب سے بہتر ہے۔"

ترجمہ......اعلیٰ حضرت فاضل بریلوی رحمۃ اللہ علیہ

"اور کافروں نے مکر کیا اور اللہ نے ان کے ہلاک کی خفیہ تدبیر فرمائی اور اللہ سب سے بہتر چھپی تدبیر والا ہے۔"

دیوبندی، نجدی، وہابی مولویوں نے اللہ تعالیٰ کو چال باز اور داؤ کرنے والا کہہ کر سخت گستاخی اور بے ادبی کی ہے کیونکہ اللہ کی چال بہت تیز ہے، اللہ بھی داؤ کرتا ہے۔ معاذ اللہ۔ یہ الفاظ اللہ تعالیٰ کی شان کے لائق ہرگز نہیں ہیں۔ مثلاً اگر کوئی یہ کہے کہ تمہارا باپ بڑا چال باز ہے، بڑی تیز چالیں چلتا ہے بڑے داؤ کرتا ہے تو آپ کو غصہ آئے گا اور اس میں آپ کو اپنے

بزرگوں کی بے ادبی محسوس ہوگی اور اشرف علی تھانوی نے تو اللہ تعالیٰ کے نامِ مبارک کے ساتھ لفظ "میاں" لکھ کر اللہ تعالیٰ کو عام انسانوں کی فہرست میں لا کر کھڑا کر دیا ہے۔ معاذ اللہ

❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖

اللہ تعالیٰ کو فریب دینے والا، دھوکہ دینے والا دغا دینے والا لکھ دیا

آیت نمبر 21

اِنَّ الْمُنٰفِقِیْنَ یُخٰدِعُوْنَ اللّٰهَ وَهُوَ خَادِعُهُمْ ۚ

(سورۃ النساء آیت: ۱۴۲)

ترجمہ...... محمود الحسن دیوبندی

"منافقین دغا بازی کرتے ہیں اللہ سے اور اللہ بھی ان کو دغا دے گا۔"

ترجمہ...... مولوی مودودی، بانی جماعت اسلامی

"یہ منافق اللہ کے ساتھ دھوکہ بازی کر رہے ہیں حالانکہ درحقیقت اللہ ہی نے انہیں دھوکہ میں ڈال رکھا ہے۔ (تفہیم القرآن)

ترجمہ...... وحید الزمان اہل حدیث

"منافق (سمجھتے ہیں) کہ وہ اللہ تعالیٰ کو فریب دیتے ہیں اور (یہ نہیں جانتے کہ) اللہ تعالیٰ ان کو فریب دے رہا ہے۔"

ترجمہ......فتح محمد جالندھری دیوبندی

"منافق (ان چالوں سے اپنے نزدیک) خدا کو دھوکہ دیتے ہیں (یہ اس کو کیا دھوکہ دیں گے) وہ انہیں دھوکے میں ڈالنے والا ہے۔"

ترجمہ......اعلیٰ حضرت فاضل بریلوی رحمۃ اللہ علیہ

"بے شک منافق لوگ اپنے گمان میں اللہ کو فریب دیا چاہتے ہیں اور وہی ان کو غافل کر کے مارے گا۔"

❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖

اللہ تعالیٰ کو ٹھٹھا، ہنسی مذاق کرنے والا لکھ دیا

آیت نمبر 22

اَللّٰهُ يَسْتَهْزِئُ بِهِمْ وَيَمُدُّهُمْ فِيْ طُغْيَانِهِمْ يَعْمَهُوْنَ ۝ (سورۃ البقرۃ آیت : ۱۵)

ترجمہ......سر سید احمد خان، نیچری وہابی

"اللہ اُن سے ٹھٹھا کرتا ہے۔" (معاذ اللہ)

ترجمہ......وحید الزمان اہل حدیث

"اللہ جل شانہٗ اُن سے دل لگی کرتا ہے۔"

ترجمہ......مولوی مودودی، بانی جماعت اسلامی

"اللہ ان سے مذاق کر رہا ہے۔" (ترجمہ تفہیم القرآن)

ترجمہ...... محمود الحسن دیوبندی

"(یعنی مسلمانوں سے) اللہ ہنسی کرتا ہے ان سے اور ترقی دیتا ہے ان کو ان کی سرکشی میں اور حالت یہ ہے کہ وہ عقل کے اندھے ہیں۔"

ترجمہ...... اعلیٰ حضرت فاضل بریلوی رحمۃ اللہ علیہ

"اللہ ان سے استہزاء فرماتا ہے (جیسا اس کی شان کے لائق ہے) اور انہیں ڈھیل دیتا ہے کہ اپنی سرکشی میں بھٹکتے رہیں۔"

اے مسلمانو! لفظ مذاق کرنا تو مومن کے لائق نہیں ہے کیونکہ سیدنا عمر فاروق رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں جو کسی سے مذاق کرتا ہے وہ اس کی نظر میں گر جاتا ہے تو لفظ "مذاق کرنا" اللہ تعالیٰ کی شایان شان کس طرح ہو سکتا ہے۔؟

مندرجہ بالا تراجم میں غور کیجئے۔ مودودی، دیوبندی وہابی علماء (جہلا) نے اللہ تبارک وتعالیٰ کی شان میں کس قدر بے ادبی و گستاخی کے الفاظ استعمال کیے ہیں اور خالق کو مخلوق کے درجے میں لا کھڑا کیا ہے۔ (معاذ اللہ)

ان تراجم میں استعمال کئے گئے الفاظ مثلاً "اللہ بھی ان کو دغا دے گا، اللہ نے دھوکے میں ڈال رکھا ہے، اللہ ان سے مذاق کر رہا ہے، اللہ ہنسی کرتا ہے، خدا ان کو دھوکا دے رہا ہے اور اللہ بھول گیا ان کو وغیرہا یہ سب الفاظ کسی طرح سے بھی ہرگز ہرگز اللہ تبارک وتعالیٰ کی شان وعظمت کے لائق نہیں ہیں۔

جبکہ امام اہلسنت اعلیٰ حضرت فاضل بریلوی رحمۃ اللہ علیہ نے تفاسیر کی

روشنی میں باادب اور بہترین ترجمہ کر کے مسلمانوں کو بے ادبی اور گمراہی سے بچایا ہے۔

❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖

اللہ تعالیٰ کو بھول جانا والا لکھ دیا

آیت نمبر 23

نَسُوا اللّٰهَ فَنَسِيَهُمْ ○ (سورہ توبہ آیت: ۶۷)

ترجمہ......محمود الحسن دیوبندی

"وہ بھول گئے اللہ کو سو وہ بھول گیا ان کو۔"

ترجمہ......مولوی مودودی، بانی جماعت اسلامی

"یہ اللہ کو بھول گئے تو اللہ نے بھی انہیں بھلا دیا۔"

ترجمہ......اعلیٰ حضرت فاضل بریلوی رحمۃ اللہ علیہ

"وہ اللہ کو چھوڑ بیٹھے تو اللہ نے انہیں چھوڑ دیا۔"

یاد رکھیئے! "بھول" کی اللہ تعالیٰ کی طرف نسبت کرنا ہرگز جائز نہیں۔ اللہ تعالیٰ ہر قسم کی بھول سے پاک ہے۔

خزانۃ الروایات میں ہے کہ:

"اگر اللہ تعالیٰ کو کسی ایسی صفت سے متصف کیا گیا جو اس کے لائق نہیں

(جیسے مکر، فریب، دھوکہ بازی ہنسی، ٹھٹھا، چال بازی، داؤ چلنا، مذاق یا بھول وغیرہ کی طرف نسبت کرتا) تو کہنے والا فوراً کافر ہو جائے گا۔"

ان کی انہی جہالتوں کی حد ہے "ستیارتھ پرکاش" نامی کتاب، اسلام پر طنز واعتراضات سے بھری ہوئی ہے کہ جو خدا اپنے بندوں کے مکروفریب اور دغا میں آجائے اور خود بھی مکروفریب اور دغا کرتا ہو ایسے خدا کو دور سے سلام وغیرہ۔ معاذ اللہ

فتاویٰ عالمگیری مطبوعہ مصر جلد ۲ صفحہ ۲۵۸ میں ہے:

"جو شخص اللہ کی ایسی شان بیان کرے جو اس کے لائق نہ ہو اور اللہ تعالیٰ کی جہل یا عجز یا کسی عیب کیطرف نسبت کرے وہ کافر ہے۔"

❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖

آیت نمبر 24

فَذُوْقُوْا بِمَا نَسِيْتُمْ لِقَآءَ يَوْمِكُمْ هٰذَا ۚ اِنَّا نَسِيْنٰكُمْ ○ (سورۃ السجدۃ آیت: ۱۴)

ترجمہ...... محمود الحسن دیوبندی

"سو اب چکھو مزہ جیسے تم نے بھلا دیا اِس اپنے دن کے ملنے کو ہم نے بھلا دیا تم کو۔"

ترجمہ...... اشرف علی تھانوی دیوبندی

"تو اب اس کا مزہ چکھو کہ تم اپنے اس دن کے آنے کو بھولے رہے ہم نے تم کو بھلا دیا۔"

ترجمہ......اعلیٰ حضرت فاضل بریلوی رحمۃ اللہ علیہ

"اب چکھو بدلہ اس کا کہ تم اپنے اس دن کی حاضری بھولے تھے ہم نے تمہیں چھوڑ دیا۔"

❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖

اللہ تعالیٰ کو قسم کھانے والا لکھ دیا

آیت نمبر 25

لَاۤ اُقۡسِمُ بِهٰذَا الۡبَلَدِ ۝ (سورہ بلد آیت:۱)

ترجمہ......اشرف علی تھانوی دیوبندی

"میں قسم کھاتا ہوں اس شہر مکہ کی۔"

ترجمہ......محمود الحسن دیوبندی

"قسم کھاتا ہوں اس شہر کی۔"

ترجمہ......وحید الزمان اہل حدیث

"(اے پیغمبر) میں اس شہر (یعنی مکہ) کی قسم کھاتا ہوں۔"

ترجمہ......اعلیٰ حضرت فاضل بریلوی رحمۃ اللہ علیہ

"مجھے اس شہر کی قسم کہ اے محبوب آپ اس شہر میں تشریف فرما ہو۔"

اللہ تبارک وتعالیٰ کھانے پینے سے پاک اور بے نیاز ہے اور اللہ تعالیٰ کی طرف قسم کھانے کی نسبت کرنا اور ایسا ترجمہ کرنا سخت بے ادبی اور جہالت ہے جبکہ اعلیٰ حضرت فاضلِ بریلوی رحمۃ اللہ علیہ نے بہترین اور باادب ترجمہ کیا ہے۔

❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖

اللہ تعالیٰ کو مجسم مان لیا جب کہ اللہ تعالیٰ جسم سے پاک ہے

آیت نمبر 26

اَلرَّحْمٰنُ عَلَی الْعَرْشِ اسْتَوٰی○(طٰہٰ آیت: ۵)

ترجمہ.....وحید الزمان اہل حدیث

"وہ بڑے رحم والا تخت پر چڑھا۔"

ترجمہ......اشرف علی تھانوی

"وہ بڑی رحمت والا عرش پر قائم ہے۔"

ترجمہ.....محمود الحسن دیوبندی

"وہ بڑا مہربان عرش پر قائم ہوا۔"

ترجمہ......اعلیٰ حضرت فاضل بریلوی رحمۃ اللہ علیہ

"وہ بڑی مہر والا اس نے عرش پر استواء فرمایا (جیسا اس کی شان کے لائق ہے)۔"

آیت نمبر 27

ثُمَّ اسْتَوٰی عَلَی الْعَرْشِ وَسَخَّرَ الشَّمْسَ وَالْقَمَرَ ○ (سورۃ الرعد آیت:۲)

ترجمہ......محمود الحسن دیو بندی

"پھر قائم ہوا عرش پر اور کام میں لگا دیا سورج اور چاند کو"۔

ترجمہ......اشرف علی تھانوی دیو بندی

"پھر عرش پر قائم ہوا۔ اور آفتاب و مہتاب کو کام میں لگا دیا۔"

ترجمہ......وحید الزمان اہل حدیث

"پھر عرش پر چڑھا اور چاند اور سورج کو کام پر لگایا۔"

ترجمہ......اعلیٰ حضرت فاضل بریلوی رحمۃ اللہ علیہ

"پھر عرش پر استوٰی فرمایا (جیسا کہ اس کی شان کے لائق ہے) اور سورج اور چاند کو مسخر کیا۔"

آیت نمبر 28

ثُمَّ اسْتَوٰی عَلَی الْعَرْشِ ○ (سورہ یونس آیت:۳)

ترجمہ......محمود الحسن دیو بندی

"پھر قائم ہوا عرش پر۔"

ترجمہ..... وحیدالزمان اہل حدیث

"پھر اپنے تخت پر بیٹھا"

اہل حدیث کہلوانے والے نجدی وہابیوں کے امام وحیدالزمان غیر مقلد اہل حدیث نے اپنے ترجمہ قرآن میں وَسِعَ كُرْسِيُّهُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ کے تحت لکھا ہے کہ:

"جب وہ کرسی پر بیٹھا تو چار انگل بھی بڑی نہیں رہتی ہے اور اس کے بوجھ سے چرچر کرتی ہے۔ معاذ اللہ

(ترجمہ قرآن از مولوی وحید الزمان غیر مقلد اہل حدیث)

ترجمہ..... اشرف علی تھانوی دیوبندی

"پھر عرش یعنی تختِ شاہی پر قائم ہوا"

رائے ونڈ کی تبلیغی جماعت کے دیوبندی ،نجدی ،وہابی اور اہلِ حدیث کہلوانے والے مولویوں کی جہالت اور غلطیوں کا نمونہ دیکھیے۔

کہ اللہ تبارک وتعالیٰ کے بارے میں لکھ دیا کہ "تخت پر چڑھا" ۔ "عرش پر چڑھا" وغیرہ۔ یوں اللہ تبارک وتعالیٰ کو "مجسم" مان لیا۔ معاذ اللہ

جبکہ حضرت شاہ عبدالعزیز محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ کتاب "مستطاب اثنا عشریہ" میں لکھتے ہیں:

عقیدہ یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ کے لئے کوئی جہت نیچے اوپر یا دائیں بائیں کی تصور نہیں کی جاسکتی یہی عقیدہ اور مذہب اہل سنت وجماعت کا ہے۔"

شرح فقہ اکبر مطبوعہ مصر صفحہ ۶۴ میں ہے:

اللہ تعالیٰ مکان وزمان سے پاک اور منزہ ہے کیونکہ مکان اور زمان مخلوقات میں شامل ہیں۔"

فتاوٰی عالمگیری مطبوعہ مصر جلد ...... صفحہ ۲۵۹ اور بحر الرائق مطبوعہ مصر جلد ۵ صفحہ ۱۲۵ میں ہے:

"اللہ تعالیٰ کے لئے مکان ثابت کرنے سے آدمی کافر ہو جاتا ہے۔"

خزانۃ الروایات میں ہے:

"کہ کسی نے اللہ تعالیٰ کو اوپر اور نیچے سے متصف کیا تو یہ تشبیہ کفر ہے۔"

ترجمہ...... اعلیٰ حضرت فاضل بریلوی رحمۃ اللہ علیہ

"پھر عرش پر استوٰی فرمایا (جیسا اس کی شان کے لائق ہے)۔"

غور فرمایئے! کہ اعلیٰ حضرت فاضلِ بریلوی رحمۃ اللہ علیہ نے کس قدر اعلیٰ اور باادب ترجمہ کر کے مسلمانوں کو بے ادبی سے بچایا ہے۔ سبحان اللہ

❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖

ان لوگوں کو "صراط مستقیم" کا بھی پتہ نہیں

آیت نمبر 29

اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ ۝ (سورۃ الفاتحہ آیت: ۵)

ترجمہ..... محمود الحسن دیوبندی

"بتلا ہم کو راہ سیدھی۔"

ترجمہ......اشرف علی تھانوی دیوبندی

"بتلا دیجئے ہم کو رستہ سیدھا۔"

ترجمہ......مولوی مودودی، بانی جماعت اسلامی

"ہمیں سیدھا راستہ دکھا۔"

تمام دیوبندی، مودودی، نجدی وہابی مترجمین کے تراجم سے ایسا معلوم ہوتا ہے کہ گویا سیدھی راہ اب تک بتائی ہی نہیں گئی۔ یہ دیوبندی اب تک دعا مانگ رہے ہیں کہ یا اللہ جل جلالہٗ ہمیں سیدھی راہ بتلا۔ جبکہ اسلام کو آئے ہوئے ۱۴۲۰ سال ہو چکے ہیں لیکن انہیں اب تک سیدھی راہ ہی پتہ نہیں چل سکی۔ تو یاد رکھیے اللہ تبارک وتعالیٰ براہِ راست عام بندوں کو کچھ نہیں بتایا کرتا بلکہ انبیاء ومرسلین علیہم السلام پر وحی بھیج کر ان کی زبانی دوسرے لوگوں کو بتایا کرتا تھا۔ تو اب سیدھی راہ بتانے کے لئے نبی یا رسول علیہ السلام تشریف نہیں لائیں گے جبکہ اسی سورہ فاتحہ کی آیت میں بتا دیا گیا ہے کہ جن لوگوں پر میرا انعام ہوا ہے اُن لوگوں کا راستہ ہی سیدھا راستہ ہے جس کی مزید وضاحت سورۃ النساء آیت :۶۹ میں بتائی گئی ہے کہ اللہ تعالیٰ کا انعام انبیاء کرام، صدیقین شہدا اور صالحین یعنی اولیاء کاملین پر ہوا ہے اور ان لوگوں کا راستہ ہی سیدھا راستہ ہے۔

جیہڑا رستہ نبیاں ولیاں دا
اوہی رستہ جنت دا رستہ اے

جبکہ امام اہل سنت امام احمد رضا خان محدث بریلوی رحمۃ اللہ علیہ کا ترجمہ ملاحظہ فرمائیے:

ترجمہ......اعلیٰ حضرت فاضل بریلوی رحمۃ اللہ علیہ

"ہم کو سیدھا راستہ پر چلا"

یعنی یا اللہ تیرے پیارے حبیب صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیں سیدھا راستہ تیرے مقدس کلام مجید سے بتا اور سمجھا دیا ہے کہ وہ دینِ اسلام ہے اور تیرے پیارے نیک، مقبول اور محبوب بندوں کا راستہ ہے اور اب یا اللہ جل جلالہٗ تو ہم کو سیدھا راستہ پر چلا یعنی سیدھے راستے پر چلنے کی ہمت و توفیق عطا فرما۔

❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖

ترجمہ میں غلطی کرکے بے شمار حلال

چیزوں کو حرام قرار دے دیا

آیت نمبر 30

اِنَّمَا حَرَّمَ عَلَيْكُمُ الْمَيْتَةَ وَالدَّمَ وَلَحْمَ الْخِنْزِيْرِ وَمَآ اُهِلَّ بِهٖ لِغَيْرِ اللّٰهِ ○ (سورۃ البقرۃ آیت: ۱۷۳)

ترجمہ......اشرف علی تھانوی، دیوبندی

اللہ تعالیٰ نے تو تم پر صرف حرام کیا ہے مردار کو اور خون کو (جو بہتا ہو) اور

خنزیر کے گوشت کو اسی طرح اس کے سب اجزاء کو بھی اور ایسے جانور کو جو (بقصد تقرب) غیر اللہ کے نامزد کیا ہو۔"

ترجمہ......محمود الحسن دیوبندی

"اس نے تو تم پر یہی حرام کیا ہے مردہ جانور اور لہو اور گوشت سور کا اور جس پر نام پکارا جائے اللہ کے سوائے کسی اور کا۔"

ترجمہ......اعلیٰ حضرت فاضل بریلوی رحمۃ اللہ علیہ

"اس نے یہی تم پر حرام کیے ہیں مردار اور خون اور سور کا گوشت اور وہ جانور جو غیر خدا کا نام لے کر ذبح کیا گیا۔"

رائے ونڈ کی تبلیغی جماعت کے حکیم الامت مولوی اشرف علی تھانوی دیوبندی اور محمود الحسن دیوبندی نے اس آیت مقدسہ کا سراسر غلط ترجمہ کیا اور یہ ترجمہ تو قرآن مجید کی کئی دیگر آیات، تفاسیر اور احادیث مبارکہ کے بھی خلاف ہے۔ ان دیوبندی مولویوں نے اس آیتِ مقدسہ کی تفسیر و حاشیہ میں بھی اللہ تعالیٰ کے علاوہ کسی نبی، پیغمبر یا پیر کے "ایصالِ ثواب" کے لئے نامزد جانور کو حرام ثابت کرنے کی کوشش کی ہے حالانکہ یہ ہرگز درست نہیں۔

محمود الحسن دیوبندی تو لکھ رہا ہے کہ حرام ہے ہر وہ چیز جس پر نام پکارا جائے اللہ کے سوا کسی اور کا۔ اب اس ترجمہ کے مطابق تو ہر چیز ہی حرام ہو جائے گی کہ جس پر اللہ تعالیٰ کے سوا کسی غیر کا نام خواہ تقرب کی نیت سے پکارا یا کسی اور نیت سے پکارا گیا پھر تو زید کا بکرا، عمر کی گائے، شادی، ولیمہ اور عقیقہ کا بکرا سب ہی حرام

ہو جائیں گے کیوں کہ سب پر ہی اللہ تعالیٰ کے سوا غیر کا نام پکارا جاتا ہے اس لئے یہ ترجمہ بالکل غلط ہے۔

جبکہ اعلیٰ حضرت فاضل بریلوی رحمۃ اللہ علیہ نے تفسیر مدارک، تفسیر جلالین تفسیر خازن، تفسیر احمدیہ، تفسیر کبیر اور تفسیر بیضاوی وغیرہ کے مطابق بالکل درست اور صحیح ترجمہ کر کے مسلمانوں کو گمراہی سے بچایا ہے۔ جیسا کہ اسی آیت مبارکہ کے تحت تفسیر خازن میں ہے:

"یعنی وہ جانور حرام ہے جس کے ذبح پر غیر اللہ کا نام لیا گیا ہو اور یہ اس لئے ہے کہ اہل عرب زمانہ جاہلیت میں ذبح کرتے وقت بتوں کا نام لیتے تھے یعنی بِسْمِ اللّٰتِ وَالْعُزّٰی (یعنی لات و عزّٰی کے نام سے) کہتے تھے۔"

اس لئے گیارہویں شریف، بارہویں شریف یا بزرگوں اور اولیاء اللہ رحمہم اللہ کے ایصال ثواب کے لئے "بِسْمِ اللّٰہِ اَللّٰہُ اَکْبَرُ" کہہ کر جانور ذبح کرنا یا ختم شریف پڑھ کر کھانا وغیرہ تقسیم کرنا بالکل جائز اور درست ہے یعنی سوئم یا چہلم یا قل خوانی یا گیارہویں شریف کا کھانا پکانا باعث اجر و ثواب ہے کیونکہ اس سے ان بزرگوں کو ثواب پہنچانا مقصود ہوتا ہے جیسا کہ حضرت سعد بن عبادہ رضی اللہ عنہ نے عرض کیا یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم امّ سعد یعنی میری والدہ کا انتقال ہو گیا ہے تو اب ان کے لئے کون سا صدقہ افضل ہے؟ تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: "پانی"

تو حضرت سعد رضی اللہ عنہ نے کنواں کھدوایا اور کہا:

ھٰذِہٖ لِاُمِّ سَعْدٍ "یہ کنواں اُمّ سعد کے لئے ہے۔"

(ابو داؤد ۲۳۶/۱، نسائی ۱۵/۲، مشکوٰۃ ص: ۱۶۹)

اس سے معلوم ہوا کہ صدقہ وخیرات اور نیاز جس کو ایصال ثواب کرنا ہو اس پر کسی کا نام لینے سے وہ چیز حرام نہیں ہوتی جیسا کہ حضرت سعد رضی اللہ عنہ نے کنویں پر اپنی والدہ ماجدہ کا نام لیا اور کہا "یہ کنواں امّ سعد کے لئے ہے۔" اسی طرح یہ کہنا کہ گیارھویں شریف کا کھانا ہے یا غوثِ پاک رضی اللہ عنہ کا بکرا ہے اس کا مطلب یہ ہوتا ہے کہ یہ کھانا یا یہ بکرا غوث پاک رضی اللہ عنہ کے ایصالِ ثواب کے لئے ہے اور یہ بالکل جائز اور اجر وثواب اور برکت کا باعث ہے اور عبدالوہاب نجدی کے پیروکار نجدی، وہابی، اہل حدیث، دیوبندی اور رائے ونڈ کی تبلیغی جماعت والوں کا ان چیزوں کو حرام اور ناجائز کہنا قرآن وحدیث کے خلاف اور بہت بڑی جہالت ہے۔

❖ ❖ ❖ ❖ ❖ ❖ ❖ ❖ ❖ ❖ ❖

آیئے! اب سچے دل سے کلمہ طیبہ

لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ (صلی اللہ علیہ وسلم)

پڑھ کر تعصب کی عینک اُتار کر اللہ تبارک وتعالیٰ وحدہٗ لاشریک کے رحم وکرم کی طرف متوجہ ہو کر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی محبت شان وعظمت کو دل میں جما کر مذکورہ تراجم کے موازنہ میں خوب غور کیجئے اور اخلاص کے ساتھ فیصلہ کیجئے کہ دیوبندی، وہابی علماء کے تراجم میں غلطی اور بے ادبی ہے یا نہیں؟ بے شک اور یقیناً ہے۔

❖ ❖ ❖ ❖ ❖ ❖ ❖ ❖ ❖ ❖ ❖

درحقیقت رائے ونڈ کی تبلیغی جماعت کے دیوبندی اور اہلِ حدیث کہلوانے والے نجدی، وہابی مولوی قرآن مجید کو صحیح طور پر نہیں سمجھ سکے اور غلط ترجمہ کر کے خود بھی گمراہ ہوئے اور دوسروں کے لئے بھی گمراہی کا ذریعہ بن گئے۔

الحمد للہ! قرآن مجید کی چند آیات مبارکہ کے ترجمہ کے موازنہ کرنے سے یہ بات واضح طور پر معلوم ہوگئی ہے کہ نجدی وہابی، اہلحدیث اور دیوبندی رائے ونڈ کی تبلیغی جماعت کے علماء کے تراجم غلطیوں اور گستاخیوں سے بھرپور ہیں اور بے شک ایسے عقائد رکھنے والے کا ایمان برباد اور وہ اسلام سے خارج ہو جاتا ہے۔

جبکہ اس کے برعکس امام اہلسنت مجدد دین وملت اعلیٰ حضرت علامہ مولانا امام احمد رضا خان فاضل بریلوی رحمۃ اللہ علیہ نے صحابہ کرام علیہم الرضوان اور اولیائے کرام رحمہم اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین کی تفاسیر کے مطابق اللہ تبارک وتعالیٰ اور اس کے پیارے حبیب صلی اللہ علیہ وسلم کی شان وعظمت کے لائق بہترین ترجمہ کر کے مسلمانوں کو گمراہی اور کفر وشرک سے بچایا ہے اور امام اہلسنت اعلیٰ حضرت فاضل بریلوی رحمۃ اللہ علیہ نے اللہ تبارک وتعالیٰ کے فضل وکرم سے قران مجید سے ہدایت حاصل کی ہے اور دوسروں کے لئے ہدایت کا ذریعہ بن گئے ہیں اور اس ترجمہ کا نام "کنزالایمان رکھا یعنی ایمان کا خزانہ"۔ کیونکہ کنزالایمان کا معنی ایمان کا خزانہ ہے۔

❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖

اللہ تعالیٰ کا امام اہلسنت مولانا احمد رضا خان پر خاص انعام

الحمدللہ قرآن مجید کی فی الحال ۳۰ آیات مبارکہ سے دیوبندی، اہل حدیث نجدی وہابی، بریلوی ترجمہ سے یہ بات واضح طور پر ثابت ہوگئی ہے اور اب کوئی عقلمند اور تعصب سے پاک شخص اس بات سے انکار نہیں کرسکتا کہ اللہ تبارک وتعالیٰ نے مولانا احمد رضا خان فاضل بریلوی رحمۃ اللہ علیہ پر اپنا خاص انعام اور فضل وکرم فرما کر قرآن مجید کا صحیح ترجمہ کرنے کی توفیق عظیم عطا فرمائی اور انہیں اپنے پیارے محبوب کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی محبت، عشق، اتباع کامل، تقوی و پرہیزگاری اور علم وعمل میں اعلیٰ مقام عطا فرمایا۔

جس کی وجہ یہ ہے کہ (اس وقت کے مکہ مکرمہ اور مدینہ منورہ) سے عرب وعجم پاکستان وہندوستان، بلکہ پوری دنیائے اسلام کے علماء کرام نے انہیں امام اہلسنت کو چودھویں صدی کے مجدد دین وملت کا خطاب یعنی لقب عطا فرمایا اور اب اسی نسبت یعنی لفظ بریلوی سے حق مذہب یعنی خالص اہلسنت وجماعت کی پہچان ہوتی ہے کیونکہ آج کل کے دیوبندی بھی اپنے آپ کو اہلسنت کہلوانے کی ناکام کوشش کررہے ہیں مگر یہ حقیقی اعزاز اہلسنت وجماعت بریلوی کو ہی حاصل ہے کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم ہمارا روحانی اور علمی تعلق کا سلسلہ مسلسل جڑا ہوا ہے، قائم ودائم ہے زرسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا علمی وروحانی فیضان صحابہ کرام علیہم الرضوان، تابعین

اور اولیاء کرام رحمہم اللہ سے ہوتا ہوا اہلسنت وجماعت بریلوی کو فیضاب کر رہا ہے اور تمام سلاسل یعنی روحانی سلسلے قادری، نقشبندی، چشتی، سہروردی، اویسی صابری، نظامی وغیرہ سب کے سب اہلسنت وجماعت بریلوی ہی سے تعلق رکھتے ہیں اور یہی ''صراط مستقیم'' اور ''انعمت علیھم'' گروہ کی پہچان اور نشانی ہے۔ صراط مستقیم اور انعمت علیھم گروہ کی اس سے بڑی دلیل اور کیا ہوگی کہ اس وقت بھی تمام اولیاء اللہ اسی جماعت میں سے ہیں اور قیامت تک اسی اہلسنت وجماعت بریلوی میں سے ہی اولیاء اللہ ہوتے رہیں گے اور مسلمانوں کو توحید اور عشق مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کے جام پلا پلا کر انہیں سیراب کرتے رہیں گے۔ اور ایمان لوٹنے والے ڈاکوؤں خصوصاً ابن عبدالوہاب نجدی کے پیروکار، نجدی وہابی، اہلحدیث، علماء دیوبند اور رائے ونڈ کی تبلیغی جماعت کے زہریلے مکروفریب سے بچاتے رہیں گے۔ ان شاء اللہ

طیبہ سے منگائی جاتی ہے سینوں میں چھپائی جاتی ہے
توحید کی مے پیالوں سے نہیں نظروں سے پلائی جاتی ہے

اے مسلمانو! اپنے ایمان کی قدر کیجئے یہ سب سے قیمتی خزانہ ہے اس کی حفاظت کیجئے اور فوراً کسی پیر کامل سے بیعت ہو کر یعنی اس کے مرید بن کر اپنے ایمان کو محفوظ کر لیجئے۔

❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖

اب آپ رائے ونڈ کی دیوبندی تبلیغی جماعت کے علماء دیوبند وغیرہا کی دوسری کتابوں سے بھی ان کے گستاخانہ عقائد کی ایک جھلک ملاحظہ فرما کر خود ہی فیصلہ فرمالیجئے کہ وہ کتنے بڑے گستاخ ہیں، لیکن یہ "ظاہر" نہیں ہونے دیتے۔

1......اللہ تعالیٰ جھوٹ بول سکتا ہے۔(معاذ اللہ)

(فتاوی رشیدیہ از رشید احمد گنگوہی دیوبندی ۱/ ۱۹)

2......اللہ کو پہلے سے علم نہیں ہوتا کہ بندے کیا کریں گے جب بندے کرتے ہیں تو اللہ کو علم ہوتا ہے۔(معاذ اللہ) (تفسیر بلغۃ الحیران از حسین علی دیوبندی ص:۱۵۷)

3......شیطان اور ملک الموت کا علم حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے زیادہ ہے۔(معاذ اللہ) (براہین قاطعہ از خلیل احمد انبیٹھوی دیوبندی ص:۵۱)

4......اللہ کے نبی کو اپنے انجام اور دیوار کے پیچھے کا بھی علم نہیں۔(معاذ اللہ)

(براہین قاطعہ از خلیل احمد انبیٹھوی دیوبندی ص: ۵۱)

5......حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو اللہ تعالیٰ نے جیسا اور جتنا علم عطا فرمایا ہے ویسا علم جانوروں پاگلوں اور بچوں کو بھی ہے۔(معاذ اللہ)

(حفظ الایمان از اشرف علی تھانوی دیوبندی ص: ۷)

6......نماز میں حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف خیال کا صرف جانا بھی بیل گدھے کے خیال میں ڈوب جانے سے بھی بہت برا ہے۔(معاذ اللہ)

(صراط مستقیم از اسماعیل دیوبندی وہابی ص:۵۲)

7.....لفظ رحمۃ اللعالمین، رسول (صلی اللہ علیہ وسلم) کی صفت خاصہ نہیں ہے حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے علاوہ بھی دیگر بزرگوں کو رحمۃ اللعالمین کہہ سکتے ہیں۔ (معاذ اللہ) (فتاوی رشیدیہ از رشید احمد گنگوہی دیوبندی ۱۲/۲)

8.....نبی کی تعظیم صرف بڑے بھائی کی سی کرنی چاہیئے۔ (معاذ اللہ)
(تقویۃ الایمان از اسماعیل دھلوی ،دیوبندی ،وھابی ص: ۵۸)

9.....حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم مر کر مٹی میں مل گئے۔ (معاذ اللہ)
(تقویۃ الایمان از اسماعیل دھلوی ،دیوبندی ،وھابی ص: ۹۵)

10.....نبی، رسول سب ناکارہ ہیں۔ (معاذ اللہ)
(تقویۃ الایمان از اسماعیل دھلوی ،دیوبندی ،وھابی ص: ۲۹)

11.....اللہ چاہے تو محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) کے برابر کروڑوں پیدا کر ڈالے۔ (معاذ اللہ) (تقویۃ الایمان از اسماعیل دہلوی، دیوبندی، وہابی ص:۵۸)

12.....نبی کی تعریف صرف بشر کی سی کرو بلکہ اس میں بھی اختصار (یعنی کم) کرو۔ (معاذ اللہ) (تقویۃ الایمان از اسماعیل دہلوی، دیوبندی، وہابی ص:۳۵)

13.....بڑے یعنی نبی اور چھوٹے یعنی باقی سب بندے، بے خبر اور نادان ہیں۔ (معاذ اللہ) (تقویۃ الایمان از اسماعیل دہلوی، دیوبندی، وہابی ص:۳۰)

14.....بڑی مخلوق یعنی نبی اور چھوٹی مخلوق، یعنی باقی سب بندے اللہ کی شان کے آگے چمار سے بھی ذلیل ہیں۔ (معاذ اللہ)
(تقویۃ الایمان از اسماعیل دھلوی ،دیوبندی ،وھابی ص: ۱۴)

15.....نبی کو طاغوت (شیطان) بولنا جائز ہے۔ (معاذ اللہ)
(تفسیر بلغۃ الحیران از حسین علی دیوبندی ص: ۴۳)

16.....گاؤں میں جیسا درجہ چودھری، زمین دار کا ہے ویسا درجہ امت میں

نبی کا ہے۔ (معاذ اللہ) (تقویۃ الایمان از اسماعیل دہلوی، دیوبندی، وہابی ص:۶۱)

17...... جس کا نام محمد یا علی ہے وہ کسی چیز کا مختار نہیں، نبی اور ولی کچھ نہیں کر سکتے۔ (معاذ اللہ) (تقویۃ الایمان از اسماعیل دہلوی، دیوبندی، وہابی ص:۴۱)

18...... حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم بے حواس ہو گئے۔ (معاذ اللہ)

(تقویۃ الایمان از اسماعیل دھلوی، دیوبندی، وھابی ص: ۵۵)

19...... میلاد نبی منانا ایسا ہے جیسے ہندو اپنے کنہیا کا جنم دن مناتے ہیں۔ (معاذ اللہ) (براہین قاطعہ از خلیل احمد انبیٹھوی دیوبندی ص:۱۴۸)

20...... رسول کے چاہنے سے کچھ نہیں ہوتا۔ (معاذ اللہ)

(تقویۃ الایمان از اسماعیل دھلوی، دیوبندی، وھابی ص: ۵۶)

21...... اللہ کے رُو برو سب انبیاء واولیاء ایک ذرہ ناچیز سے بھی کم تر ہیں۔ (معاذ اللہ) (تقویۃ الایمان از اسماعیل دہلوی، دیوبندی، وہابی ص:۵۴)

23...... نبی اور ولی کو اللہ کی مخلوق اور بندہ جان کر، وکیل اور سفارشی سمجھنے والا مدد کے لئے پکارنے والا، نذر و نیاز کرنے والا مسلمان اور کافر ابوجہل، شرک میں برابر ہیں۔ (معاذ اللہ) (تقویۃ الایمان از اسماعیل دہلوی، دیوبندی، وہابی ص:۷۔۲۷)

23...... درودِ تاج ناپسندیدہ ہے اور پڑھنا منع ہے۔ (معاذ اللہ)

(فضائل درود شریف ص: ۲۸۰)

24...... میلاد شریف، معراج شریف، عرس شریف کے موقع پر ختم شریف سوئم، چہلم، فاتحہ خوانی اور ایصال ثواب سب ناجائز، غلط، بدعت اور ہندوؤں کا طریقہ ہیں۔ (معاذ اللہ) (فتاوی اشرفیہ ۲/۵۸۔ فتاوی رشیدیہ ۲/۱۵۰،۱۴۴ ۔ ۳/۹۳،۹۴)

25...... معروف "دیسی کوا" کھانا ثواب ہے۔ (معاذ اللہ) (مگر شب

برأت کا حلوہ ناجائز ہے۔) (معاذ اللہ) (فتاویٰ رشیدیہ از رشید احمد گنگوہی دیوبندی ۲/۱۳۰)

26...... ہندو کی ہولی، دیوالی کا پرشاد وغیرہ جائز ہے۔ (معاذ اللہ) مگر فاتحہ و نیاز کا تبرک ناجائز ہے۔ (فتاویٰ رشیدیہ ۲/۱۲۳)

27...... چوہڑے چمار کے گھر کی روٹی وغیرہ میں کچھ حرج نہیں اگر پاک ہو۔ (معاذ اللہ) (فتاویٰ رشیدیہ ۲/۱۳۰)

28...... ہندو مشرک کی سودی روپے کی کمائی سے لگائی ہوئی پیاؤ (سبیل) کا پانی پینا جائز ہے (مگر محرم کے مہینے میں سیدنا امام حسین رضی اللہ عنہ کے ایصال ثواب کے لئے مسلمان کی حلال کمائی سے لگائی ہوئی سبیل وغیرہ کا پاک پانی حرام ہے۔) (معاذ اللہ) (فتاویٰ رشیدیہ ۳/۱۱۳،۱۱۴)

29...... اللہ کے ولیوں کو اللہ کی مخلوق سمجھ کر پکارنا بھی شرک ہے۔ (معاذ اللہ)
(تقویۃ الایمان از اسماعیل دھلوی، دیوبندی وھابی ص: ۷)

30...... نمازِ جنازہ کے بعد دُعا مانگنا ناجائز ہے۔ (معاذ اللہ)
(فتویٰ مفتی جمیل احمد تھانوی۔ جامعہ اشرفیہ لاھور)

رائے ونڈ کی تبلیغی جماعت کے بانی مولوی الیاس میواتی کے رہبر وراہنما مولوی رشید احمد گنگوہی دیوبندی اوران کے رہبر ورہنما مولوی خلیل احمد انبیٹھوی دیوبندی، مولوی اشرف علی تھانوی دیوبندی اور مولوی قاسم نانوتوی دیوبندی کے گستاخانہ عقائد اور کفریہ کلمات کی وجہ سے حرمین شریفین یعنی مکہ مکرمہ اور مدینہ منورہ کے ۳۳ تینتیس علماء کرام اور مفتیان عظام نے کفر کے فتاویٰ جاری کیے ہیں ان علماء کرام کے فتاویٰ بمع مہر و بمع دستخط آپ خود کتاب ''حسام الحرمین'' میں دیکھ سکتے ہیں، نام درج ذیل ہیں۔

اسمائے گرامی علمائے مکہ مکرمہ و مدینہ منورہ

۱......مفتی حضرت مولانا محمد سعید بابصیل رحمۃ اللہ علیہ

۲......مفتی حنفیہ مولانا علامہ شیخ محمد صالح کمال رحمۃ اللہ علیہ

۳......مولانا شیخ ابوالخیر احمد میرا داد رحمۃ اللہ علیہ

۴......محقق عظیم مولانا شیخ علی بن صدیق کمال رحمۃ اللہ علیہ

۵......مولانا شیخ محمد عبدالحق مہاجر الہ آبادی رحمۃ اللہ علیہ

۶......مولانا سید اسماعیل خلیل رحمۃ اللہ علیہ

۷......علامہ مولانا سید محمد مرزوقی ابوحسین رحمۃ اللہ علیہ

۸......علامہ مولانا شیخ عمر بن ابی بکر باجنید رحمۃ اللہ علیہ

۹......مفتی مالکیہ۔ مولانا شیخ محمد عابد بن حسین رحمۃ اللہ علیہ

۱۰......مولانا محمد علی بن حسین رحمۃ اللہ علیہ

۱۱......مولانا محمد جمال بن محمد بن حسین رحمۃ اللہ علیہ

۱۲......حرم شریف کے مدرس۔ مولانا شیخ اسعد بن احمد دہان رحمۃ اللہ علیہ

۱۳......مولانا شیخ عبدالرحمٰن دہان رحمۃ اللہ علیہ

۱۴......مدرسہ صولتیہ کے مدرس۔ مولانا محمد یوسف افغانی رحمۃ اللہ علیہ

۱۵......مدرسہ احمدیہ کے مدرس۔ مولانا شیخ احمد مکی امدادی رحمۃ اللہ علیہ

۱۶......مولانا محمد بن یوسف خیاط رحمۃ اللہ علیہ

۱۷......مولانا محمد صالح بن محمد بافضل رحمۃ اللہ علیہ

۱۸......مولانا عبدالکریم ناجی داغستانی رحمۃ اللہ علیہ

۱۹......مولانا شیخ محمد سعید بن محمد یمانی رحمۃ اللہ علیہ

۲۰......مولانا حامد احمد محمد جداوی رحمۃ اللہ علیہ

۲۱......مولانا مفتی محمد تاج الدین الیاس حنفی رحمۃ اللہ علیہ

۲۲......مفتی مدینہ۔ مولانا عثمان بن عبدالسلام داغستانی رحمۃ اللہ علیہ

۲۳......شیخ مالکیہ۔ مولانا سید احمد جزائری رحمۃ اللہ علیہ

۲۴......مولانا خلیل بن ابراہیم خربوتی رحمۃ اللہ علیہ

۲۵......شیخ الدلائل مولانا سید محمد سعید رحمۃ اللہ علیہ

۲۶......مولانا محمد بن احمد العمری رحمۃ اللہ علیہ

۲۷......شیخ الدلائل حضرت مولانا سید عباس بن سید جلیل محمد رضوان رحمہ اللہ

۲۸......حضرت مولانا عمر بن حمدان المعرسی رحمۃ اللہ علیہ

۲۹......علامہ مولانا سید محمد الحبیب بن محمد مدنی دیداوی رحمۃ اللہ علیہ

۳۰......حرم مدینہ منورہ کے مدرس۔ شیخ محمد بن محمد السوسی خیاری رحمۃ اللہ علیہ

۳۱......مفتی مولانا سید شریف احمد برزنجی شافعی رحمۃ اللہ علیہ

۳۲......مفتی مولانا محمد عزیز وزیر مالکی، مغربی، اندلسی، مدنی، تونسی رحمہ اللہ

۳۳......مسجد نبوی میں مدرس۔ علامہ عبدالقادر توفیق شبلی طرابلسی حنفی رحمۃ اللہ علیہ

مدینہ منورہ کے علماء کرام، نام، دستخط بمع مہر محفوظ ہیں۔

مندرجہ بالا معزز، جلیل القدر، مفتیان عظام، علماء حرمین شریفین نے دیو بندی علماء کے گمراہ کن اور گستاخانہ عقائد اور کفریہ کلمات کے خلاف کفر کے فتوے

دیئے وہ فتاوٰی شائع ہوئے تو علماء دیوبند نے سچی توبہ کرنے کی بجائے دھوکہ ہمکر وفریب، انکار اور جھوٹ کا سہارا لے کر اپنے آپ کو بچانے کی کوشش کی تو پاکستان وہندوستان کے مزید اڑھائی سو (۲۵۰) سے زیادہ مندرجہ ذیل معزز علماء کرام نے علماء دیوبند کے اُن کفریہ کلمات، گمراہ کن اور گستاخانہ عقائد کی وجہ سے اُن پر کفر کے فتوے لگا کر علماء حرمین شریفین کے فتاوٰی پر تصدیق کی مہر لگا دی تا کہ کسی کو مغالطہ اور شک کی گنجائش نہ رہے۔

❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖

اسمائے گرامی علمائے پاک وہند

۱......حضرت علامہ مولانا اولادِ رسول محمد میاں برکاتی رحمۃ اللہ علیہ

۲......حضرت علامہ مولانا اسماعیل حسن احمد برکاتی رحمۃ اللہ علیہ

۳......حضرت علامہ مولانا مصطفیٰ رضا خان رحمۃ اللہ علیہ

۴......حضرت علامہ مولانا رحم الٰہی رحمۃ اللہ علیہ

۵......حضرت علامہ مولانا حامد رضا خان رحمۃ اللہ علیہ

۶......حضرت علامہ مولانا محمد عبدالعزیز رحمۃ اللہ علیہ

۷......حضرت علامہ مولانا محمد حسین رضا رحمۃ اللہ علیہ

۸......حضرت علامہ مولانا محمد ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ

۹......حضرت علامہ مولانا سردار علی رحمۃ اللہ علیہ

۱۰......حضرت علامہ مولانا محمد اقدس علی رحمۃ اللہ علیہ

۱۱......حضرت علامہ مولانا احسان علی رحمۃ اللہ علیہ

۱۲......حضرت علامہ محمد نور الہدیٰ رحمۃ اللہ علیہ

۱۳......حضرت علامہ مولانا عبدالرؤف رحمۃ اللہ علیہ

۱۴......حضرت علامہ مولانا سید غلام معین الدین رحمۃ اللہ علیہ

۱۵......حضرت علامہ مولانا صدیق اللہ رحمۃ اللہ علیہ

۱۷......حضرت علامہ مولانا محمد نور رحمۃ اللہ علیہ

۱۸......حضرت علامہ مولانا مختار احمد رحمۃ اللہ علیہ

۱۹......حضرت علامہ مولانا غلام جیلانی رحمۃ اللہ علیہ

۲۰......حضرت علامہ مولانا محمد شرف الدین اشرف رحمۃ اللہ علیہ

۲۱......حضرت علامہ مولانا حسین الدین رحمۃ اللہ علیہ

۲۲......حضرت علامہ مولانا عبدالعزیز رحمۃ اللہ علیہ

۲۳......حضرت علامہ مولانا شاہد الحق رحمۃ اللہ علیہ

۲۴......حضرت علامہ مولانا محمد ابرار حسن رحمۃ اللہ علیہ

۲۵......حضرت علامہ مولانا سلطان احمد رحمۃ اللہ علیہ

۲۶......حضرت علامہ مولانا وزیر احمد خان رحمۃ اللہ علیہ

۲۷......حضرت علامہ مولانا محمد علی رحمۃ اللہ علیہ

۲۸......حضرت علامہ مولانا محمد محبوب علی رحمۃ اللہ علیہ

۲۹......حضرت علامہ مولانا حشمت علی رحمۃ اللہ علیہ

۳۰......حضرت علامہ مولانا احمد اشرف القادری رحمۃ اللہ علیہ

۳۱......حضرت علامہ مولانا السید محمد الاشرفی رحمۃ اللہ علیہ

۳۲......حضرت علامہ مولانا افضل الدین البہاری رحمۃ اللہ علیہ

۳۳......حضرت علامہ مولانا معین الدین احمد رحمۃ اللہ علیہ

۳۴......حضرت علامہ مولانا السید محی الدین الاشرفی رحمۃ اللہ علیہ

۳۵......حضرت علامہ مولانا سید حبیب اشرفی رحمۃ اللہ علیہ

۳۶......حضرت علامہ مولانا فقیر محمد سلیمن اگر پوری رحمۃ اللہ علیہ

۳۷......حضرت علامہ مولانا عبدالباقی محمد برہان الحق القادری الرضوی

۳۸......حضرت علامہ مولانا مفتی محمد عبدالسلام ضیاء صدیقی رحمۃ اللہ علیہ

۳۹......حضرت علامہ مولانا مفتی جماعت علی رحمۃ اللہ علیہ

۴۰......حضرت علامہ مولانا مفتی محمد حسین قادری رحمۃ اللہ علیہ

۴۱......حضرت علامہ مولانا محمد کرم الٰہی بی۔اے رحمۃ اللہ علیہ

۴۲......حضرت علامہ مولانا مفتی خان محمد رحمۃ اللہ علیہ

۴۳......حضرت علامہ مولانا مفتی محمد کامران رحمۃ اللہ علیہ

۴۴......حضرت علامہ مولانا ابوالعلی محمد امجد علی اعظمی رحمۃ اللہ علیہ

۴۵......حضرت علامہ مولانا امتیاز احمد انصاری رحمۃ اللہ علیہ

۴۶......حضرت علامہ مولانا محمد عبدالمجید رحمۃ اللہ علیہ

۴۷......حضرت علامہ مولانا عبدالحی رحمۃ اللہ علیہ

۴۸......حضرت علامہ مولانا مفتی محمد حامد علی رحمۃ اللہ علیہ

۴۹......حضرت علامہ مولانا غلام محی الدین احمد بلیاوی رحمۃ اللہ علیہ

۵۰......حضرت علامہ مولانا احمد حسین رامپوری رحمۃ اللہ علیہ

۵۱......حضرت علامہ مولانا قاضی محمد احسان الحق نعیمی رحمۃ اللہ علیہ

۵۲......حضرت علامہ مولانا احمد مختار صدیقی رحمۃ اللہ علیہ

۵۳......حضرت علامہ مولانا محمد عظیم اللہ علمی رحمۃ اللہ علیہ

۵۴......حضرت علامہ مولانا ابوالحسنات سید محمد احمد رضوی قادری رحمۃ اللہ علیہ

۵۵......حضرت علامہ مولانا تصور حسام رحمۃ اللہ علیہ

۵۶......حضرت علامہ مولانا محمد عبدالقدیر قادری رحمۃ اللہ علیہ

۵۷......حضرت علامہ مولانا غلام زین العابدین سہسوانی رحمۃ اللہ علیہ

۵۸......حضرت علامہ مولانا محمد فخر الدین بہاری پورنوری رحمۃ اللہ علیہ

۵۹......حضرت علامہ مولانا اسد الحق مراد آبادی رحمۃ اللہ علیہ

۶۰......حضرت علامہ مولانا محمد محسن رحمۃ اللہ علیہ

۶۱......حضرت علامہ مولانا غلام معین الدین بہاری رحمۃ اللہ علیہ

۶۲......حضرت علامہ مولانا غلام علی رحمۃ اللہ علیہ

۶۳......حضرت علامہ مولانا الحافظ عبدالعزیز مراد آبادی رحمۃ اللہ علیہ

۶۴......حضرت علامہ مولانا سید الاولیاء غلام محی الدین الجیلانی رحمۃ اللہ علیہ

۶۵......حضرت علامہ مولانا محمد نعیم الدین رحمۃ اللہ علیہ

۶۶......حضرت علامہ مولانا عمر النعیمی رحمۃ اللہ علیہ

۶۷......حضرت علامہ مولانا محمد عبدالرشید رحمۃ اللہ علیہ

۶۸......حضرت علامہ مولانا ابو محمد دیدار علی رحمۃ اللہ علیہ

۶۹......حضرت علامہ مولانا ابوالبرکات سید احمد سنی حنفی قادری رحمۃ اللہ علیہ

۷۰......حضرت علامہ مولانا سید فضل نقشبندی مجددی قادری رحمۃ اللہ علیہ

۷۱......حضرت علامہ مولانا سید عبدالرزاق نقشبندی رحمۃ اللہ علیہ

۷۲......حضرت علامہ مولانا نور محمد قادری رحمۃ اللہ علیہ

۷۳......حضرت علامہ مولانا مفتی محمد شاہ پونچھوی رحمۃ اللہ علیہ

۷۴......حضرت علامہ مولانا عبدالغنی ہزاروی رحمۃ اللہ علیہ

۷۵......حضرت علامہ مولانا محمد مقصود علی رحمۃ اللہ علیہ

۷۶......حضرت علامہ مولانا حاجی احمد نقشبندی رحمۃ اللہ علیہ

۷۷......حضرت علامہ مولانا عبدالغنی رحمۃ اللہ علیہ

۷۸......حضرت علامہ مولانا محمد ابراہیم حنفی قادری رضوی رحمۃ اللہ علیہ

۷۹......حضرت علامہ مولانا محمد عبدالغفور رحمۃ اللہ علیہ

۸۰......حضرت علامہ مولانا محمد اسماعیل رحمۃ اللہ علیہ

۸۱......حضرت علامہ مولانا محمد نور القمر رحمۃ اللہ علیہ

۸۲......حضرت علامہ مولانا محمد حنیف حنفی رحمۃ اللہ علیہ

۸۳......حضرت علامہ مولانا سلطان احمد رحمۃ اللہ علیہ

۸۴......حضرت علامہ مولانا محمد نعیم الدین رحمۃ اللہ علیہ

۸۵......حضرت علامہ مولانا عبدالحکیم آروی رحمۃ اللہ علیہ

۸۶......حضرت علامہ مولانا عبدالمجید رضوی رحمۃ اللہ علیہ

۸۷......حضرت علامہ مولانا عبدالرحمٰن دربھنگوی رحمۃ اللہ علیہ

۸۸......حضرت علامہ مولانا محمد حنیف رحمۃ اللہ علیہ

۸۹......حضرت علامہ مولانا محمد نصیر الدین آروی رحمۃ اللہ علیہ

۹۰......حضرت علامہ مولانا محمد غریب اللہ رحمۃ اللہ علیہ

۹۱......حضرت علامہ مولانا محمد ظفر الدین قادری رضوی رحمۃ اللہ علیہ

۹۲......حضرت علامہ مولانا سید ارتضٰی حسین قادری برکاتی رحمۃ اللہ علیہ

۹۳......حضرت علامہ مولانا محمد اسماعیل محمود آبادی رحمۃ اللہ علیہ

۹۴......حضرت علامہ مولانا محمد عبد الرحمٰن رحمۃ اللہ علیہ

۹۵......حضرت علامہ مولانا رشید احمد عرف صاجیجاں مکیاوی رحمۃ اللہ علیہ

۹۶......حضرت علامہ مولانا محمد عطاء الرحمٰن رحمۃ اللہ علیہ

۹۷......حضرت علامہ مولانا محمد ولی الرحمٰن قادری رشیدی رحمۃ اللہ علیہ

۹۸......حضرت علامہ مولانا محمد شفاء الرحمٰن رحمۃ اللہ علیہ

۹۹......حضرت علامہ مولانا شرف الدین رحمۃ اللہ علیہ

۱۰۰......حضرت علامہ مولانا محمد رحیم بخش رحمۃ اللہ علیہ

۱۰۱......حضرت علامہ مولانا محمد حبیب الرحمٰن رحمۃ اللہ علیہ

۱۰۲......حضرت علامہ مولانا فقیر عبد الکریم بلیاوی رحمۃ اللہ علیہ

۱۰۳......حضرت علامہ مولانا عبد الحفیظ دربھنگوی رحمۃ اللہ علیہ

۱۰۴......حضرت علامہ مولانا ابوالحسن مظفر پوری رحمۃ اللہ علیہ

۱۰۵......حضرت علامہ مولانا غلام رسول محمدی سنی رحمۃ اللہ علیہ

۱۰۶......حضرت علامہ مولانا عبد النبی المختار محمد یار فریدی رحمۃ اللہ علیہ

۱۰۷......حضرت علامہ مولانا ابوالبیان امام الدین حنفی رحمۃ اللہ علیہ

۱۰۸......حضرت علامہ مولانا سید میر حسین امام مسجد لونگی لدھاروی رحمۃ اللہ علیہ

۱۰۹......حضرت علامہ مولانا محمد ابو یوسف محمد شریف الحق رحمۃ اللہ علیہ

۱۱۰......حضرت علامہ مولانا السید فتح علی شاہ القادری رحمۃ اللہ علیہ

۱۱۱......حضرت علامہ مولانا عبدالکریم جتوڑی رحمۃ اللہ علیہ

۱۱۲......حضرت علامہ مولانا قاضی فضل احمد نقشبندی رحمۃ اللہ علیہ

۱۱۳......حضرت علامہ مولانا محمد مظہر اللہ فتح پور دہلی رحمۃ اللہ علیہ

۱۱۴......حضرت علامہ مولانا محمد عبدالعزیز خطیب جامع مسجد لاہور مزنگ

۱۱۵......حضرت علامہ مولانا گل محمد رحمۃ اللہ علیہ امام مسجد مرزا احمد دین

۱۱۶......حضرت علامہ مولانا محمد عبدالحمید رحمۃ اللہ علیہ

۱۱۷......حضرت علامہ مولانا محمد خلیل الرحمٰن بہاری قادری رحمۃ اللہ علیہ

۱۱۸......حضرت علامہ مولانا ابوالفضل محمد کرم دین رحمۃ اللہ علیہ

۱۱۹......حضرت علامہ مولانا واعظ الاسلام احمد دین رحمۃ اللہ علیہ

۱۲۰......حضرت علامہ مولانا مولوی فاضل محمد فضل حسین رحمۃ اللہ علیہ

۱۲۱......حضرت علامہ مولانا محمد اجمل قادری رحمۃ اللہ علیہ

۱۲۲......حضرت علامہ مولانا قاری محمد الموعوب عماد الدین رحمۃ اللہ علیہ

۱۲۳......حضرت علامہ مولانا غلام محی الدین قادری رحمۃ اللہ علیہ

۱۲۴......حضرت علامہ مولانا سلامت اللہ قادری رضوی رحمۃ اللہ علیہ

۱۲۵......حضرت علامہ مولانا [illegible]

۱۲۶......حضرت علامہ مولانا ابوالحامد احمد علی رحمۃ اللہ علیہ

۱۲۷......حضرت علامہ مولانا السید حیدر شاہ القادری رحمۃ اللہ علیہ

۱۲۸......حضرت علامہ مولانا محمد خلیل عفی عنہ رحمۃ اللہ علیہ

۱۲۹......حضرت علامہ مولانا سید محمد عبدالعزیز رحمۃ اللہ علیہ

۱۳۰......حضرت علامہ مولانا سید سعید احمد رحمۃ اللہ علیہ

۱۳۱......حضرت علامہ مولانا عبدالحمید عفی عنہ رحمۃ اللہ علیہ

۱۳۲......حضرت علامہ مولانا امجد علی رحمۃ اللہ علیہ

۱۳۳......حضرت علامہ مولانا محمد نبی بخش رحمۃ اللہ علیہ

۱۳۴......حضرت علامہ مولانا سید مختار علی شاہ رحمۃ اللہ علیہ

۱۳۵......حضرت علامہ مولانا محمد فضل الرحمٰن رحمۃ اللہ علیہ

۱۳۶......حضرت علامہ مولانا محمد نظام الدین ملتانی حنفی رحمۃ اللہ علیہ

۱۳۷......حضرت علامہ مولانا محمد ریحان حسین العمری الجد دی رحمۃ اللہ علیہ

۱۳۸......حضرت علامہ مولانا محمد مشتاق رحمۃ اللہ علیہ

۱۳۹......حضرت علامہ مولانا فقیر محمد رحمۃ اللہ علیہ

۱۴۰......حضرت علامہ مولانا محمد سلیمان رحمۃ اللہ علیہ

۱۴۱......حضرت علامہ مولانا محمد وسیم خان رحمۃ اللہ علیہ

۱۴۲......حضرت علامہ مولانا محمد عبداللطیف القادری رحمۃ اللہ علیہ

۱۴۳......حضرت علامہ مولانا عبدالحی علیمی رحمۃ اللہ علیہ

۱۴۴......حضرت علامہ مولانا محمد اسماعیل رحمۃ اللہ علیہ

۱۴۵......حضرت علامہ مولانا محمد یحییٰ اعلیمی رحمۃ اللہ علیہ

۱۴۶......حضرت علامہ مولانا احمد حسین رحمۃ اللہ علیہ

۱۴۷......حضرت علامہ مولانا محمد عبدالمجید القادری رحمۃ اللہ علیہ

۱۴۸......حضرت علامہ مولانا محی الدین [illegible] ری رحمۃ اللہ علیہ

۱۴۹......حضرت علامہ مولانا سید شاہ لطیف رحمۃ اللہ علیہ

۱۵۰......حضرت علامہ مولانا السید وحید القادری رحمۃ اللہ علیہ

۱۵۱......حضرت علامہ مولانا عبدالقادر قادری حیدر آبادی رحمۃ اللہ علیہ

۱۵۲......حضرت علامہ مولانا سید غیاث الدین رحمۃ اللہ علیہ

۱۵۳......حضرت علامہ مولانا غلام محی الدین قادری رحمۃ اللہ علیہ

۱۵۴......حضرت علامہ مولانا سید احمد علی رحمۃ اللہ علیہ

۱۵۵......حضرت علامہ مولانا غلام محمد رحمۃ اللہ علیہ

۱۵۶......حضرت علامہ مولانا محمد نظام الدین قادری رحمۃ اللہ علیہ

۱۵۷......حضرت علامہ مولانا محمد عباس میاں رحمۃ اللہ علیہ

۱۵۸......حضرت علامہ مولانا مرزا احمد القادری رحمۃ اللہ علیہ

۱۵۹......حضرت علامہ مولانا نزیر احمد خجندی رحمۃ اللہ علیہ

۱۶۰......حضرت علامہ مولانا محمد سعد اللہ مکی رحمۃ اللہ علیہ

۱۶۱......حضرت علامہ مولانا محمد ابرار الحق رحمۃ اللہ علیہ

۱۶۲......حضرت علامہ مولانا حافظ عبدالمجید دہلوی رحمۃ اللہ علیہ

۱۶۳......حضرت علامہ مولانا محمد جمیل احمد القا " بدایونی رحمۃ اللہ علیہ

۱۶۴......حضرت علامہ مولانا محمد معراج الحق صدیقی رحمۃ اللہ علیہ

۱۶۵......حضرت علامہ مولانا محمد ابراہیم الحنفی القادری البدایونی رحمۃ اللہ علیہ

۱۶۶......حضرت علامہ مولانا غلام محمد لکھنوی رحمۃ اللہ علیہ

۱۶۷......حضرت علامہ مولانا عبدالعلیم الصدیقی رحمۃ اللہ علیہ

۱۶۸......حضرت علامہ مولانا امام محمد فضل کریم دہلوی رحمۃ اللہ علیہ

۱۶۹......حضرت علامہ مولانا عبدالحلیم النوری رحمۃ اللہ علیہ

۱۷۰......حضرت علامہ مولانا محمد شمس الاسلام رحمۃ اللہ علیہ

۱۷۱......غلام مصطفیٰ قادری رحمۃ اللہ علیہ

۱۷۲......حضرت علامہ مولانا محمد عبدالحلیم رحمۃ اللہ علیہ

۱۷۳......حضرت علامہ مولانا حافظ عبدالحق رحمۃ اللہ علیہ

۱۷۴......حضرت علامہ مولانا محمد عبداللہ رحمۃ اللہ علیہ

۱۷۵......حضرت علامہ مولانا محمد عبدالخالق رحمۃ اللہ علیہ

۱۷۶......حضرت علامہ مولانا محمد احمد خان دہلوی رحمۃ اللہ علیہ

۱۷۷......حضرت علامہ مولانا عبدالرحیم رحمۃ اللہ علیہ

۱۷۸......حضرت علامہ مولانا سید احمد علی رحمۃ اللہ علیہ

۱۷۹......حضرت علامہ مولانا عبدالغفار حنفی رحمۃ اللہ علیہ

۱۸۰......حضرت علامہ مولانا محمد امین القادری رحمۃ اللہ علیہ

۱۸۱......حضرت علامہ مولانا محمد جسیم رحمۃ اللہ علیہ

۱۸۲......حضرت علامہ مولانا محمد یوسف صدیق اللہ شاہ قادری رحمۃ اللہ علیہ

۱۸۳......حضرت علامہ مولانا محمد یٰسین رحمۃ اللہ علیہ

۱۸۴......حضرت علامہ مولانا محمد نور الحق قادری رحمۃ اللہ علیہ

۱۸۵......حضرت علامہ مولانا محمود جان قادری رحمۃ اللہ علیہ

۱۸۶......حضرت علامہ مولانا عبد الحکیم رحمۃ اللہ علیہ

۱۸۷......حضرت علامہ مولانا عبد الحلیم رحمۃ اللہ علیہ

۱۸۸......حضرت علامہ مولانا حاجی نور محمد رحمۃ اللہ علیہ

۱۸۹......حضرت علامہ مولانا صالح رحمۃ اللہ علیہ

۱۹۰......حضرت علامہ مولانا سعید الدین رحمۃ اللہ علیہ

۱۹۱......حضرت علامہ مولانا عبد الرشید خان بدایونی رحمۃ اللہ علیہ

۱۹۲......حضرت علامہ مولانا محمد علی رحمۃ اللہ علیہ

۱۹۳......حضرت علامہ مولانا محمد میاں رحمۃ اللہ علیہ

۱۹۴......حضرت علامہ مولانا ضیاء الدین المکی رحمۃ اللہ علیہ

۱۹۵......حضرت علامہ مولانا عبد الحی قادری رضوی رحمۃ اللہ علیہ

۱۹۶......حضرت علامہ مولانا محمد شمس الدین قادری رضوی رحمۃ اللہ علیہ

۱۹۷......حضرت علامہ مولانا محمد حفیظ اللہ اعظمی رحمۃ اللہ علیہ

۱۹۸......حضرت علامہ مولانا امیر حسن رحمۃ اللہ علیہ

۱۹۹......حضرت علامہ مولانا سید سجاد حسین رحمۃ اللہ علیہ

۲۰۰......حضرت علامہ مولانا غلام احمد رضوی رحمۃ اللہ علیہ

۲۰۱......حضرت علامہ مولانا فضل احمد رحمۃ اللہ علیہ"

۲۰۲......حضرت علامہ مولانا محمد حسن قادری رحمۃ اللہ علیہ

۲۰۳......حضرت علامہ مولانا شبیر حسین قادری رضوی رحمۃ اللہ علیہ

۲۰۴......حضرت علامہ مولانا ابوالفضل محمد عبدالاحد رضوی رحمۃ اللہ علیہ

۲۰۵......حضرت علامہ مولانا مفتی نثار احمد رحمۃ اللہ علیہ

۲۰۶......حضرت علامہ مولانا ابوالنصر کمال الدین قادری رحمۃ اللہ علیہ

۲۰۷......حضرت علامہ مولانا عبدالسلام رحمۃ اللہ علیہ

۲۰۸......حضرت علامہ مولانا محمد عبدالقادر رحمۃ اللہ علیہ

۲۰۹......حضرت علامہ مولانا محمد کاظم رحمۃ اللہ علیہ

۲۱۰......حضرت علامہ مولانا نور محمد اعظمی قادری رحمۃ اللہ علیہ

۲۱۱......حضرت علامہ مولانا محمد عبدالعظیم قادری رحمۃ اللہ علیہ

۲۱۲......حضرت علامہ مولانا محمد عبدالعزیز خان قادری رحمۃ اللہ علیہ

۲۱۳......حضرت علامہ مولانا محمد یونس قادری رحمۃ اللہ علیہ

۲۱۴......حضرت علامہ مولانا احمد یار خان قادری رحمۃ اللہ علیہ

۲۱۵......حضرت علامہ مولانا محمد عبداللہ رحمۃ اللہ علیہ

۲۱۶......حضرت علامہ مولانا محمد نور الحسین رحمۃ اللہ علیہ

۲۱۷......حضرت علامہ مولانا محمد معوان حسین رحمۃ اللہ علیہ

۲۱۸......حضرت علامہ مولانا محمد شجاعت علی رحمۃ اللہ علیہ

۲۱۹......حضرت علامہ مولانا محمد سراج الحسین رحمۃ اللہ علیہ

۲۲۰......حضرت علامہ مولانا محمد عبدالغفار رحمۃ اللہ علیہ

۲۲۱......حضرت علامہ مولانا عبداللہ رحمۃ اللہ علیہ

۲۲۲......حضرت علامہ مولانا سید یار محمد رحمۃ اللہ علیہ

۲۲۳......حضرت علامہ مولانا محمد عمر القادری رحمۃ اللہ علیہ

۲۲۴......حضرت علامہ مولانا عبدالغنی رحمۃ اللہ علیہ

۲۲۵......حضرت علامہ مولانا محمد حبیب الرحمٰن رحمۃ اللہ علیہ

۱۲۶......حضرت علامہ مولانا محمد عبدالکریم رحمۃ اللہ علیہ

۲۲۷......حضرت علامہ مولانا محمد آصف رحمۃ اللہ علیہ

۲۲۸......حضرت علامہ مولانا محمد عبدالرزاق رحمۃ اللہ علیہ

۲۲۹......حضرت علامہ مولانا شاکر حسین رحمۃ اللہ علیہ

۲۳۰......حضرت علامہ مولانا محمد عبدالقادر رحمۃ اللہ علیہ

۲۳۱......حضرت علامہ مولانا محمد مصاحب علی رحمۃ اللہ علیہ

۲۳۲......حضرت علامہ مولانا سید محمود زیدی رحمۃ اللہ علیہ

۲۳۳......حضرت علامہ مولانا السید محمد میراں رحمۃ اللہ علیہ

۲۳۴......حضرت علامہ مولانا فقیر نثار احمد رحمۃ اللہ علیہ

۲۳۵......حضرت علامہ مولانا فقیر شمس الدین احمد رحمۃ اللہ علیہ

۲۳۶......حضرت علامہ مولانا محمد حامد علی فاروقی رحمۃ اللہ علیہ

۲۳۷......حضرت علامہ مولانا حبیب الرحمٰن رحمۃ اللہ علیہ

۲۳۸......حضرت علامہ مولانا محمد عبداللطیف اجمیری رحمۃ اللہ علیہ

۲۳۹......حضرت علامہ مولانا عبدالمجید القادری رحمۃ اللہ علیہ

۲۴۰......حضرت علامہ مولانا محمد زاہد القادری رحمۃ اللہ علیہ

۲۴۱......حضرت علامہ مولانا محمد احمد دہلوی رحمۃ اللہ علیہ

۲۴۲......حضرت علامہ مولانا صوفی ظہور محمد رحمۃ اللہ علیہ

۲۴۳......حضرت علامہ مولانا محمد عارف حسین قریشی رحمۃ اللہ علیہ

۲۴۴......حضرت علامہ مولانا سید محمد علی حسین رحمۃ اللہ علیہ

۲۴۵......حضرت علامہ مولانا ابوالفیض سلیمانی رحمۃ اللہ علیہ

۲۴۶......حضرت علامہ مولانا سید رشید الدین احمد رحمۃ اللہ علیہ

۲۴۷......حضرت علامہ مولانا قاسم میاں رضوی رحمۃ اللہ علیہ

۲۴۸......حضرت علامہ مولانا محمد قاسم ہاشمی قادری رحمۃ اللہ علیہ

۲۴۹......حضرت علامہ مولانا محمد عبدالشکور قادری رحمۃ اللہ علیہ

۲۵۰......حضرت علامہ مولانا حافظ حاجی پیر سید ظہور شاہ قادری رحمۃ اللہ علیہ

۲۵۱......حضرت علامہ مولانا محمد صدیق بڑودی رحمۃ اللہ علیہ

۲۵۲......حضرت علامہ مولانا سید خالد شامی رحمۃ اللہ علیہ

۲۵۳......حضرت علامہ مولانا محمد عبداللہ بڑودی رحمۃ اللہ علیہ

(الصوارم الهندیه از علامه حشمت علی خان القادری الرضوی رحمة الله علیه)

مندرجہ بالامعزز، جلیل القدر، مفتیان عظام، علماء حرمین شریفین نے دیوبندی علماء کے گمراہ کن اور گستاخانہ عقائد اور کفریہ کلمات کے خلاف کفر کے فتوے دیئے وہ فتاوٰی شائع ہوئے تو علماء دیوبند نے سچی توبہ کرنے کی بجائے دھوکہ، مکروفریب، انکار اور جھوٹ کا سہارا لے کر اپنے آپ کو بچانے کی کوشش کی تو پاکستان

وہندوستان کے مندرجہ بالا معزز علماءِ کرام نے علماء دیوبند کے اُن کفریہ کلمات، گمراہ کن اور گستاخانہ عقائد کی وجہ سے اُن پر کفر کے فتوے لگا کر علماء حرمین شریفین کے فتاوٰی پر تصدیق کی مہر لگا دی تا کہ کسی کو مغالطہ اور شک کی گنجائش نہ رہے۔

❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖

سیدہ فاطمۃ الزہراء رضی اللہ عنہا اور سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کی شان میں تبلیغی جماعت کے دیوبندی، نجدی وہابی مولویوں کی گستاخیوں کے چند نمونے

۱۔۔۔۔۔ دیوبندی مولوی کو غسل حضرت علی نے دیا اور اس برہنہ کو کپڑے سیدۃ النساء فاطمہ رضی اللہ عنہا نے پہنائے۔ معاذ اللہ

(صراط مستقیم ص: ۲۲۱)

ایک دن جناب ولایت مآب حضرت علی کرم اللہ تعالیٰ وجہہ اور جناب سیدۃ النساء فاطمۃ الزہراء رضی اللہ عنہا کو خواب میں دیکھا۔ جناب علی المرتضٰی رضی اللہ عنہ نے آپ کو اپنے ہاتھ مبارک سے غسل دیا اور آپ کے بدن کو خوب اچھی طرح سے شست وشو کی، جس طرح والدین اپنے بیٹوں کو نہلانے اور شست وشو کرتے ہیں اور جناب فاطمۃ الزہراء رضی اللہ عنہا نے نہایت عمدہ اور قیمتی لباس اپنے ہاتھ مبارک سے آپ کو پہنایا۔ معاذ اللہ۔ (صراط مستقیم اردو از مولوی اسماعیل دہلوی "امام اول دیوبند" ص:۲۲۱)

۲۔۔۔۔۔ مولوی اشرف علی تھانوی لکھتا ہے:

"ہمارے مولوی فضل الرحمٰن بیمار ہو گئے تھے تو انہوں نے خواب دیکھا کہ

اُن کو خاتونِ جنت حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا نے اپنے سینے سے چمٹا لیا اور مولوی صاحب خاتونِ جنت کے سینے سے لگ گئے اور درست ہو گئے۔ معاذ اللہ ثم معاذ اللہ (افاضات الیومیہ ۸/۴۸)

اے مسلمانو! تمہیں اللہ کا واسطہ ذرا سوچو خوب غور کرو کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی پیاری صاحبزادی رضی اللہ عنہا کی شان وعظمت میں رائے ونڈ کی تبلیغی جماعت کے حکیم الامت مولوی اشرف تھانوی دیوبندی نے کس قدر ناپاک جرأت اور گستاخی کی ہے۔ یہ سب کچھ تھانوی دیوبندی کی یزید پلید سے محبت اور اہل بیت اطہار سے بغض کا منہ بولتا ثبوت ہے۔

۳..... مولوی اشرف علی تھانوی دیوبندی نے بڑھاپے میں ایک کمسن خوبصورت شاگردنی سے نکاح کرلیا۔

اس نکاح سے پہلے ان کے ایک مرید نے خواب میں دیکھا کہ مولوی اشرف علی تھانوی کے گھر عائشہ صدیقہ آنے والی ہیں جس کی تعبیر مولوی اشرف علی تھانوی نے یہ کی کہ کوئی کمسن عورت میرے ہاتھ آوے گی کیونکہ حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کا نکاح جب حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام سے ہوا تو آپ کی عمر سات سال تھی وہی نسبت یہاں ہے کہ میں بڈھا اور بیوی لڑکی ہے۔ (معاذ اللہ)

(الخطوب المدلیہ ص: ۸، ماہ صفر ۱۳۳۵ھ رسالہ امداد۔ از مصنف اشرف علی تھانوی)

رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی ساری ازواج مطہرات، مسلمانوں کی روحانی مائیں ہیں خصوصاً ام المؤمنین عائشہ صدیقہ طیبہ طاہرہ رضی اللہ عنہا کی تو یہ شان ہے کہ ان کے قدموں پر دنیا بھر کی مائیں قربان ہوں تو بھی کم ہے۔ کوئی کمینہ آدمی بھی ماں

کوخواب میں دیکھ کر جورو (یعنی بیوی) سے تعبیر نہ کرے گا یہ کہنا حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کی سخت توہین اور شان اقدس میں صریح گالی ہے اس سے زیادہ بے ایمانی اور بے غیرتی اور کیا ہو سکتی ہے کہ ماں کو جورو سے تعبیر دی جائے۔ (معاذ اللہ)

۴...... رائے ونڈ کی تبلیغی جماعت کا حکیم الامت مولوی اشرف علی تھانوی دیوبندی لکھتا ہے۔

"کہ بعض اوصاف میں میری نئی بیوی حضرت عائشہ صدیقہ کی وارث ہے"۔ (نعوذ باللہ) کہاں ایک ہندوستانی عورت اور کہاں ام المؤمنین سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کا مقام عالی شان۔

۵...... رائیونڈ کی دیوبندی تبلیغی جماعت کے حکیم الامت کا منظور شدہ کلمہ اور درود۔

مولوی اشرف علی دیوبندی کے ایک مرید نے مولوی اشرف علی تھانوی کو خط لکھا کہ میں نے خواب کی حالت میں اس طرح کلمہ یعنی لا الہ الا اللّٰہ اشرف علی رسول اللہ پڑھتا ہوں، چاہتا تھا کہ کلمہ صحیح پڑھوں مگر یہی منہ سے نکلتا تھا جب بیدار ہوتا ہوں کلمہ شریف کی غلطی کا خیال آیا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر درود پڑھوں تو یوں اللھم صل علیٰ سیدنا ونبینا اشرف علی حالانکہ اب بیدار ہوں خواب میں نہیں مگر بے اختیار ہوں زبان قابو میں نہیں ہے۔

اس کا جواب اشرف علی تھانوی دیوبندی نے یہ دیا کہ جس طرف تم رجوع کرتے ہو وہ بعونہٖ تعالیٰ متبع سنت ہے یعنی کوئی خرابی نہیں۔ معاذ اللہ

اسے سنت کے مطابق قرار دینا غضب الٰہی اور عذاب خداوندی کا موجب ہے اور اس سے توبہ کرنا فرض ہے۔

(رسالہ امداد بابت ماہ صفر ۱۳۳۶ھ ص: ۳۵ از اشرف علی تھانوی)

دیوبندی مولوی نے خواب میں رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو پل صراط پر سے گرنے سے بچالیا

۶......رشید احمد گنگوہی کے شاگرد رشید حسین علی دیوبندی "بلغۃ الحیران مبشرات" میں لکھتے ہیں:

"کہ میں نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو خواب میں دیکھا کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم مجھے پل صراط پر لے گئے اور کچھ آگے جا کر میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم گر رہے ہیں تو میں نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو روکا اور گرنے سے بچالیا۔ (معاذ اللہ)

(بلغۃ الحیران مبشرات ص: ۸، دلائل السلوک ص: ۱۹۶)

۷......اردو میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم مدرسہ دیوبند کے شاگرد ہیں"

براہین قاطعہ میں مولوی خلیل احمد انبیٹھوی دیوبندی صفحہ ۲۶ پر لکھتا ہے:

"مدرسہ دیوبند کی عظمت خدا تعالیٰ کی بارگاہ میں بہت ہے کہ صدہا عالم یہاں سے پڑھ کر گئے اور خلق کثیر کو ظلمت وضلالت سے نکالا یہی سبب ہے کہ ایک صالح مرد خواب میں فخر عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت سے مشرف ہوئے تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو اردو میں کلام کرتے دیکھ کر پوچھا کہ آپ کو یہ کلام کہاں سے آگئی آپ تو عربی ہیں آپ صلی اللہ علیہ وسلم

نے فرمایا جب سے علماء مدرسہ دیوبند سے ہمارا معاملہ ہوا ہے ہم کو یہ زبان آ گئی ہے سبحان اللہ اس سے رتبہ اس مدرسہ کا معلوم ہوا۔" (معاذ اللہ)

❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖❖

رائے ونڈ کی تبلیغی جماعت کے علماء دیوبند کی امام عالی مقام

سیدنا امام حسین رضی اللہ عنہ کی شان میں

کی گئی گستاخیوں کی ایک جھلک

۱......امام حسین رضی اللہ عنہ نے جماعت میں تفرقہ ڈالا جماعت سے الگ ہو کر شیطان کے حصے میں چلے گئے۔ معاذ اللہ (رشید ابن رشید ص:۲۲۵)

۲......پس حسین باغی اور بیعت توڑنے والے ٹھہرے۔ معاذ اللہ

(رشید ابن رشید ص: ۱۴۰)

۳......امام حسین رضی اللہ عنہ نے "امیر المؤمنین یزید" کی اطاعت نہ کر کے خدا اور اس کے رسول کی نافرمانی کی۔ معاذ اللہ

اہلسنت کے نزدیک ایسے الفاظ کہنا حضرت سیدنا امام حسین رضی اللہ عنہ کی شان میں سخت گستاخی ہیں اور یہ جہنمی ہونے کی نشانی ہے اے مسلمانو! غور کرو خدارا انصاف کرو کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے مبارک کندھوں پر محبت سے سواری کرنیوالے سیدنا حسین، رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی مبارک زبان اور لعاب دہن

چوسنے والے سیدنا حسین اور رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی گود مبارک میں کھیلنے والے لاڈے شہزادے امام حسین رضی اللہ عنہ نے کربلا کے میدان میں یزید پلید کی فوجوں کے ظلم وستم برداشت کیے اور اپنے پیارے نانا جان رحمت عالمیان صلی اللہ علیہ وسلم کے دین اسلام کے لئے اپنا پورا مقدس گھرانہ اور سب کچھ قربان کر دیا۔ نجدی، وہابی دیوبندی اور رائے ونڈی تبلیغی جماعت والوں نے ہمارے دلوں کے چین سیدنا امام حسین رضی اللہ عنہ کو اپنی کتابوں میں باغی، فسادی اندھا، جماعت میں تفرقہ ڈالنے والا مال و دولت اور حکومت کی خاطر فتنہ وفساد ڈالنے والا، خدا اور رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی نافرمانی کرنے والا لکھا ہے اور بعض اوقات کہتے بھی رہتے ہیں "لیکن یہ سب کے سامنے ظاہر نہیں کرتے" کیونکہ ان نجدی، وہابی، دیوبند اور رائے ونڈ کی تبلیغی جماعت کے لوگوں کے دل امام عالی مقام امام حسین رضی اللہ عنہ کے بغض سے بھرے ہوئے ہیں۔ یہ یزید پلید جیسے ظالم، شرابی، زانی، فاسق وفاجر کی محبت میں گمراہ ہوئے پڑے ہیں اس بارے میں مکمل تفصیلات کے ساتھ صحیح حقائق معلوم کرنے کے لئے خطیب پاکستان مولانا محمد شفیع اوکاڑوی رحمۃ اللہ علیہ کی تصنیف کردہ کتاب امام پاک رضی اللہ عنہ اور یزید پلید نامی کتاب کا مطالعہ فرمائیں ان شاء اللہ دودھ کا دودھ اور پانی کا پانی واضح ہو جائے گا۔

دیوبندی مولوی ہم اہلسنت پر یہ الزام لگاتے ہیں کہ یہ

"سنی بریلوی لوگ پیر پرست ہیں" نبی علیہ الصلوٰۃ والسلام کو اور پیروں کو خدا عزوجل سے ملا دیتے ہیں اس لئے یہ مشرک ہیں۔ معاذ اللہ

ان کا یہ دعوی سراسر غلط ہے الحمد اللہ اہلسنت وجماعت بریلوی کا دامن کفر

وشرک کی آلودگی سے پاک وصاف ہے۔

لیکن آیئے دیکھئے غور کیجئے کہ "پیر پرست کون" ہے۔رائے ونڈ کی تبلیغی جماعت کے لوگ اور دیوبندی علماء اپنے پیروں کو کیا سمجھتے ہیں۔

۱......مولوی خلیل احمد انبیٹھوی دیوبندی کے متعلق ان کا نظریہ ہے کہ مولانا خلیل احمد صاحب تو نور ہی نور ہیں، ان میں نور کے سوا کچھ نہیں۔معاذ اللہ

(تذکرۃ الخلیل ص: ۳۵۹)

۲......دیوبندی مولوی اپنے رشید احمد گنگوہی کے متعلق لکھتا ہے:

کیا وصف کروں اس ممتاز کا
انسان کی شکل میں فرشتہ دیکھا

(تذکرۃ الخلیل ص: ۶۶۔تذکرۃ الرشید ۲/۹۹)

۳......دیوبندی مولوی کے نزدیک رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو وسیلہ ماننا شرک وبدعت ہے مگر فتاوٰی اشرفیہ میں اشرف تھانوی کو وَسِیْلَتِنَا فِی الدَّارَیْنِ (دونوں جہان میں وسیلہ) لکھا ہے۔(فتاوٰی اشرفیہ ۱/۱)

۴......مولوی اشرف تھانوی کے متعلق دیوبندیوں کا عقیدہ ہے کہ:

"مولانا اشرف علی تھانوی کے پاؤں دھو کر پینا نجاتِ اُخروی کا سبب ہے"

(تذکرۃ الرشید ۱/۱۱۳)

۵......مسلمانو! انصاف کیجئے جب کوئی سنی بریلوی مسلمان اپنے آپ کو مدینہ منورہ کا "سگ" یعنی کتا کہتا ہے یا غوث اعظم رحمۃ اللہ علیہ کے در کا "سگ" کہتا ہے تو دیوبندی مولوی اعتراض کرتے ہیں جبکہ خلیل احمد انبیٹھوی کا اپنے پیر و مرشد رشید احمد گنگوہی کے متعلق عقیدہ یہ ہے کہ: "

''میں تو اس دربار (رشیدی) کے کتوں کے برابر بھی نہیں۔''

(تذکرۃ الخلیل ص: ۶۰)

مسلمانو! انصاف کیجئے کہ جب کوئی سنی مسلمان اپنے پیر و مرشد پیر مہر علی شاہ صاحب گولڑوی کو غوث دوراں کہتا ہے یا سیدنا محی الدین عبدالقادر جیلانی رحمۃ اللہ علیہ کو غوث اعظم کہتا ہے تو رائے ونڈ کی تبلیغی جماعت کے دیوبندی مولوی کارڈ، پمفلٹ اور رسائل لکھ لکھ کر تقسیم کرتے ہیں کہ ان کو غوث اعظم کہنا شرک ہے حالانکہ ایسا قرآن و حدیث اور اولیاء اللہ سے ثابت ہے لیکن اپنے پیر و مرشد رشید احمد گنگوہی کے متعلق خلیل احمد انبیٹھوی دیوبندی لکھتا ہے کہ

قطب عالم غوث دوراں بے مثال
گنج عرفاں نورِ ایقاں خوش خصال

(تذکرۃ الخلیل ص: ۵۸)

مزید دیکھئے مولوی محمود الحسن دیوبندی اپنے پیر و مرشد رشید احمد گنگوہی کی شان میں لکھتا ہے:

تمہاری تربت انور کو دے کر طور سے تشبیہ
کہوں ہوں بار بار اَرِنِیْ میری دیکھی بھی نادانی

(مرثیہ شمولہ کلیات شیخ الہند ص: ۹)

اس شعر کے مطابق مولوی رشید احمد گنگوہی دیوبندی کی قبر تو طور ہوئی اور مولوی محمود الحسن ''ارنی'' فرمانے والے موسیٰ ہوئے تو معاذ اللہ مولوی رشید احمد گنگوہی صاحب کو رب سے ملانے کی کوشش کی جارہی ہے۔ (اس میں ایک نہیں کتنی ہی گستاخیاں ہیں)۔

اسی نظم میں مزید لکھتے ہیں:

زبان پر اہل اہوا کی ہے اعل ہبل شاید
اٹھادنیا سے کوئی بانی اسلام کا ثانی

(مرثیہ شمولہ کلیات شیخ الھند ص:۷)

اس شعر میں مولوی رشید احمد گنگوہی کو بانی اسلام حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا ثانی کہا گیا ہے جبکہ ہمارا عقیدہ یہ ہے کہ اللہ تبارک وتعالی نے رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو لاثانی، بے نظیر و بے مثال بنایا ہے۔

تعجب ہے کہ اگر کسی جاہل آدمی کو اشرف علی تھانوی کا یا ان کے کسی بڑے عالم کا ثانی کہہ دیا جائے تو ان دیوبندیوں کو ناگوار گزرتا ہے اور یہ خود اپنے مولوی کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا ثانی کہیں تو انہیں توہین رسول کا احساس نہیں ہوتا اور غلطی ماننے کے بجائے الٹے سیدھے بہانے بناتے ہیں۔ پھر مزید لکھتا ہے:

وہ تھے صدیق اور فاروق پھر کہیے عجب کیا ہے
شہادت نے تہجد میں قدم بوسی کی گر ٹھانی

(مرثیہ شمولہ کلیات شیخ الھند ص:۹)

اب اس شعر میں ان کو صدیق اور فاروق رضی اللہ عنہما سے بھی ملا دیا مزید ملاحظہ فرمائیں:

قبولیت اسے کہتے ہیں مقبول ایسے ہوتے ہیں
عبید اسود کا ان کے لقب ہے یوسف ثانی

(مرثیہ شمولہ کلیات شیخ الھند ص:۸)

اب غور فرمائیے! عبید اسود کے معنی ہیں کالے بندے یا کالے غلام۔ (یعنی

عبید اسود کا ان کے") اس کا مطلب یہ ہوا کہ مولوی رشید احمد گنگوہی کی مقبولیت کی شان یہ ہے کہ ان کے کالے غلام کا لقب بھی یوسف علیہ السلام کا ثانی ہے۔ معاذ اللہ یہ حسن و جمال یوسف علیہ السلام کی صریح توہین ہے۔

اب درج ذیل شعر میں رشید احمد گنگوہی دیوبندی کی مسیحائی کو حضرت عیسیٰ ابن مریم علیہ السلام کی مسیحائی پر ترجیح دی ہے اور ایسا کہنا حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی شان میں سخت گستاخی ہے۔

مردوں کو زندہ کیا زندوں کو مرنے نہ دیا
اس مسیحائی کو دیکھیں ذرا ابن مریم علیہ السلام

(مرثیہ شمولہ کلیات شیخ الہند ص:۱۳)

اس شعر میں مولوی محمود الحسن دیوبندی حضرت عیسیٰ ابن مریم علیہ السلام کو اپنے مرشد کے کمالات سے موازنہ اور مقابلے کا چیلنج کرتے ہوئے کہہ رہا ہے کہ اے عیسیٰ علیہ السلام آپ نے تو ایک ہی کام کیا یعنی مردوں کو زندہ کیا مگر میرے مرشد رشید احمد گنگوہی نے تو دو کام کیے ہیں یعنی مردوں کو زندہ کیا اور زندوں کو مرنے نہ دیا اور اس مسیحائی کو دیکھیں ذرا ابن مریم علیہ السلام۔ معاذ اللہ حضرت ابن مریم علیہ السلام کو اپنے مرشد کے فضائل و کمالات دیکھنے کی دعوت دی جا رہی ہے یہ عین توہین نبوت ہے۔ اور رائے ونڈ کی تبلیغی دیوبندیوں کا کھلا ہوا کفر ہے۔

اے مسلمانو! غور کرو کہ از خدا تا موسیٰ علیہم السلام، صدیق و فاروق (رضی اللہ عنہما) غرض کہ کون سا درجہ باقی رہا جو رشید احمد گنگوہی کو نہ دیا گیا ہو۔

مزید دیوبندی علماء کے نزدیک کعبہ میں بھی گنگوہ کا رستہ تلاش کرنا چاہیے:

پھریں تھے کعبہ میں بھی پوچھتے گنگوہ کا رستہ
جو رکھتے اپنے سینوں میں تھے شوق و ذوق عرفانی

(مرثیہ شمولہ کلیات شیخ الہند ص:۸)

جبکہ اہلسنت کے نزدیک کعبہ مطہرہ تمام دنیائے اسلام کا مرکز ومحور ہے اور مرد مؤمن کا دل خود بخود کعبہ کی طرف کھنچتا ہے اور ایسی صورت میں جو لوگ کعبہ پہنچ کر بھی گنگوہ کا رستہ ڈھونڈتے ہیں وہ علم وعرفان اور ذوق وشوق عبادت اور انوار وتجلیات سے قطعاً محروم ہیں اور کعبہ معظمہ میں پہنچنے کے بعد گنگوہ کا متلاشی ہونا یقیناً کعبہ معظمہ کی شان وعظمت کو گھٹانے والی بات ہے۔

سوال......امام اہلسنت احمد رضا خان فاضل بریلوی رحمۃ اللہ علیہ کے نام کے ساتھ اعلیٰ حضرت لکھنے پر دیوبندی بہت اعتراض کرتے ہیں۔؟

جواب......اس سے ہمارا مطلب یہ ہے کہ امام اہلسنت احمد رضا خان رحمۃ اللہ علیہ اپنے زمانہ کے حضرات علماء میں سب سے اعلیٰ ہیں۔ جو آپ کے عشق رسول صلی اللہ علیہ وسلم سے بھرپور ترجمہ قرآن کنز الایمان اور آپ کی دیگر تصانیف، آپ کے علم وعمل تقویٰ اور پرہیزگاری کی وجہ سے ہے۔ اور یہ اللہ تعالیٰ کا آپ رحمۃ اللہ علیہ پر خاص احسان ہے ہمارا عقیدہ یہ ہے کہ کوئی ولی کسی صحابی رضی اللہ عنہ کی کسی طرح سے برابری نہیں کرسکتا اور کوئی صحابی کسی نبی کی برابری نہیں کرسکتا اور کوئی نبی حتی کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم بھی کسی معاملے میں اللہ تبارک وتعالیٰ کی برابری نہیں کرسکتے۔

جبکہ دیوبندی مولویوں کے عظیم پیشوا عاشق الٰہی میرٹھی نے دیوبندیوں کے

اعلیٰ حضرت اپنی تصنیف ''تذکرۃ الرشید'' کی جلد دوم میں اپنے خانوادے کے مرشد اعظم حاجی امداد اللہ صاحب کو گیارہ جگہ جی ہاں گیارہ جگہ ''اعلیٰ حضرت'' لکھا ہے اور رشید احمد گنگوہی نے بھی اپنے مکتوب میں حاجی صاحب کو دو جگہ ''اعلیٰ حضرت'' لکھا ہے اور اشرف علی تھانوی دیوبندی نے خود اپنے قلم سے حاجی صاحب کو تین جگہ ''اعلیٰ حضرت'' لکھا ہے۔ مبلغ دیوبندی مولوی سیف اللہ دیوبندی نے بھی دارالعلوم دیوبند کے مدیر قاری طیب کو ''اعلیٰ حضرت'' لکھا ہے اب دیوبندی مولوی اپنے گھر کے ''اعلیٰ حضرت'' کے بارے میں بھی کچھ وضاحت فرمادیں تو مہربانی ہوگی۔

آیئے ! اب رائے ونڈ کی تبلیغی جماعت کے اساتذہ علماء دیوبند اور دارالعلوم دیوبند کا افسوسناک، شرمناک تاریخی کارنامہ بھی پڑھ لیجئے

صد سالہ ''جشن دیوبند'' میں دین اسلام کی توہین کے بے شمار پہلو موجود ہیں ۔ آہ ! یہ صد سالہ جشن دیوبند دین اسلام کی توہین اور ایک کثیر رقم کی بربادی کا باعث اور بے شمار بدعات کا مجموعہ ہے۔

صد ۱۰۰ سالہ جشن دیوبند کی تفصیل ان کے علماء کے بقول اور روزنامہ ''مشرق، نوائے وقت'' لاہور (۲۲۔۲۳ مارچ ۱۹۸۰) (روزنامہ جنگ ۲۳ مارچ راولپنڈی) روزنامہ جنگ کراچی ۔ ۱۱ ر اپریل، روزنامہ امروز ۲۷ مارچ اور ۱۹ ر اپریل اور دیگر رسائل کی اطلاعات کے مطابق ۔ سیارہ ڈائجسٹ بلکہ روزنامہ نوائے وقت ۹ ر اپریل ۱۹۸۰ء میں تو جشن دیوبند کی افتتاحی تقریب کے موقع پر ''دیوبندی مولویوں

کے جھرمٹ میں مسز اندرا گاندھی کی تصویر" بھی شائع کی گئی ہے۔ یہ واقعہ کچھ اس طرح سے ہے۔

۲۱، ۲۲، ۲۳ مارچ ۱۹۸۰ء کو مدرسہ دارالعلوم دیوبند کا صد سالہ جشن منایا گیا اس موقع پر صد سالہ جشن دیوبند کا افتتاح کرنے اور تقریر کرنے کے لئے جب "شری متی" مسز اندرا گاندھی اسٹیج پر آنے لگی تو اسٹیج پر موجود تمام دیوبندی مولوی صاحبان اور عرب وفود کے ارکان دو رویہ یعنی دو قطار بنا کر کھڑے ہو گئے اندرا گاندھی ان سب کے خوش آمدید کا مسکراہٹ سے جواب دیتی ہوئی آئیں انہیں مہمان خصوصی کی کرسی پر بٹھایا گیا جو صاحب صدر اور قاری محمد طیب کی کرسیوں کے درمیان تھی۔ جبکہ دیگر بڑے بڑے علماء نیچے بیٹھے ہوئے تھے "شری متی" جی کو دیکھنے کے لئے زبردست ہلچل مچی تمام حاضرین اور خصوصاً پاکستانی "شری متی" کو دیکھنے کے لئے بے تاب تھے "شری متی" ایک مرصع اور سنہری کرسی پر جلوہ گر تھیں۔ شری متی نے سنہری رنگ کی ساڑھی پہنی ہوئی تھی اور ان کے ہاتھ میں ہلکے رنگ کا ایک بڑا سا پرس تھا۔

"اندرا دیوی" نے بنفس نفیس جشن دیوبند کی تقریبات کا افتتاح کیا اپنے دیدار و آواز اور نسوانی اداؤں سے دیوبندی ماحول کو مسحور کیا اور دیوبند کے اسٹیج پر تالیوں کی گونج میں اپنے خطاب سے جشن دیوبند کو مستفیض فرمایا۔ بانی دیوبند کے نواسے اور مدرسہ دیوبند کے "بزرگ" مہتمم قاری محمد طیب صاحب نے اندرا دیوی کو عزت مآب وزیر اعظم ہندوستان کہہ کر خیر مقدم کیا اور اسے بڑی بڑی ہستیوں میں شمار کیا۔ قاری محمد طیب دیوبندی کے خطبہ استقبالیہ کے دوران مصر کے وزیر اوقاف عبداللہ بن سعود نے شری متی اندرا گاندھی سے "ہاتھ" ملایا۔ نیز شری متی اور مفتی محمود

صاحب تھوڑی دیر اسٹیج پر کھڑے باتیں کرتے رہے اور مفتی محمود نے شری متی جی سے ویزے جاری کرنے کی درخواست کی چنانچہ اندرا گاندھی نے اسی وقت دیوبند میں ویزا آفس کھولنے کا حکم دے دیا۔

روزنامہ جنگ کراچی ۳/اپریل ۱۹۸۰ء کی ایک تصویر میں مولویوں کے جھرمٹ میں ایک ننگے منہ، ننگے سر، برہنہ بازو، عورت کو تقریر کرتے ہوئے دکھایا گیا اور تصویر کے نیچے لکھا ہے "مسز اندرا گاندھی دارالعلوم دیوبند کی صد سالہ تقریبات کے موقع پر تقریر کر رہی ہیں۔ روزنامہ نوائے وقت ۹/اپریل ۱۹۸۰ء کی ایک تصویر میں ایک مولوی کو اندرا گاندی کے ساتھ دکھایا گیا ہے اور تصویر کے نیچے لکھا ہے مولانا رحمت گل مسز اندرا گاندھی سے ملاقات کر کے آ رہے ہیں۔

صد سالہ جشن دیوبند میں مسز اندرا گاندھی کے علاوہ مسٹر راج نرائن، جگ جیون رام، اور مسٹر بھوگنا نے بھی شرکت کی۔

روزنامہ جنگ راولپنڈی ۲/اپریل ۱۹۸۰ء، روزنامہ امروز ۲۷ مارچ کے مطابق تقریبات جشن دیوبند کے انتظامات وغیرہ پر ۷۵ لاکھ سے زائد رقم خرچ کی گئی پنڈال پر چار لاکھ سے بھی زائد رقم خرچ ہوئی بجلی پر تین لاکھ سے زیادہ اور کیمپوں پر ساڑے چار لاکھ سے زیادہ رقم خرچ ہوئی۔

جشن دیوبند کے مندوبین نے واپسی پر بتایا کہ جشن دیوبند کی تقریبات پر بھارتی حکومت نے ڈیڑھ کروڑ روپے خرچ کیے جبکہ ساٹھ لاکھ روپے دارالعلوم نے اس مقصد کے لئے اکٹھے کیے۔

روزنامہ جنگ راولپنڈی ۲/اپریل ۱۹۸۰ء کے مطابق اندرا گاندی نے

مدرسہ دیوبند کے لئے ۳۰ لاکھ روپے کی گرانٹ الگ مہیا کی ۔ روزنامہ اخبار العالم الاسلامی سعودی عرب نے لکھا ہے کہ سعودی حکومت نے درالعلوم دیوبندی کو دس لاکھ وظیفہ دیا ہے جبکہ سیدہ اندارا گاندھی نے جشن دیوبند کے افتتاحی اجلاس میں خطاب کیا۔ ۱۴ جمادی الاول ۱۴۰۰ھ۔

بعض شرکاء دیوبند کا کہنا ہے کہ اندرا گاندھی بن بلائے آئی تھی اگر یہ درست مان لیا جائے تو پھر سوال پیدا ہوتا ہے کہ اسے مہمان خصوصی کی کرسی پر کیوں بٹھایا اس سے افتتاح کیوں کرایا گیا اور تقریر کیوں کرائی گئی۔؟

چرن سنگھ اور جگ جیون رام نے ایک مذہبی اسٹیج پر تقاریر کیوں کیں؟ کیا یہ سب کچھ درالعلوم دیوبند کے منتظمین کی خواہش کے خلاف ہوتا رہا تھا؟ دراصل ایک جھوٹ چھپانے کے لئے انسان کو سو جھوٹ بولنے پڑتے ہیں۔ کاش اللہ تعالیٰ ان دیوبندی مولویوں کو سچ بولنے، غلطی کا اعتراف کر کے توبہ کرنے کی توفیق عطا فرمائے اور یہ کلنک کا ٹیکہ جو انہوں نے اپنے چہرے پر لگا لیا اور یہ داغ جوان کے دامن پر لگ چکا ہے حیلوں، بہانوں سے نہیں بلکہ صرف اور صرف اقرار کر کے توبہ کرنے ہی سے مٹے گا۔

اے مسلمانو! ذرا غور کرو کہ جب کوئی سنی مسلمان باادب کھڑے ہو کر رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی ذات، سراپا عظمت پہ درود وسلام پڑھتا ہے۔

مصطفیٰ جانِ رحمت پہ لاکھوں سلام
شمع بزم ہدایت پہ لاکھوں سلام

تو یہ دیوبندی تبلیغی جماعت والے اسے شرک و بدعت کہتے ہیں اور اگر

منافقت کرتے ہوئے خاموش بھی رہتے ہیں تو دل میں ہی نا جانے کیا کیا کہہ جاتے ہیں۔

آہ! دارالعلوم دیوبند میں ایک کافرہ، مشرکہ، ننگے منہ، ننگے سر اور برہنہ بازو والی "ہندو عورت کے احترام و تعظیم" میں اِن مولویوں کا کھڑے ہو جانا اور اُس مشرکہ کو بڑے بڑے القابات سے پکارنا اسلام کی زبردست توہین نہیں تو اور کیا ہے؟ اتنے عالم فاضل کہلوانے والے اندرا گاندی کو دعوتِ اسلام بھی پیش نہ کر سکے اور ان دیوبندی مولویوں کو مشرک، کافر، ہندو قوم سے لاکھوں روپے کی مدد لیتے ہوئے شرم بھی نہ آئی۔ یہ ہے ان رائے ونڈ کے تبلیغیوں کی توحید.....؟ معاذ اللہ

مگر افسوس! ہے کہ یہ رائے ونڈ کی تبلیغی جماعت کے دیوبندی مولوی رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی ولادت باسعادت کے موقع پر ہونے والے جشنِ عید میلاد النبی صلی اللہ علیہ وسلم اور محافلِ میلاد کو بدعت اور گمراہی قرار دیتے ہیں جب کہ قرآن وحدیث میں اس کے بے شمار فضائل موجود ہیں۔

خدارا مسلمانو! انصاف کرو عقل کرو! اِن دیوبندی مولویوں اور تبلیغیوں سے دور رہو کیونکہ یہ لوگ اللہ تبارک وتعالیٰ کے پیارے محبوب صلی اللہ علیہ وسلم کی تعظیم وتوقیر کا انکار کرنے والے اور مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کی شان گھٹانے والے ہیں۔

یہ سب دیوبندی مولوی تحریک پاکستان کی بھی بھرپور مخالفت کرتے رہے ہیں اور انگریزی حکومت کے وفادار اور تنخواہ دار رہے ہیں جیسا کہ مولوی عبدالجبار دیوبندی لکھتے ہیں کہ "یہ کیسے ہوسکتا ہے حضرت حکیم الامت اشرف علی تھانوی مسلم لیگ جیسی بددین جماعت کی حمایت کریں۔ (اشرف الافادات ص:۱۸)

مسلم لیگ کو ووٹ دینے والے سور ہیں اور سور کھانے والے ہیں

۱......دیوبندیوں کے مولوی عطا اللہ بخاری نے کہا کہ جو لوگ مسلم لیگ کو ووٹ دیں گے وہ سور ہیں اور سور کھانے والے ہیں۔ معاذ اللہ

(چمنستانِ ظفر ولی خان ص: ۱۶۵)

مولوی شبیر احمد عثمانی دیوبندی لکھتے ہیں کہ:

اشرف علی تھانوی کو بھی انگریز حکومت کی طرف سے چھ سو روپیہ ماہانہ ملتا تھا۔

مکالمۃ الصدرین، صفحہ ۹ مولانا حفظ الرحمٰن دیوبندی نے کہا کہ مولانا الیاس میواتی کی تبلیغی جماعت کو بھی حکومت برطانیہ کی طرف سے بذریعہ رشید احمد گنگوہی دیوبندی کو کچھ روپیہ ملتا تھا۔

رپورٹ ''تحقیقاتی عدالت'' صفحہ ۲۷۶ پر ہے کہ دیوبندی احراری مولویوں نے بانی پاکستان محمد علی جناح کو'' کافر اعظم '' کہا ہے اور پاکستان کو ''پلیدستان'' اور ''خاکستان'' کہا ہے اور مسلمانوں کے دشمن مشرک ہندو نہرو کو پردھان منتری شری جواہر لال نہرو کے خطابات سے بڑے بڑے تعریفی کلمات سے یاد کیا ہے یہ ہے رائے ونڈ کے تبلیغی دیوبندیوں کی توحید؟ معاذ اللہ

جبکہ محمد علی جناح صحیح عقائد رکھنے والے سنی مسلمان تھے اور انہیں خواب میں ''رحمتِ دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم'' کی زیارت بھی نصیب ہوئی تھی۔ اس لئے انہیں اُس وقت کے علماء مثلاً امیر ملت سید جماعت علی شاہ رحمۃ اللہ علیہ اور گولڑہ شریف کے بابو جی حضرت سید محی الدین رحمۃ اللہ علیہ وغیرہ بزرگوں کی دعائیں حاصل تھیں۔ محمد علی

جناح ،نماز روزہ، تلاوت اور درود وغیرہ کی پابندی کرنے والے تھے اور محافل میلاد النبی صلی اللہ علیہ وسلم میں حاضری دیتے تھے۔ خلفاء راشدین اور دیگر تمام صحابہ کرام علیہم الرضوان اور اولیاء سے محبت بھی کرتے تھے اور آخری وقت میں گواہان کی موجودگی میں کلمہ طیبہ پڑھ کر ہی ان کا انتقال ثابت ہے۔

مودودی صاحب لکھتے ہیں کہ مسلم لیگ کی حمایت میں اگر میں نے کبھی ایک لفظ بھی بولا ہو تو اس کا حوالہ دیا جائے۔ (ترجمان القرآن)

مودودی صاحب کہتے ہیں کہ مسلمان ہونے کی حیثیت سے میرے لئے اس مسئلہ میں کوئی دلچسپی نہیں کہ ہندوستان میں جہاں مسلمان کثیر تعداد میں ہیں وہاں ان کی حکومت قائم ہو۔ اس نام نہاد حکومت کے انتظار میں اپنا وقت ضائع کرنے یا اس کے قیام میں اپنی قوت ذائع کرنے کی حماقت آخر ہم کیوں کریں۔

(تحریک آزادی ہند اور مسلمان ۲/۲ ۱۰ ۔مودودی صاحب اور ان کی سیاسی کشمکش جلد ۳)

سوال ......رائے ونڈ کی دیوبندی تبلیغی جماعت کے لوگوں کو جب ہم گستاخیاں دکھاتے ہیں تو وہ لوگ یہ کہتے:

اول ......ہمارے تو یہ عقائد ہی نہیں ایسے عقائد تو کسی مسلمان کے ہو ہی نہیں سکتے

دوم ......ہمارے علماء نے ہمارے مولویوں نے یہ گستاخیاں ہرگز نہیں لکھیں۔

سوم ......وہ تو بہت بڑے عالم ،نمازی اور تہجد گزار تھے۔ وہ بھلا ایسی گستاخیاں کیوں لکھیں گے۔؟

چہارم ......ان چھوٹی چھوٹی باتوں کو چھوڑو اور امت کو جوڑنے کی فکر کرو۔

جواب ......بے شک ایسے عقائد لکھنے والا مسلمان نہیں ہو سکتا لیکن تمہارے دیوبندی

نجدی، وہابی مولویوں نے اپنی کتابوں اور ترجمۂ قرآن میں یہ گستاخیاں بے ادبیاں اور غلطیاں کی ہیں اور آپ کے اپنے دیوبندی مکتبہ کی شائع کردہ یعنی دیوبندی نجدی وہابی دارالاشاعت کی چھاپی ہوئی کتابیں اور ترجمۂ قرآن ہمارے بے شمار علماء اہل سنت مفتیان عظام کے پاس محفوظ ہیں آپ دیکھ سکتے ہیں۔

آپ کے شیخ الہند، شیخ الحدیث، حکیم الامت کہلوانے والے مولویوں نے تو اس سے بھی زیادہ گستاخیاں، بے ادبیاں اور غلطیاں کی ہیں۔ اور یاد رکھیئے جہاں تک دیوبندی مولویوں کی تبلیغ، روزہ، حج، نماز، نوافل و تہجد وغیرہ عبادات کی بات ہے تو شیطان یعنی ابلیس بھی بہت بڑا عالم، عابد، زاہد حتی کہ ابلیس نے لاکھوں سال عبادت کی اور چپہ چپہ پر سجدہ کیا ہے اور پکا خالص توحیدی تھا، لیکن جب ابلیس نے اللہ تبارک وتعالیٰ کے پیارے نبی حضرت سیدنا آدم علیہ السلام کی تعظیم اور توقیر کا انکار کیا تو اللہ تبارک وتعالیٰ نے اُس کی ساری عبادت نامقبول کر کے لعنت کا طوق اس کے گلے میں ڈال کر اسے مردود قرار دے کر اپنی بارگاہ سے دھتکار دیا ابلیس کی توحید اور عبادت اس کے کسی کام نہ آئی اور ان دیوبندی، نجدی وہابی مولویوں نے تو اللہ تبارک وتعالیٰ اور رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم اور دیگر انبیاء کرام علیہم السلام کی شان میں بے شمار گستاخیاں اور بے ادبیاں کی ہیں جن کی حقیقی سزا تو انہیں اور ان کے چاہنے والے تبلیغیوں کو مرنے کے بعد ہی معلوم ہو گی۔

اس کتاب میں ہم نے قرآن مجید کے تیس ۳۰ پاروں کی نسبت سے فی الحال صرف تیس آیات کے تراجم کا موازنہ پیش کر کے مختصر بحث کی ہے اگر ان غلط تراجم پر تفصیل سے بحث کی جائے تو عوام الناس کو معلوم ہو جائے کہ رائے ونڈ کی

دیوبندی، تبلیغی جماعت کے دیو بندی، نجدی، وہابی مولویوں کے ترجمہ کی ایک ایک آیت میں کتنی کتنی غلطیاں ہیں جو کہ اہل علم پر مخفی نہیں۔

پھر اگر آپ کہتے ہیں کہ چھوٹی چھوٹی باتیں ہیں انہیں چھوڑ دو تو جواب یہ ہے کہ اگر آپ کے دیو بندی، نجدی وہابی مولویوں کے ترجمہ قرآن اور دوسری کتابوں میں یہ غلطیاں نہ لکھیں ہوتیں۔ اور اگر یہ چھوٹی چھوٹی غلطیاں ہوتیں تو مکہ مکرمہ اور مدینہ منورہ کے ۳۳ علمائے کرام اور پاک و ہند کے تقریباً ۲۵۳ علمائے کرام آپ کے دیو بندی، وہابی، نجدی مولویوں کے خلاف کفر کا فتویٰ نہ دیتے یاد رکھئے کہ اگر کوئی شخص دوسرے کے خلاف کفر کا فتویٰ دے اور اس شخص میں کفر والی بات نہ ہو تو وہ فتویٰ دینے والا خود کافر ہو جائے گا۔

اس لئے مکہ مکرمہ، مدینہ منورہ اور پاک و ہند بھر کے ان مشہور و معروف علماء کرام مفتیان عظام نے تسلی کرنے کے بعد خوب غور و فکر کرنے کے بعد ہی دیو بندی وہابی نجدی مولویوں کے خلاف کفر کا فتویٰ دیا ہے۔

سوال ......رائے ونڈ کی دیو بندی تبلیغی جماعت والے تو نمازیں بھی پڑھتے ہیں، روزے بھی رکھتے ہیں، حج بھی کرتے ہیں، زکوٰۃ بھی دیتے ہیں اور تبلیغ بھی کرتے ہیں یعنی دوسروں کو نیک اعمال کی دعوت بھی دیتے ہیں اور ہیں تو پھر یہ لوگ گمراہ اور بے دین کیسے ہو سکتے ہیں؟

جواب......

نماز اچھی روزہ اچھا ، حج اچھا ، زکوٰۃ اچھی
مگر میں باوجود اس کے مسلمان ہو نہیں سکتا

نہ جب تک کٹ مروں میں خواجۂ بطحا کی عزت پر
خدا شاہد ہے کامل میرا ایمان ہو نہیں سکتا

صحیح بخاری شریف جلد۲ صفحہ ۷۵۶ میں ہے کہ:

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ تعالٰی عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم فرما رہے تھے:

”تم میں سے ایک قوم نکلے گی۔ جن کی نمازوں کے مقابلہ میں تم اپنی نمازوں کو ہیچ سمجھو گے، ان کے روزوں کے مقابلہ میں تم اپنے روزوں کو انکے اعمال کے مقابلہ میں تم اپنے عملوں کو ہیچ سمجھو گے، وہ قرآن پڑھیں گے اور قرآن اِن کے حلق سے نیچے نہ اُترے گا وہ دین سے ایسے نکل جائیں گے جیسے تیر شکار سے نکل جاتا ہے۔ تیر کے سر کو دیکھا جائے تو شکار کا نشان تک نہ ہوگا۔ تیر کا زخم دیکھا جائے گا تو کوئی نشان نہ ملے گا۔ زخم کا داغ بھی نہ ہوگا ایسے ہی دین اُن کے اوپر اوپر سے ہی گزر جائے گا۔“

مزید ارشاد ہوتا ہے کہ:

”ان کا ایمان حلقوں سے نیچے نہ ہوگا۔ لمبی لمبی نمازیں پڑھیں گے لیکن ایمان سے خالی ہوں گے۔ وہ قرآن پڑھیں گے مگر ان کے حلق سے نیچے نہ اترے گا۔“

مزید ارشاد فرمایا:

”آخر زمانہ میں ایک قوم ہوگی وہ قرآن پڑھیں گے مگر قرآن ان کے حلق سے نیچے نہ اترے گا۔ یہ دین اسلام سے ایسے نکل جائیں گے جیسے تیر شکار

سے نکل جاتا ہے ان کی پہچان سر منڈانا ہے۔ وہ ہمیشہ اسلام سے خارج ہوتے رہیں گے اور یہ ساری مخلوق میں بدترین مخلوق ہیں۔

(نسائی شریف ۲/۱۷۴، ۱۷۵۔ مشکوٰۃ شریف ص: ۳۰۸، ۳۰۹)

صحیح بخاری شریف میں ہے کہ:

"حضرت عبداللہ ابن عمر رضی اللہ عنہما ان کو ساری مخلوق میں سے برا جانتے تھے اور ان کی ایک نشانی یہ بتاتے تھے کہ یہ لوگ قرآن مجید کی وہ آیات جو کفار و مشرکین کے بارے میں نازل ہوئیں ہیں ان ایات مبارکہ کو مسلمانوں پر چسپاں کرتے ہیں۔" (صحیح بخاری ۲/۱۰۲۴)

صحیح مسلم شریف میں ان کی ایک نشانی یہ ہے کہ:

"یہ لوگ قرآن مجید کے معنوں یعنی ترجمہ میں تحریف اور تاویل کریں گے"۔

اب قرآن واحادیث میں بتائی گئی مستند نشانیوں میں غور فرمایئے کہ کیا یہ نشانیاں ان دیوبندیوں، نجدی وہابیوں اور رائے ونڈ کی تبلیغی جماعت والوں میں ہیں یا نہیں، بے شک ہیں واقعی ہیں۔

اور اب قرآنِ مجید میں مزید غور فرمایئے۔ کیونکہ قرآن مجید میں بھی اس قسم کے لوگوں کے بارے میں وضاحت موجود ہے کہ جو نمازیں پڑھتے ہیں کلمہ پڑھتے ہیں یعنی وہ یہ کہتے ہیں کہ ہم اللہ تعالیٰ پر ایمان لائے اور آخرت پر ایمان لائے۔ مگر اللہ تعالیٰ ارشاد فرماتا ہے کہ یہ ہرگز ایمان والے نہیں جیسا کہ:

"اور کچھ لوگ کہتے ہیں کہ ہم اللہ اور پچھلے دن پر ایمان لائے اور وہ ایمان

والے نہیں۔" (سورۃ البقرۃ آیت:۸)

"اور اللہ گواہی دیتا ہے کہ منافق ضرور جھوٹے ہیں۔" (سورۃ المنافقون آیت:۱)

خوشخبری دو منافقوں کو کہ ان کے لئے دردناک عذاب ہے۔"

(سورۃ النساء آیت:۱۳۸)

اللہ نے منافق مردوں اور منافق عورتوں اور کافروں کو جہنم کی آگ کا وعدہ دیا ہے جس میں ہمیشہ رہیں گے۔" (سورۃ التوبہ آیت:۶۸)

بے شک اللہ کافروں اور منافقوں سب کو جہنم میں اکٹھا کرے گا۔

(سورۃ النساء آیت: ۱۴۰)

غور فرمایئے ! اللہ تبارک وتعالیٰ نے بظاہر نمازیں پڑھنے والوں کو کلمہ پڑھنے والوں کو یعنی ایمان کا دعوی کرنے والوں کو منافق قرار دیا ہے۔

یاد رکھیئے ! حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ مبارکہ میں بھی لوگوں کے تین گروہ ہوگئے تھے۔

ا...... مسلمان:

وہ ہے جس کے دل میں بھی ایمان واسلام ہو اور زبان پر بھی ایمان واسلام ہو۔

۲...... کافر

وہ ہے جس نے دل وزبان سے ایمان واسلام کا انکار کیا ہو۔

۳...... منافق

وہ ہے جو بظاہر زبان سے ایمان واسلام کا دعوٰی کرے لیکن اُس کا دل ایمان کے خلاف ہو۔ یعنی وہ لوگ جو حضور صلی اللہ علیہ وسلم اور صحابہ کرام علیہم الرضوان

کی شان وعظمت کا انکار کریں گے۔

اور قرآن وحدیث میں منافقین کی ایک نشانی یہ بھی بیان کی گئی ہے کہ وہ اللہ تعالیٰ کی وحدانیت، شان وعظمت کا تو اقرار کریں گے۔ لیکن رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی شان وعظمت، مقام ومرتبہ اور اختیارات کا انکار کریں گے یعنی اللہ تبارک وتعالیٰ کی بارگاہ میں تو خوب آئیں گے، نمازیں پڑھیں گے لیکن رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہِ رحمت سے دور بھاگیں گے جیسا کہ قرآن مجید سورۃ المنافقون آیت ۵ میں اللہ تبارک وتعالیٰ کا ارشاد ہے:

"اور جب اُن سے کہا جائے کہ آؤ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تمہارے لئے معافی چاہیں تو اپنے سر گھماتے ہیں اور تم انہیں دیکھو گے کہ غرور کرتے ہوئے منہ پھیر لیتے ہیں۔"

ان مندرجہ بالا آیاتِ مقدسہ میں رحمتِ عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہِ بے کس پناہ سے منہ پھیر کر بھاگنے والوں کو اللہ تبارک وتعالیٰ نے منافق قرار دیا ہے کیونکہ کافر تو ہے ہی کافر جس کی سزا جہنم کا عذاب ہے۔

سوال ......رائیونڈ کے دیوبندی تبلیغی جماعت والوں کو اور مودودی یا اہل حدیث کہلوانے والوں کو نجدی وہابی کیوں کہتے ہیں۔؟

جواب......گمراہ کن عقائد اور گستاخیوں کا یہ سلسلہ محمد بن عبدالوہاب نجدی سے شروع ہوا اور محمد بن عبدالوہاب نجدی ۱۱۱۱ھ بمطابق ۱۷۰۵ء کو نجد میں پیدا ہوا یہ نجد کا رہنے والا تھا اس لئے اسے نجدی کہتے ہیں اور اس کی پیروی کرنیوالوں کو اور اس کے چاہنے والے رائیونڈ کی دیوبندی تبلیغی جماعت والوں کو اور غیر مقلدین

یعنی اہل حدیث کہلوانے والوں کو عرف عام میں نجدی وہابی بھی کہتے ہیں۔

کیونکہ یہ رائیونڈ کی دیوبندی تبلیغی جماعت کے رہبر وراہنما مولوی رشید احمد گنگوہی فتاوی رشیدیہ میں لکھتا ہے کہ محمد بن عبدالوہاب نجدی کے عقائد عمدہ تھے۔ معاذ اللہ جبکہ اس میں محمد بن عبدالوہاب نجدی کے بارے میں اس کے والد گرامی اور اس کے اپنے بھائی علامہ سلیمان بن عبدالوہاب اور اس کے اپنے اساتذہ کرام شیخ محمد حیات السندی الحنفی اور مکہ مکرمہ میں مسجد حرام کے علماء ۱۳۲۵ء میں مفتی سید احمد بن زینی اور حضرت علامہ سید علوی الحداد رحمہم اللہ علیہم اجمعین وغیرہ فرماتے ہیں کہ محمد بن عبدالوہاب نجدی انبیاء ومرسلین علیہم السلام اور اولیاء وصالحین کی تنقیص اور توہین کرتا ہے اور یہ آئمہ اربعہ کے نزدیک بے شک کفر ہے اور اس محمد بن عبدالوہاب نجدی نے بے شمار دینی کتابوں کو جلایا علماء حق اور خواص وعوام کو ناحق قتل کرایا۔ (الدرر السنیہ ص: ۵۴،۵۳،۵۲)۔ الفجر الصادق ص: ۱۹)

حضرت پیر مہر علی شاہ صاحب گولڑوی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ:

"مرزا قادیانی کے سلسلہ ابحاث میں محمد بن عبدالوہاب نجدی اور اس کے ہم خیال معلق العنان لامذہب افراد کا ذکر بھی ضروری تھا کیونکہ یہ سب ایک ہی تھیلی کے چٹے بٹے ہیں۔ (سیف چشتیائی ص: ۱۰۳)

مسلمانو! غور فرمائیے کہ حضرت پیر مہر علی شاہ صاحب گولڑوی رحمۃ اللہ علیہ نے بالکل واضح طور پر فرما دیا ہے کہ مرزا قادیانی اور محمد ابن عبدالوہاب نجدی اور اس کے تمام ہم خیال ہم عقیدہ افراد بے شک یقیناً بدمذہب ہیں اور یہ سب وہابی نجدی اور مرزائی قادیانی ایک ہی تھیلی کے چٹے بٹے ہیں۔

محمد بن عبدالوہاب نجدی کے عقائد کی ایک جھلک ملاحظہ فرمائیں:

حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا مزار گرا دینے کے لائق ہے اگر میں اس کے گرا دینے پر قادر ہو گیا تو گرا دوں گا۔ معاذ اللہ (اوضح البراہین ص:۸)

میری لاٹھی محمد صلعم سے بہتر ہے کیونکہ اس سے سانپ مارنے کا کام لیا جا سکتا ہے اور محمد مر گئے اس سے کوئی نفع باقی نہ رہا۔ (معاذ اللہ) (اوضح البراہین ص:۸)

محمد بن عبدالوہاب کے گستاخانہ عقائد کو برصغیر پاک و ہند میں پھیلانے والا شخص اسماعیل دہلوی تھا جس نے تقویۃ الایمان کے نام سے گستاخانہ کتاب لکھی۔ اور یہ اسماعیل دہلوی جسے غیرت مند پٹھانوں نے گستاخانہ عقائد، مسلمانوں کی مخالفت کرنے انگریزوں اور ہندوؤں کی حمایت کرنے کے جرم میں قتل کر دیا تھا اور پھر سکھوں نے اس کو دفن کر دیا۔

جبکہ رائیونڈ کی تبلیغی جماعت کے دیوبندی مولوی تو اس اسماعیل دہلوی قتیل کو اپنا امام و پیشوا مانتے ہیں اور اس کی تصنیف کردہ کتاب "تقویۃ الایمان" کی مکمل تائید و حمایت کرتے ہیں جیسا کہ رائے ونڈ کی تبلیغی جماعت کے بانی مولوی الیاس میواتی کے استاد رشید احمد گنگوہی دیوبندی "فتاوی رشیدیہ" میں لکھتا ہے کہ:

"تقویۃ الایمان کے سب مسائل صحیح ہیں اور تمام تقویۃ الایمان پر عمل کیا جائے کیونکہ یہ نہایت عمدہ کتاب ہے اس کا پڑھنا عین اسلام ہے"

جبکہ علماء اہل سنت کا عقیدہ یہ ہے کہ اسماعیل دہلوی کی کتاب "تقویۃ الایمان" انبیاء کرام علیہم السلام اور اولیاء کرام رحمہم اللہ کی توہین و تنقیص، گستاخیوں اور کفریہ عقائد کا مجموعہ ہے۔

اور اس اسماعیل دہلوی کا تعلق حضرت شاہ ولی اللہ محدث دہلوی اور عبدالعزیز دہلوی رحمۃ اللہ علیہ کے معزز خاندان سے تھا، لیکن جب سے اسماعیل دہلوی نے اہلسنت کے عقائد کو چھوڑ کر ابن عبدالوہاب نجدی کے گمراہ کن اور گستاخانہ عقائد کو اپنایا تھا اور ان گستاخانہ عقائد کو فروغ دینا شروع کیا تھا تو اس کے تمام بزرگوں نے اور خاندان والوں نے اس وقت کے تمام علماء اہل سنت نے بھی اس کے گستاخانہ عقائد کا سختی سے رد کیا اور اس کے خلاف باقاعدہ کتب تصنیف فرمائیں۔

اور پھر اسی محمد بن عبدالوہاب نجدی کے گروہ میں مولوی اسماعیل دہلوی، مولوی رشید احمد گنگوہی، مولوی خلیل احمد انبیٹھوی، مولوی اشرف علی تھانوی دیوبندی اور مولوی محمد قاسم نانوتوی دیوبندی بھی شامل ہوتے گئے اور اس کے عقائد و تعلیمات کے مطابق تبلیغ کرتے رہے اور پھر ان علماء دیوبند کے مرید خاص، شاگرد خاص مولوی الیاس میواتی نے رائے ونڈ کی تبلیغی جماعت کی بنیاد رکھی۔

آیئے! اب رائے ونڈ کی تبلیغی جماعت کے اکابرین کے زبان سے پوچھتے ہیں کہ وہ کون ہیں یعنی ان کا تعلق کس فرقہ سے ہے یہ ان کی اپنی کتابوں سے معلوم کرتے ہیں۔

کتاب کا نام حضرت مولانا الیاس اور ان کی دینی دعوت صفحہ ۵۶ مصنف مولانا سید ابوالحسن علی ندوی:

"مولانا رشید احمد گنگوہی بالعموم بچوں اور طالب علموں کو بیعت نہیں کرتے تھے فراغت و تکمیل کے بعد اس کی اجازت ہوتی تھی مگر مولانا الیاس صاحب کے غیر معمولی حالات کی بنا پر ان کی خواہش اور درخواست کی بنا پر

انہیں رشید احمد گنگوہی صاحب نے بیعت کر لیا۔"

لیجئے! تبلیغی جماعت کے بانی مولوی الیاس صاحب علماء دیوبند کے رہنما و پیشوا مولانا رشید احمد گنگوہی کے مرید تھے۔

صفحہ نمبر ۵۷ پر ہے کہ مولانا رشید احمد گنگوہی کی وفات کے بعد مولانا الیاس نے شیخ الہند محمود الحسن دیوبندی سے درخواست کی تو ان کے مشورہ پر مولانا الیاس نے مولوی خلیل احمد انبیٹھوی کی نگرانی اور رہنمائی میں سلوک کی منازل طے کیں۔

ملفوظات مولانا الیاس صفحہ ۵۶ میں رائے ونڈ کی تبلیغی جماعت کے بانی مولانا الیاس صاحب فرماتے ہیں کہ حضرت تھانوی نے بہت بڑا کام کیا ہے بس میرا دل چاہتا ہی کہ تعلیم تو اشرف علی تھانوی کی ہو اور طریقہ تبلیغ میرا ہو کہ ان کی تعلیم عام ہو جائے گی۔

مزید صفحہ ۶۷ پر مولانا الیاس صاحب فرماتے ہیں کہ:

"حضرت تھانوی سے تعلق بڑھانے، حضرت کی برکات سے استفادہ کرنے اور ساتھ ہی ساتھ ترقی درجات کی کوششوں میں حصہ لینے اور حضرت تھانوی کی روح کی مسرتوں کو بڑھانے کا سب سے اعلیٰ اور محکم ذریعہ یہ ہے کہ حضرت کی تعلیمات حقہ اور ہدایات پر استقامت کی جائے اور ان کو زیادہ سے زیادہ پھیلانے کی کوشش کی جائے۔"

غور فرمایئے! عبارت کا ہر ہر لفظ چیخ چیخ کر بتا رہا ہے کہ رائے ونڈ کی تبلیغی جماعت کی جدوجہد کا مرکز اللہ تبارک وتعالیٰ اور رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی خوشنودی نہیں ہے بلکہ تھانوی صاحب کی خوشنودی اور ان کی مسرتوں کو بڑھانا

اور تھانوی صاحب کی تعلیمات کو پھیلانا مقصود ہے۔

تبلیغی جماعت کی اہم شخصیت یعنی مولوی ذکریا صاحب جو تبلیغی نصاب اور تبلیغی جماعت کی دیگر کتب کے مصنف ہیں ان کا اپنا قول بھی سن لیجئے۔

کتاب: سوانح حضرت مولانا یوسف امیر تبلیغی جماعت پاک و ہند، مصنف محمد حسن ثانی۔ ص: ۱۹۳

"مولانا ذکریا شیخ الحدیث مظاہر علوم سہارنپور نے کہا میں خود بہت بڑا وہابی ہوں"

یہ بات تو واضح طور پر ثابت ہوگئی کہ رائے ونڈ کی تبلیغی جماعت والے پکے خالص دیوبندی، نجدی، وہابی ہیں اور یہ بات اس لئے بھی ثابت ہے کہ تبلیغی جماعت کے جتنے بھی اجتماعات ہوتے ہیں چاہے رائے ونڈ کا سالانہ اجتماع ہو یا دوسرے چھوٹے اجتماعات ان سب اجتماعات میں دیوبندی وہابی عقیدہ رکھنے والے علماء کو یا دیوبندی، وہابی مدرسوں سے تعلیم یافتہ، فارغ شدہ، سند یافتہ، مولوی حضرات کو ہی تقریر یا تلاوت کے لئے بلایا جاتا ہے اور یہ تبلیغی جماعت والے اپنے مبلغین کو حفظ قرآن یا درس نظامی یا عالم فاضل کورس کے لئے بھی دیوبندی وہابی مدرسوں اور دارالعلوم ہی میں بھیجتے ہیں۔

اور تبلیغی جماعت کے ہر اجتماع میں اور رائے ونڈ کے مرکزی اجتماع میں بھی دینی یعنی اسلامی کتابوں کے جتنے بھی اسٹال لگتے ہیں ان سب اسٹالوں پر دیوبندی وہابی ترجمہ والے قرآن مجید اور دیوبندی وہابی علماء کی تصنیف کردہ کتابیں ہی فروخت کی جاتی ہیں۔

سوال ..... جناب علامہ صاحب آج کل بے شمار تحریکیں، جماعتیں اور بے شمار علماء

درس قرآن، تعلیم قرآن، درس حدیث اور دعوت و تبلیغ اور جہاد کے نام پر ہمیں اپنے اپنے اجتماع یا درس و بیان میں شرکت کے لئے بلاتے ہیں وہ لوگ یہ کہتے ہیں کہ ہمارا کسی فرقے سے تعلق نہیں ہم تو بس مسلمان ہیں تو ایک عام مسلمان اُن سب میں حق اور باطل کو کیسے پہچان سکتا ہے۔؟

جواب..... مسلک حق یعنی حق فرقہ کی پہچان کا سادہ آسان اور بہترین طریقہ یہ ہے کہ آپ اسلام کی بات کرنے والے اس شخص سے یہ سوال کریں کہ جناب آپ کس ترجمۂ قرآن سے تبلیغ کرتے ہیں؟ اب اگر وہ یہ کہے کہ جناب الحمدللہ ہم ترجمۂ قرآن کنزالایمان سے تبلیغ کرتے ہیں تو پھر بے شک وہ حق فرقہ سے تعلق رکھتا ہے کیونکہ تبلیغ کے لئے قرآن مجید سنا کر اپنے پاس سے اس کا ترجمہ کرنا ایمان کی بربادی کا باعث ہوسکتا ہے اور ہر شخص کو قرآن مجید کا ترجمہ اپنے پاس سے کرنے کی اجازت نہیں ہے اس لئے ہر درسِ قرآن کرنے والے کو، ہر وعظ و بیان کرنے والے کو کسی نہ کسی عالمِ دین کا ترجمہ سے استفادہ کرنا پڑے گا۔ اور بے شک اردو زبان میں قرآن مجید کا سب سے بہترین ترجمہ، کنزالایمان شریف ہے۔ اور اگر وہ یہ کہے اس بات کو چھوڑو ہم تو بس مسلمان ہیں اور ہمارا تعلق کسی فرقہ سے نہیں ہم تو بس قرآن وحدیث کی بات کرتے ہیں تو جان لیجئے کہ ایسا شخص پکا منافق ہے اور یہ اپنے اصل عقیدے کو چھپا رہا ہے۔

کیونکہ جو بھی مسلمان ہونے کا دعویٰ کرتا ہے اس کا تعلق کسی نہ کسی فرقہ سے تو لازمی وضروری ہے، یہ تو ممکن ہی نہیں کہ مسلمان کہلوانے والا کسی بھی فرقہ سے تعلق نہ رکھے اور جس کا کسی فرقہ سے تعلق نہیں ہے پھر یا تو وہ ہندو ہے یا سکھ

یا عیسائی ہے یا پھر وہ یہودی ہے۔ اس لئے مسلمان کہلوانے والا یقیناً کسی نہ کسی فرقہ سے تعلق رکھتا ہے اور اگر وہ اپنا فرقہ چھپاتا ہے تو وہ پکا منافق ہے۔

حرفِ آخر……دعوتِ اتفاق واتحاد

سوال……اَب اس وقت ساری دنیا کے مسلمانوں میں اتفاق واتحاد کیسے ہوسکتا ہے؟

جواب……الحمدللہ عزوجل ہم ساری دنیا کے مسلمانوں میں اتفاق واتحاد چاہتے ہیں۔

رائے ونڈ کی دیوبندی تبلیغی جماعت کی خدمت میں دردبھری گذارش

اگر آپ واقعی تبلیغ کرکے اسلام کو پھیلانا چاہتے ہیں اور امت کو جوڑنا چاہتے ہیں تو فوری طور پر تحریراً اس بات کا اعلان کردیں کہ رائے ونڈ کی تبلیغی جماعت کا ''دیوبندی مولویوں'' سے یا ''دارالعلوم دیوبند'' سے کسی قسم کا کوئی تعلق نہیں ہے۔

اور آج ہی سے امام اہل سنت مجدد دین وملت، الشاہ مولانا احمد رضا خان علیہ الرحمۃ الرحمٰن فاضلِ بریلوی شریف کے ترجمۂ قرآن ''کنزالایمان'' کے مطابق تبلیغ شروع کردیجئے تو پھر ہم سب اور پوری دنیا کے مسلمان آپ کے ساتھ اتفاق واتحاد کرنے کے لئے تیار ہیں۔

کیا ہمارے لیے اللہ کافی نہیں؟

گمراہی: لیکن بعض لوگ کھلے بندوں یہ دعویٰ کرتے ہیں کہ غوث، داتا، مشکل کشا، گنج بخش، غریب نواز اور دستگیر صرف اللہ ہی ہے کوئی نبی ولی مشکل کشا حاجت روا اور داتا نہیں ہو سکتا۔ حالانکہ یہ بات بالکل غلط اور اسلامی تعلیمات کے سراسر خلاف ہے۔ ذیل میں قرآن حدیث کی چند گواہیاں پیش خدمت ہیں۔ ۔۔۔ انہیں پڑھیے! ۔۔۔ سمجھیے! ۔۔۔ اور اپنے عقائد کی اصلاح کیجیے!

دستگیر

پریشانی دور کرنیوالا، حمایت کرنیوالا

- اگر یہ لوگ اپنی جانوں پر ظلم کرلیں تو (محبوب! ﷺ) تیرے پاس حاضر ہو کر معافی مانگیں اور رسول بھی انکے لیے معافی مانگے یعنی انکی حمایت کرے تو ضرور اللہ کو بخشنے والا اور رحم کرنے والا پائیں گے۔ (النساء ۶۴)
- (فرشتو!) تم مومنوں کو ثابت قدم رکھو یعنی انکی دستگیری کرو۔ (الانفال ۱۲)
- اچھے کاموں میں ایک دوسرے کی دستگیری کرو۔ (المائدہ ۲)
- جو اپنے بھائی کی پریشانی دور کرے اور حاجت روائی کرے تو اللہ اسکی حاجت روائی اور پریشانی دور کریگا۔ (بخاری ۱/۳۳۰)

مشکل کشا

مشکل اور سختی دور کرنیوالا

- حضرت عیسیٰ مادرزاد اندھوں اور برص کے مریضوں کو شفا اور مردوں کو زندہ کرتے۔ (آل عمران ۴۹)
- (حضور اکرم) مسلمانوں سے دشواریاں دور کرتے اور سختی کی زنجیریں توڑ دیتے ہیں۔ (الاعراف ۱۵۷)
- حدیبیہ کے مقام پر پانی کی مشکل بنی تو حضور ﷺ اپنی انگلیوں سے چشمے جاری کرکے مشکل کشائی فرمائی (بخاری ۱/۵۰۵)
- حضرت جابر کے بیماری کی وجہ سے ہوش ٹھکانے نہ رہے تو آپ نے وضو کا پانی چھڑک کر سختی دور کردی۔ (بخاری ۱/۳۲)
- حضرت ابوبکر کو سانپ نے ڈسا، حضرت علی کو آنکھ کا مرض ہوا، حضرت عبداللہ بن عتیک اور حضرت سلمہ بن اکوع کی پنڈلی ٹوٹ گئی تو حضور ﷺ نے صرف اپنا لعاب دہن لگا کر مشکل حل کردی۔ (مشکوۃ ۵۵۶، بخاری ۱/۵۲۵، مشکوۃ ۵۳۲، ۵۳۳)

گنج بخش

خزانے دینے والا، سخی اور غنی

- (محبوب!) خدا نے تجھے محتاج پایا تو غنی کر دیا۔ (الضحیٰ ۸)
- ہم نے آپ کو بے حد و بے حساب خزانے دیے ہیں۔ (الکوثر ۱)
- (اے سلیمان!) یہ ہماری عطا ہے چاہو کسی کو بخش دو یا پاس رکھو۔ (ص ۳۹)
- حضور ﷺ نے فرمایا، مجھے سرخ و سفید خزانے دیے گئے۔ (مسلم ۲/۳۹۰)
- مجھے زمین کے خزانوں کی چابیاں عطا کی گئی ہیں۔ (بخاری ۱/۵۰۹، مسلم ۲/۲۵۰)
- خزانے میرے پاس ہیں میں تقسیم کرتا ہوں۔ (بخاری ۱/۴۳۹، مسلم ۲/۳۳۳)

غوث

فریاد کو سننے والا

- اللہ تعالیٰ، اسکا رسول اور ایمان والے تمہارے مددگار ہیں۔ (المائدہ ۵۵)
- اللہ تعالیٰ، جبرائیل، نیک لوگ اور فرشتے (بھی) مددگار ہیں۔ (التحریم ۴)
- مومن مرد اور مومن عورتیں آپس میں ایک دوسرے کے مددگار ہیں۔ (التوبہ ۷۱)
- ایک صحابی کو حضور ﷺ نے خود سکھایا کہ مشکل کشائی کیلئے دعا میں مجھے بھی پکارنا۔ (ابن ماجہ ۱۰۰)
- حضرت عمرو بن سالم نے مکہ کی گلیوں میں حضور ﷺ کو پکارا آپ نے مدینہ میں ہی ان کی مدد فرمائی۔ (طبرانی صغیر ۲/۷۳، الاصابہ ۲/۵۳۹)

غریب نواز

غریبوں کو نوازنے والا

- اللہ اور رسول ﷺ نے انہیں اپنے فضل سے غنی کر دیا۔ (التوبہ ۷۴)
- (محبوب!) کسی سوالی کو (بھی) نہیں جھڑکنا۔ (الضحیٰ ۱۰)
- اسے اللہ اور اسکے رسول ﷺ نے غنی کر دیا۔ (بخاری ۱/۱۹۸)
- حضور ﷺ کسی سوالی کو خالی نہ لوٹاتے۔ (بخاری ۲/۸۶۵)

داتا

دینے والا

- حضرت جبریل نے کہا مریم! میں تجھے پاک بیٹا دینے آیا ہوں۔ (مریم ۱۹)
- (کاش) یہ لوگ اللہ اور رسول ﷺ کے دیے پر راضی ہو جاتے۔ (التوبہ ۵۹)
- حضور ﷺ نے فرمایا ربیعہ مانگ لو، عرض کیا جنت میں آپ کی رفاقت مانگتا ہوں۔ فرمایا مزید جو چاہتے ہو مانگ لو، عرض کیا یہی کافی ہے۔ (مسلم ۱/۱۹۳)
- آپ ﷺ نے فرمایا: اعرابی! مانگ جو تیرا جی چاہے۔ (مجمع الزوائد ۱۰/۱۷۳)

قرآن حدیث کی ان گواہیوں سے معلوم ہوا کہ انبیاء کرام اور اولیاء عظام کو اللہ تعالیٰ نے وسیع اختیارات دے کر داتا، غریب نواز، مشکل کشا، گنج بخش اور غوث بنایا ہے۔ جو لوگ بتوں والی آیتیں نبیوں ولیوں پر چسپاں کرتے ہیں حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ کا انکے متعلق فتویٰ ہے کہ وہ مخلوق میں سب سے بدترین ہیں۔ (بخاری ۲/۱۰۲۴)